اہل بلوچستان کی آواز باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC کون جانے کس گھڑی وقت کا بدلے مزاج

Daily WAQT Quetta

Member Of APNS

روزنامہ وقت کوئٹہ

Email:dailywaqt.qta@gmail.com

ایڈیٹر انچیف شاہ زمان کاکڑ

dailywaqtquetta.com

جلد نمبر:27 — بروز بدھ 13 مئی 2026ء قیمت 15 روپے صفحات 4 — شمارہ نمبر:206

وزیراعظم: قوم دہشتگردی کے ناسور کے خلاف فوج کے ساتھ کھڑی ہے

وزیراعظم نے شہید لیاقت کو حب الوطنی کی اعلیٰ مثال قرار دیتے ہوئے کہا کہ ایسے نڈر شہری دہشت گردی کے خلاف جنگ میں قوم کے لیے مشعل راہ ہیں جن کی لازوال قربانی کو تاریخ میں ہمیشہ سنہری حروف سے یاد رکھا جائے گا

وزیراعظم شہباز شریف نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پوری قوم دہشت گردی کے ناسور کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے کے لیے اپنی سکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے اور دشمن کے تمام ناپاک عزائم کو باہمی اتحاد سے ناکام بنایا جائے گا۔

اسلام آباد (اے این این) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے پنجاب اور خیبرپختونخوا کے بین صوبائی علاقے جنڈ اور خوشحال گڑھ پل، کوہاٹ کے قریب دہشت گردی کی بڑی کارروائی ناکام بنانے والے بہادر شہری شہید لیاقت کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ جاری بیان کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ ایک ذمہ دار شہری کی حیثیت سے لیاقت نے مشتبہ شخص کو روک کر اس کی شناخت پوچھی، جس پر دہشت گرد نے خود کو دھماکے (بقیہ 2 اندرونی صفحہ 2 پر)

معرکہ حق کی پہلی سالگرہ، پیرس میں پاکستانی سفارتخانے کی تقریب

سفیر ممتاز زہرا بلوچ نے پاکستان کی نمایاں کامیابیوں کو اجاگر کیا

پیرس (یو این اے) فرانس کے دارالحکومت پیرس میں پاکستانی سفارتخانے نے معرکہ حق کی پہلی سالگرہ کے موقع پر ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا جس میں (بقیہ 5 اندرونی صفحہ 2 پر)

پاکستان کی سب سے بڑی کوکین ڈیلر بغیر ہتھکڑی پروٹوکول میں عدالت پیش

کراچی (بی این ایم) پاکستان کی سب سے بڑی کوکین ڈیلر انمول پنکی کو پولیس نے بغیر ہتھکڑی پروٹوکول میں عدالت میں پیش کر دیا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ کوکین ڈیلر انمول عرف پنکی کو صبح گرفتار کیا گیا تھا، اور اس نے دوران حراست کہا تھا کہ وہ جلد رہا ہو (بقیہ 4 اندرونی صفحہ 2 پر)

آئی جی ایف سی نارتھ کا دورہ ڈیرہ بگٹی، گرینڈ جرگے میں شرکت

ڈیرہ بگٹی کی ترقی اور عوام کی خوشحالی ہماری اولین ترجیح ہے، میجر جنرل عاطف مجتبیٰ

ڈیرہ بگٹی (یو این اے) آئی جی ایف سی بلوچستان نارتھ میجر جنرل عاطف مجتبیٰ ایک روزہ دورے پر ڈیرہ بگٹی پہنچ گئے جہاں ان کا پرتپاک استقبال کیا گیا۔ استقبال کرنے والوں میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے چھوٹے بھائی میر آفتاب بگٹی، ڈسٹرکٹ چیئرمین ڈیرہ بگٹی وڈیرہ غلام نبی، ڈپٹی کمشنر ڈیرہ بگٹی، قبائلی عمائدین، سیاسی و سماجی شخصیات اور دیگر حکام بھی شامل تھے۔ دورے کے دوران میجر جنرل عاطف مجتبیٰ نے گرینڈ جرگے (بقیہ 3 اندرونی صفحہ 2 پر)

کوئٹہ: وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بی ٹیوٹا کے دسویں بورڈ اتھارٹی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اوورسیز یوتھ پروگرام میں سست روی، وزیراعلیٰ کا ذمہ داران کے خلاف سخت کارروائی کا حکم

میر سرفراز بگٹی نے بی ٹیوٹا کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لیے غیر معمولی اصلاحات، مارکیٹ بیسڈ ٹریننگ پروگرامز اور نوجوانوں کو عالمی معیار کی ہنرمندی سکھا کر بین الاقوامی مارکیٹ میں روزگار فراہم کرنے کے لیے جامع پلان تیار کرنے کا حکم دے دیا

وزیراعلیٰ نے اوورسیز یوتھ ایمپلائمنٹ پروگرام میں سست روی کا مظاہرہ کرنے والی فرم کے خلاف سخت کارروائی کا حکم دیتے ہوئے بیرون ملک مقیم نوجوانوں کے مسائل کے فوری حل اور معاہدوں کی خلاف ورزی پر متعلقہ کمپنیوں کو بلیک لسٹ کرنے کی دوٹوک ہدایت کر دی

کوئٹہ (ان ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت بلوچستان ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی بورڈ کا 10واں اجلاس یہاں چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا جس میں مشیر برائے محنت و افرادی قوت سردار غلام رسول عمرانی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان اور متعلقہ حکام نے شرکت کی اجلاس میں ادارہ جاتی اصلاحات، کارکردگی، مالی نظم و ضبط اور سالانہ مالی امور سے متعلق مختلف ایجنڈا آئٹمز کی منظوری دی گئی اجلاس میں بلوچستان ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی کو فعال، موثر اور دور جدید کے تقاضوں سے ہم آہنگ بنانے کے لیے غیر معمولی اقدامات اٹھانے کا فیصلہ کیا گیا اس موقع پر صوبے کے نوجوانوں کو بااختیار بنانے کے لیے (بقیہ اندرونی صفحہ 2 پر)

نظام انصاف کو جدید بنانے کے لیے بین الاقوامی شراکت داری ضروری ہے، اعظم نذیر تارڑ

وفاقی جوڈیشل اکیڈمی کے ذریعے پاکستان اور کینیڈا میں قانونی تعاون مضبوط کریں گے، وفاقی وزیر قانون و انصاف

عدالتی اصلاحات میں کینیڈا کا تعاون قابل قدر ہے، وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ کی ہائی کمشنر سے گفتگو، پاک کینیڈا تعاون بڑھانے پر اتفاق

اسلام آباد (یو این اے) وفاقی وزیر قانون و انصاف اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ حکومت انصاف کی فراہمی کے نظام کو جدید خطوط پر استوار کرنے اور عدالتی اصلاحات کو آگے بڑھانے کے لیے بین الاقوامی شراکت داری کو فروغ دے رہی ہے جبکہ وفاقی جوڈیشل اکیڈمی کے ذریعے تربیتی پروگرامز اور پیشہ ورانہ استعداد میں اضافے سے پاکستان اور کینیڈا کے درمیان قانونی تعاون مزید مضبوط ہوگا۔ وزارت قانون و انصاف کے مطابق انہوں نے یہ بات کینیڈا کے ہائی کمشنر طارق علی خان سے ملاقات کے دوران (بقیہ 18 اندرونی صفحہ 2 پر)

ٹرمپ پر قاتلانہ حملہ، ملزم نے عدالت میں تمام الزامات مسترد کر دیے

استغاثہ کو دفاع کی درخواست پر 22 مئی تک جواب جمع کرانے کی ہدایت

واشنگٹن (اے این این) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ پر قاتلانہ حملے کی کوشش کے ملزم نے عدالت میں تمام الزامات سے انکار کر دیا۔ امریکی میڈیا رپورٹس کے مطابق 31 سالہ کول ایلن نے واشنگٹن کی وفاقی عدالت میں پیش ہو کر خود کو بے گناہ قرار دیا، تاہم اس کی جانب سے بے گناہی کی درخواست جمع کرائی گئی۔ سماعت کے دوران ملزم کول ایلن کو نارنجی قیدیوں کے لباس اور ہتھکڑیوں میں عدالت لایا گیا، کیس کی سماعت امریکی ڈسٹرکٹ جج ٹریور میک فیڈن نے کی۔ دوسری جانب ملزم کے وکیل یوجین اوہم نے موقف اختیار کیا کہ قائم مقام اٹارنی جنرل ٹوڈ بلانش اور امریکی اٹارنی جینین پیرو (بقیہ 16 اندرونی صفحہ 2 پر)

صحت کی بنیادی سہولیات کی فراہمی نرسز کی خدمات کے بغیر ممکن نہیں، وزیراعظم

اسلام آباد (بی ایم ایس) نرسز کے عالمی دن پر میں دنیا بھر اور بالخصوص پاکستان میں شعبہ طب سے منسلک مرد و خواتین نرسز کی انسانیت کی بے لوث خدمت پر خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔ عالمی سطح پر انٹرنیشنل کونسل آف نرسز کی جانب سے مختص کردہ یہ دن شعبہ طب میں باہمی عالمی تعاون کی اہمیت کو بھی اجاگر (بقیہ 26 اندرونی صفحہ 2 پر)

ڈاکٹر لعل خان کاکڑ کی رہائش گاہ پر اہم اجلاس، سیاسی تحریک شروع کرنے کا اعلان کر دیا

یہ تحریک عوام کے امنگوں کی ترجمانی کرتے ہوئے سماجی اور سیاسی سطح پر قابل رشک تعمیری کردار ادا کرے گی

کوئٹہ (پ ر) شہید ایڈووکیٹ باز محمد کاکڑ فاؤنڈیشن کے چیئرمین ڈاکٹر لعل خان کاکڑ کی رہائش گاہ پر ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس کی صدارت ڈاکٹر لعل خان کاکڑ نے کی اجلاس میں سیاسی کارکنوں، وکلاء، طلباء، مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والوں کے علاوہ وسیع برادری کے افراد نے بھی کثیر تعداد میں شرکت کی۔ ڈاکٹر لعل خان کاکڑ نے اس موقع پر اپنے دوستوں، ساتھیوں، حامیوں اور مداحوں کے ہمراہ باقاعدہ طور پر سیاست میں قدم رکھنے کے فیصلے کا اعلان کیا اس سیاسی و سماجی تحریک کا مقصد بلوچستان، (بقیہ اندرونی صفحہ 2 پر)

قومی اسمبلی میں اہم بل منظور، شرخان کو خراج تحسین پیش

اسلام آباد (بی ایم ایس) قومی اسمبلی کے اجلاس کے دوران مختلف اہم قانون سازی کی گئی اور قراردادیں بھی منظور کی گئیں جبکہ ممتاز پاکستانی شرخان کو شاندار کامیابی پر خراج تحسین پیش کیا گیا۔ ایوان میں فوجداری قوانین ترمیمی بل 2025 پیش کیا گیا، جسے مزید غور کے لیے متعلقہ کمیٹی کے سپرد کر دیا گیا، بل رکن اسمبلی باز بلوچ نے پیش کیا تھا جبکہ (بقیہ 10 اندرونی صفحہ 2 پر)

مجھے لکھی ہوئی تقریر کرنے کا شوق نہیں، میں دل کی باتیں کرنا چاہتی ہوں، مریم نواز

میری ماں مجھے ڈاکٹر بنانا چاہتی تھیں لیکن میں کبھی بھی ڈاکٹر نہیں بننا چاہتی تھی، کالج فار ویمن یونیورسٹی میں خطاب

لاہور (بی این ایم) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کا کہنا ہے کہ مجھے لکھی ہوئی تقریر کرنے کا شوق نہیں، میں دل کی باتیں کرنا چاہتی ہوں۔ لاہور کالج فار ویمن یونیورسٹی میں 21 ویں کانووکیشن سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بہت پرانی بات نہیں ہے، 1989 میں یہاں سے میں ایف ایس سی کر رہی تھی، میری والدہ مجھے ڈاکٹر بنانا چاہتی تھیں، لیکن میں کبھی ڈاکٹر نہیں بننا چاہتی تھی، ان کے کہنے پر میں میڈیکل میں چلی تو گئی لیکن ایک سال بعد انہوں نے کہا جو کرنا ہے کرو پھر میں نے انگلش لٹریچر میں ماسٹرز کیا۔ مریم نواز کہتی ہیں کہ اس جماعت سے تعلق رکھتی ہوں جہاں چند سال پہلے تک خواتین اگلی صفوں میں موجود نہیں (بقیہ 9 اندرونی صفحہ 2 پر)

ایران جنگ کا روس کو فائدہ، اپریل میں تیل کی آمدن میں اضافہ ریکارڈ

ماسکو (اے این این) روس کی اپریل 2026 میں تیل اور گیس سے حاصل ہونے والی آمدن میں 39 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ روسی کاروباری روزنامہ کومرسانت کی وزارت خزانہ کے اعداد و شمار کے حوالے سے رپورٹ کے مطابق یہ پہلا ماہانہ اضافہ ہے جو ایران جنگ کے باعث دیکھا گیا اور اس نے مزید کہا کہ مارچ میں یورال کروڈ کی قیمت 77 (بقیہ 30 اندرونی صفحہ 2 پر)

اسلام آباد: وزیراعظم محمد شہباز شریف غذائی تحفظ اور کھاد کی دستیابی سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ملک کے 79 اضلاع میں خصوصی انسداد پولیو مہم 18 مئی سے شروع ہوگی

اسلام آباد (اے این این) نیشنل ایمرجنسی آپریشن سینٹر (این ای او سی) نے اعلان کیا ہے کہ ملک بھر کے 79 مخصوص اضلاع میں 18 مئی سے خصوصی انسداد پولیو مہم کا آغاز کیا جائے گا، جو 24 مئی تک جاری رہے گی۔ نیشنل ای او سی کے اعلامیے کے مطابق مہم کے دوران ایک کروڑ 90 لاکھ بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے جبکہ ایک لاکھ 60 ہزار سے زائد پولیو ورکرز اس قومی مہم میں فرائض سرانجام دیں گے۔ ای او سی کا کہنا ہے کہ خصوصی انسداد پولیو مہم پاکستان اور افغانستان میں بیک وقت منعقد کی جا رہی ہے تاکہ وائرس کے پھیلاؤ کو موثر انداز میں روکا جا سکے۔ اعداد و شمار کے مطابق پنجاب کے (بقیہ 28 اندرونی صفحہ 2 پر)

لوگوں کو ایران سے پٹرول لا کر بیچنے کی اجازت دی جائے، دنیش کمار

پٹرول 300 روپے فی لیٹر دستیاب ہوسکیگا، سینیٹر کی تجویز

اسلام آباد (اے این این) ایوان بالا کے اجلاس میں سینیٹر دنیش کمار نے حکومت کو تجویز پیش کی کہ لوگوں کو ایران سے پٹرول لا کر بیچنے کی اجازت دی جائے، اس فیصلے سے پاکستان میں پٹرول 300 روپے فی لیٹر کی قیمت پر دستیاب ہو سکے گا۔ سینیٹ اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے سینیٹر دنیش کمار نے بلوچستان کے عوام کے روزگار اور سستا پٹرول فراہم کرنے کے حوالے سے اہم تجاویز پیش کیں۔ سینیٹر دنیش کمار نے مطالبہ کیا ہے کہ بلوچستان کے لوگوں کو ایران سے پٹرول لا کر فروخت کرنے کی باقاعدہ اجازت دی جائے، اگر حکومت اس فیصلے پر عملدرآمد کرتی ہے تو پاکستان میں پٹرول 300 روپے فی لیٹر کی قیمت پر دستیاب ہو سکے گا۔ انہوں نے تجویز دی کہ ایران (بقیہ 27 اندرونی صفحہ 2 پر)

جماعت اسلامی کا مہنگائی کیخلاف 15 مئی کو اسلام آباد میں احتجاج کا اعلان

ملک میں مہنگائی بڑھتی جارہی، حکومتی مجرمانہ اقدامات جلتی پر تیل کا کام کر رہے ہیں، اسلام آباد میں آئندہ لائحہ عمل کا اعلان کریں گے، ہڑتال کا آپشن بھی موجود ہے

مہنگائی کے خلاف تحریک کو جماعت اسلامی لیڈ کرے گی، بائیک چلانے والوں سے بھی اپیل کریں گے کہ وہ اس روز بائیکوں کو بند کر دیں، امیر جماعت اسلامی کی پریس کانفرنس

اسلام آباد (اے این این) جماعت اسلامی پاکستان نے پیٹرول کی قیمت میں اضافے اور مہنگائی کیخلاف 15 مئی کو اسلام آباد میں بڑے احتجاج کی کال دے دی۔ اس بات کا اعلان امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن نے اسلام آباد میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں مہنگائی بڑھتی جا رہی، حکومتی مجرمانہ اقدامات جلتی پر تیل کا کام کر رہے (بقیہ 31 اندرونی صفحہ 2 پر)

ڈاکٹرز آبادی کے مسائل کا حل صرف ہسپتالوں اور ادویات میں نہیں، مصطفیٰ کمال

بیماری کے علاج کے بجائے بچاؤ پر توجہ دینا ہوگی، وفاقی وزیر صحت کا ہیلتھ کیئر سسٹم میں بڑی تبدیلی کا اعلان

پاک چائنہ فارما تقریب، جڑی بوٹیوں سے ادویات کی تیاری کے لیے ڈریپ میں خصوصی ڈیسک قائم

اسلام آباد (بی این ایم) وفاقی وزیر برائے قومی صحت سید مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ ملک کی موجودہ آبادی تقریباً 24 کروڑ تک پہنچ چکی ہے جبکہ ہر سال لاکھوں بچوں کی پیدائش صحت کے نظام پر دباؤ میں مسلسل اضافہ کر رہی ہے جس کے باعث روایتی انداز میں صرف ہسپتالوں، ڈاکٹروں اور ادویات کے ذریعے مسائل کا حل ممکن نہیں رہا، اگر بڑی تعداد میں لوگ بیک وقت بیمار ہوں تو دنیا کا کوئی (بقیہ 6 اندرونی صفحہ 2 پر)

پنجاب حکومت نے اڈیالہ جیل ریڈ زون قرار دے دیا

15 روز کیلئے دفعہ 144 نافذ، جلسے، جلوس، دھرنے اور ریلیوں پر پابندی عائد کر دی گئی

راولپنڈی (بی این ایم) پنجاب حکومت نے اڈیالہ جیل ریڈ زون قرار دے دیا 15 روز کیلئے دفعہ 144 نافذ، جلسے، جلوس، دھرنے اور ریلیوں پر پابندی عائد کر دی گئی۔ تفصیلات کے مطابق پنجاب حکومت کی راولپنڈی میں انتظامیہ نے دفعہ 144 نافذ کرتے ہوئے اڈیالہ جیل اور حساس تنصیبات کے اطراف ہر قسم کے اجتماعات پر پابندی عائد کر دی۔ جاری کیے گئے نوٹیفکیشن کے مطابق ڈپٹی کمشنر راولپنڈی نے امن و امان کی صورتحال کے پیش نظر دفعہ 144 نافذ کرتے ہوئے اڈیالہ جیل، ریڈ زون اور حساس تنصیبات کے اطراف جلسے جلوس، دھرنے اور ریلیاں ممنوع قرار دے دیں۔ اجتماعات کے علاوہ اسلحہ، لاٹھیاں، پتھر، پٹرول بم اور دھماکا خیز مواد لے کر چلنے اور پولیس کی جانب سے لگائی گئی رکاوٹیں (بقیہ 7 اندرونی صفحہ 2 پر)

کوئٹہ، بلوچستان پولیس میں اعلیٰ سطح پر تقرر و تبادلے، نئے احکامات جاری

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان پولیس میں تقرر و تبادلے، سینٹرل پولیس آفس بلوچستان کے جاری کردہ اعلامیے کے مطابق کمانڈنٹ پی ٹی سی کوئٹہ شہزادہ اکبر کو ایڈیشنل آئی جی آپریشنز بلوچستان تعینات، ڈی آئی جی اے ٹی ایف کوئٹہ عبدالحمید کو ڈی آئی جی کرائم برانچ بلوچستان تعینات جبکہ ڈی آئی جی کرائم برانچ بلوچستان ڈاکٹر فرحان زاہد کو کمانڈنٹ پی ٹی سی کوئٹہ تعینات کر دیا گیا۔

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے جاپانی کیلنڈرز نمائش کا افتتاح کر دیا

تقریب میں سابق وزیراعلیٰ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ، صوبائی وزیر راحیلہ درانی، ندیم شاہ، فیروز شاہ بھی شریک

کوئٹہ (اے این این) جاپانی ثقافت و تہذیب کی عکاسی کرنے والے کیلنڈرز کی تین روزہ نمائش شروع ہو گئی۔ مہمان خصوصی گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے نمائش کا افتتاح کیا۔ تقریب میں سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ، صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی، جاپان کے اعزازی قونصل جنرل برائے کوئٹہ بلوچستان سید ندیم عالم شاہ، عبدالرشید کاکڑ، ڈاکٹر سرور، منظور حسین، شاہد سلیم، ارسلان فیاض، نگہت شفیع، ملک سلیم کاسی، شاہد لطیف، پرنسپل حاجی محمد علی اچکزئی، عزیز الرحمٰن، بحر خان اچکزئی، ڈاکٹر سرور فرقان، سابق سیکرٹری سلیم رضا، ڈاکٹر میر واعظ، سردار محمد خلجی سمیت (بقیہ 17 اندرونی صفحہ 2 پر)

اسلام آباد: چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی بلجیئم کے شاہی وفد سے ملاقات کر رہے ہیں

وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی اور وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات کی ملاقات

میڈیا کی ترقی اور اسے جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (یو این اے) وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی، اصلاحات و خصوصی اقدامات احسن اقبال سے وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ نے منگل کو یہاں ملاقات کی۔ ملاقات میں موجودہ میڈیا ماحول کے تناظر میں میڈیا کی ترقی اور اسے جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے اور عوامی خدمات کی بہتری کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال ہوا۔ وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات کے ہمراہ سیکرٹری اطلاعات اشفاق احمد خلیل بھی تھے۔ ملاقات میں اس امر پر زور دیا گیا کہ پاکستان بے پناہ تخلیقی صلاحیتوں سے مالا مال ملک ہے اور ان صلاحیتوں کو موثر انداز میں بروئے کار لاتے ہوئے عوامی میڈیا خدمات کو جدید خطوط پر استوار (بقیہ 29 اندرونی صفحہ 2 پر)

کوئٹہ: مشیر کھیل بلوچستان مینا مجید سیکرٹری کھیل درا بلوچ سے ملاقات کر رہی ہیں

امریکا اور اسرائیل کی ایران کیخلاف جنگ کے دوران یو اے ای نے خفیہ طور پر ایران پر حملے کیے، وال اسٹریٹ جرنل

امریکا نے خاموشی سے جنگ میں یو اے ای کی شمولیت کا خیر مقدم کیا، رپورٹ

واشنگٹن (اے این این) امریکی جریدے وال اسٹریٹ جرنل نے دعویٰ کیا ہے کہ متحدہ عرب امارات نے امریکا اور اسرائیل کی ایران کے خلاف جاری جنگ کے دوران خفیہ طور پر ایران پر متعدد حملے کیے۔ امریکی جریدے وال اسٹریٹ جرنل کی رپورٹ کے مطابق متحدہ عرب امارات نے جنگ کے دوران ایران کے لاوان جزیرے پر واقع آئل ریفائنری کو نشانہ بنایا جس کے نتیجے میں شدید آگ بھڑک اٹھی اور ریفائنری عارضی طور پر بند ہو گئی۔ رپورٹ میں ذرائع کے حوالے سے کہا گیا ہے کہ حملہ اپریل کے اوائل میں اس وقت کیا گیا جب امریکی صدر ٹرمپ ایران کے ساتھ جنگ بندی کا اعلان کرنے والے تھے۔ اخبار کے مطابق (بقیہ 15 اندرونی صفحہ 2 پر)

لبنان میں گھر پر اسرائیلی حملہ، 6 افراد جاں بحق، 7 زخمی

اقوام متحدہ کا لبنان پر اسرائیلی حملوں میں تیزی پر شدید تشویش کا اظہار، فوری جنگ بندی کا مطالبہ

بیروت، نیویارک، تل ابیب (اے این این) اسرائیلی فوج نے جنگ بندی کی خلاف ورزی کرتے ہوئے جنوبی لبنان میں ایک گھر پر حملہ کر دیا جس میں 6 افراد جاں بحق اور 7 زخمی ہو گئے۔ لبنان کی نیشنل نیوز ایجنسی کے مطابق اسرائیلی جنگی طیاروں نے رات گئے جنوبی لبنان کے شہر صور کے علاقے کفر دونین میں ایک گھر پر حملہ کیا، جس کے نتیجے میں چھ افراد جاں بحق اور سات زخمی ہو گئے جبکہ بڑے پیمانے پر مالی نقصان ہوا ہے۔ علاقے میں امدادی کارروائیاں جاری ہیں۔ دوسری جانب اقوام متحدہ کے انسانی ہمدردی کے امور کے سربراہ ٹام فلیچر نے لبنان پر اسرائیلی حملوں میں تیزی پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے فوری جنگ بندی کا مطالبہ کیا (بقیہ 16 اندرونی صفحہ 2 پر)

عالمی و مقامی سطح پر سونے چاندی کی قیمتوں میں اضافہ

کراچی (اے این این) عالمی و مقامی سطح پر سونے چاندی کی قیمتوں میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ آل پاکستان صرافہ جیمز اینڈ جیولرز ایسوسی ایشن کے مطابق 24 قیراط فی تولہ سونا 4 ہزار ایک سو روپے بڑھ کر 4 لاکھ 92 ہزار 462 روپے کا ہو گیا، جبکہ 10 گرام سونا 3 ہزار 515 روپے اضافے سے 4 (بقیہ 20 اندرونی صفحہ 2 پر)

محکمہ تعلیم بلوچستان میں مبینہ غیر قانونی بھرتیوں کی تحقیقات میں پیشرفت

کوئٹہ (یو این اے) محکمہ تعلیم بلوچستان میں مبینہ غیر قانونی بھرتیوں اور قواعد و ضوابط کی خلاف ورزیوں سے متعلق تحقیقات میں اہم پیشرفت سامنے آئی ہے، جہاں اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ نے تحقیقات کا دائرہ (بقیہ 22 اندرونی صفحہ 2 پر)

اسرائیلی فوج فلسطینی عورتوں اور بچوں پر منظم جنسی تشدد کر رہی ہے، نیویارک ٹائمز

نیویارک (یو این اے) امریکی اخبار نیویارک ٹائمز میں فلسطینی قیدیوں پر مبینہ جنسی تشدد بے نقاب کر دیا ہے اور رپورٹ جاری کی ہے کہ اسرائیلی فوج فلسطینی عورتوں اور بچوں پر منظم جنسی تشدد کر رہی ہے۔ نیویارک ٹائمز کی رپورٹ معروف امریکی صحافی اور دو مرتبہ پلٹزر انعام یافتہ نکولس کرسٹوف نے تحریر کی جس میں فلسطینی قیدیوں کے ساتھ اسرائیلی فوجیوں، آبادکاروں اور جیل اہلکاروں کی جانب سے سفاکانہ جنسی تشدد کے الزامات سامنے لائے گئے۔ رپورٹ میں مقبوضہ مغربی کنارے کے متاثرین کے انٹرویوز کا حوالہ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ فلسطینیوں بشمول بچوں کے خلاف جنسی تشدد ایک وسیع اور منظم طریقہ بن چکا ہے۔ نکولس کرسٹوف نے لکھا کہ اگرچہ اس بات کے شواہد موجود نہیں کہ اسرائیلی قیادت براہ راست ایسے اقدامات کے احکامات دیتی ہے تاہم ان کے زیر نگرانی سکیورٹی نظام میں یہ عمل معمول کی کارروائی بن (بقیہ 25 اندرونی صفحہ 2 پر)

مہنگائی کا نیا طوفان، گھی اور کوکنگ آئل کی قیمتیں تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئیں

لاہور (بی این ایم) گھی اور کوکنگ آئل کی قیمتیں تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئیں، جس نے مہنگائی سے پریشان عوام کی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان میں روزمرہ اشیائے خورونوش کی قیمتوں میں مسلسل اضافے کا سلسلہ جاری ہے، پیداواری لاگت بڑھنے کی وجہ سے گھی اور کوکنگ آئل کی قیمتوں میں مزید اضافہ دیکھا (بقیہ 14 اندرونی صفحہ 2 پر)

سپیکر قومی اسمبلی کی لکی مروت میں پولیس موبائل کے قریب دہشت گرد حملے کی مذمت

اسلام آباد (یو این اے) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے لکی مروت میں پولیس موبائل کے قریب دہشت گرد حملے کی مذمت کرتے ہوئے قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے افسوس کا اظہار کیا ہے۔ میڈیا سیل کو اپنے بیان میں انہوں نے حملے میں شہید ہونے والوں کے اہل خانہ سے تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ غم اور دکھ کی مشکل گھڑی میں سوگوار (بقیہ 11 اندرونی صفحہ 2 پر)

اوپیک کی تیل کی پیداوار 26 سال کی کم ترین سطح پر آگئی

تیل کی پیداوار اپریل میں 2 کروڑ بیرل یومیہ سے کم ہوکر 8 لاکھ 30 ہزار بیرل ہوگئی

لندن (اے این این) تیل برآمد کرنے والے ممالک کی تنظیم اوپیک کی تیل کی پیداوار 26 سال کی کم ترین سطح پر آگئی۔ عالمی خبر رساں ادارے کے سروے کے مطابق تیل کی پیداوار اپریل میں 2 کروڑ بیرل یومیہ سے کم ہو کر 8 لاکھ 30 ہزار بیرل ہو گئی۔ رپورٹ کے مطابق آبنائے ہرمز کی بندش کے باعث کویت کی تیل کی پیداوار میں سب سے زیادہ کمی ریکارڈ کی گئی کویت نے اپریل میں صفر خام تیل برآمد کیا۔ اس کے علاوہ سعودی عرب اور عراق کی تیل کی پیداوار میں بھی نمایاں کمی دیکھی گئی، توانائی کے بنیادی (بقیہ 19 اندرونی صفحہ 2 پر)

کتابوں پر پلاسٹک کور چڑھانے پر پابندی، خلاف ورزی پر جرمانے مقرر

اسلام آباد کی حدود میں کوئی بھی فروخت کنندہ پلاسٹک کور والی کتابیں فروخت یا تقسیم نہیں کر سکے گا

اسلام آباد (اے این این) کتابوں پر پلاسٹک کور چڑھانے پر پابندی عائد کر دی گئی۔ قومی اسمبلی نے اسلام آباد کیپٹل ٹیریٹری (کتابوں کے پلاسٹک کور پر پابندی) ایکٹ 2026 منظور کر لیا، جس کے تحت کتابوں پر پلاسٹک کور چڑھانے اور ایسی کتابوں کی فروخت پر پابندی عائد کر دی گئی ہے۔ بل کے متن کے مطابق اسلام آباد کی حدود (بقیہ 12 اندرونی صفحہ 2 پر)

بلوچستان کے حالات کو مکمل طور پر تسلی بخش قرار نہیں دیا جا سکتا، خواجہ آصف

بلوچستان کے وسائل پر سب سے پہلا حق یہاں کے عوام کا ہے، ضروری ہے وسائل اور قدرتی فنڈز کو مقامی عوام کی فلاح و بہبود، بنیادی سہولیات اور ترقی پر خرچ کیا جائے

حکومت صوبے میں امن و استحکام کے قیام اور مسائل کے حل کے لیے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے، وفاقی وزیر دفاع کا کوئٹہ کے صحافیوں سے بات چیت

اسلام آباد (اے این این) وفاقی وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ بلوچستان کے حالات کو مکمل طور پر تسلی بخش قرار نہیں دیا جا سکتا، تاہم حکومت صوبے میں امن و استحکام کے قیام اور مسائل کے حل کے لیے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے مسئلے کو طاقت کے بجائے سیاسی اور جمہوری انداز میں حل کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے اور حکومت مذاکرات اور سیاسی عمل کو (بقیہ 23 اندرونی صفحہ 2 پر)

دوبارہ حملہ ہوا تو 90 فیصد یورینیم افزودگی شروع ہو سکتی ہے، ایران

معاملے کا پارلیمنٹ میں جائزہ لیا جائیگا اور قومی مفادات کے مطابق فیصلہ کیا جائیگا، ابراہیم رضائی

تہران (اے این این) ایران نے امریکا اور اسرائیل کو خبردار کیا ہے کہ اگر اس کی سرزمین پر دوبارہ حملہ کیا گیا تو تہران یورینیم کی افزودگی 90 فیصد (بقیہ 24 اندرونی صفحہ 2 پر)

اسلام آباد: وزیراعظم محمد شہباز شریف سے صوبائی وزیر سردار عبدالرحمان کھیتران اور رکن اسمبلی نوابزادہ جنگیز مری ملاقات کر رہے ہیں

آبنائے ہرمز بحران، روس سے تیل کی درآمدات بڑھانے پر غور کر رہے ہیں، فیصل نیاز

آبنائے ہرمز کی صورتحال نے پاکستان سمیت کئی ممالک کیلئے تشویش پیدا کر دی، روس میں پاکستانی سفیر

ماسکو (اے این این) روس میں پاکستان کے سفیر فیصل نیاز ترمذی نے کہا ہے کہ آبنائے ہرمز میں جاری بحران کے باعث پاکستان روس سے تیل کی درآمدات بڑھانے پر غور کر رہا ہے جبکہ ایران سے متعلق جاری مذاکرات میں آبنائے ہرمز کی بحالی سب سے اہم مسئلہ بن چکی ہے۔ ایک روسی خبر رساں ادارے کو انٹرویو میں فیصل نیاز ترمذی نے کہا کہ پاکستان اپنی توانائی ضروریات کا صرف تقریباً 10 فیصد خود پیدا کرتا ہے جبکہ باقی توانائی خلیجی ممالک سے درآمد کی جاتی ہے، اسی لیے آبنائے ہرمز کی صورتحال نے پاکستان سمیت کئی ممالک کے لیے تشویش پیدا کر دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ بحران کے بعد پاکستان نے متبادل توانائی (بقیہ 13 اندرونی صفحہ 2 پر)

اٹک میں خودکش بمبار کو روکنے والے بہادر شہری لیاقت خان شہید کی نماز جنازہ ادا

پیر چورا شریف سید سعادت علی شاہ نے نماز جنازہ پڑھائی، اہل علاقہ کی کثیر تعداد میں شرکت

اٹک (اے این این) اٹک کی تحصیل جنڈ میں خودکش بمبار کو روکنے والے بہادر شہری لیاقت خان شہید کی نماز جنازہ ادا کر دی گئی۔ لیاقت خان شہید کی نماز جنازہ اٹک پولیس لائنز میں ادا کی گئی، گدی نشین دربار چورا شریف سید سعادت علی شاہ نے نماز جنازہ پڑھائی، اہل علاقہ نے کثیر تعداد میں شرکت کی قبل ازیں وزیراعظم محمد شہباز شریف نے پنجاب اور خیبرپختونخوا کے بین الصوبائی علاقے جنڈ اور خوشحال گڑھ پل، کوہاٹ کے قریب دہشت گردی کی بڑی کارروائی ناکام بنانے والے بہادر شہری شہید لیاقت کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے بھی جان پر کھیل کر خودکش بمبار کو روکنے والے جنڈ کے دیہاتی کو خراج تحسین پیش کیا۔

Daily WAQT Quetta روزنامہ وقت کوئٹہ
Email:dailywaqt.qta@gmail.com
چیف ایڈیٹر و پبلشر شاہ زمان بڑیکائی نے اسعید پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر آفس روزنامہ وقت کوئٹہ آفس نمبر 10A ظفر گرینڈ یونیورسل کمپلیکس جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا

جماعت اسلامی کا مہنگائی کیخلاف 15 مئی کو اسلام آباد میں احتجاج کا اعلان

جماعت اسلامی نے پیٹرول کی قیمت میں اضافے اور مہنگائی کیخلاف 15 مئی کو اسلام آباد میں بڑے احتجاج کی کال دے دی ۔امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن نے اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ ملک میں مہنگائی بڑھتی جا رہی، حکومتی مجرمانہ اقدامات جلتی پر تیل کا کام کررہے ہیں، جماعت اسلامی مہنگائی کے خلاف عید کے بعد بڑی کال دینے جارہی ہے، اس سے قبل 15 مئی کو اسلام آباد میں مہنگائی کے خلاف بڑا احتجاج کریں گے جہاں آگے کے لائحہ عمل کا بھی اعلان کریں گے، ہڑتال اور پہیہ جام کا آپشن بھی موجود ہے، حکومت کو عوام کے حق پر ڈاکا نہیں ڈالنے دیں گے۔حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ پیٹرول کی ایکس ریفائنری قیمت 271 روپے بنتی ہے، باقی رقم ٹیکسز اور لیوی کی مد میں عوام ادا کرتے ہیں، اس لیوی کا پیٹرول کی قیمت سے کوئی تعلق نہیں ہے۔حکومت صرف ٹیکس کے اہداف کو پورا کرنے کیلئے لیوی کو استعمال کرتی ہے۔ٹیکس کے اہداف اور آئی ایم ایف کے احکامات پورے کئے جارہے ہیں۔امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ ٹی وی پر چھپنے کے اشتہارات کی قیمت بھی قوم ادا کرتی ہے، تین سال میں بجلی کے ٹیکسز میں 19 کھرب روپے وصول کئے گئے، پنجاب میں غربت میں 41 فیصد ہوا ہے، حکمرانوں کی عیاشیاں ختم نہیں ہورہیں، مریم نواز گیارہ ارب کا جہاز خرید چکی ہیں یوسف رضا گیلانی نو کروڑ کی گاڑی خریدتے ہیں مگر عوام خودکشیوں پر مجبور ہیں۔انہوں نے کہا کہ بھارت اور بنگلہ دیش میں پیٹرول کی قیمتیں نہیں بڑھیں، کیا جنگ کے اثرات کیا صرف پاکستان پر ہی پڑ رہے ہیں؟ فروری سے اب تک ایل پی جی کی قیمتوں میں سو فیصد اضافہ ہوگیا ہے، کسی شعبے میں حکومت کی گورننس نہیں آتی۔حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ مہنگائی کے خلاف تحریک کو جماعت اسلامی لیڈ کرے گی، ہم بائیک چلانے والوں سے بھی اپیل کریں گے کہ وہ پرامن رہ کر سڑکوں کو بند کردیں، پاکستان کے اڑھائی کروڑ بائیک والے اس تحریک کو مؤثر طریقے سے آگے بڑھا سکتے ہیں۔

بقیہ 1

جدید ٹیکنالوجی اور مارکیٹ بیسڈ ٹریننگ پروگرام متعارف کرانے پر اتفاق کیا گیا جبکہ نوجوانوں کو مختلف شعبوں میں تکنیکی تربیت اور روزگار کے بہتر مواقع فراہم کرنے کے لیے جاری پروگرام میں جدت لانے پر بھی زور دیا گیا۔اجلاس میں ماہرین کی مشاورت سے فنی تعلیم اور ہنرمندی کے فروغ کے لیے جامع اور قابل عمل پلان متعارف کرانے کا بھی فیصلہ کیا گیا۔وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ادارہ جاتی اصلاحات کے ذریعے فنی تربیت کے اداروں کو جدید خطوط پر استوار کرنے کی ہدایت کی انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کو عالمی معیار کی مہارتیں فراہم کرکے انہیں بین الاقوامی مارکیٹ کی ضروریات سے ہم آہنگ کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان میں غیر ترقیاتی اخراجات کا حجم ہر سال غیر معمولی حد تک بڑھ رہا ہے جبکہ ہر فرد کو سرکاری ملازمت فراہم کرنا ممکن نہیں اس لیے تکنیکی تعلیم و تربیت کے فروغ پر خصوصی توجہ دینا ناگزیر ہے اجلاس میں بلوچستان میں جاری اوورسیز یوتھ ایمپلائمنٹ پروگرام کا بھی جائزہ لیا گیا وزیر اعلیٰ بلوچستان نے پروگرام میں سست روی کا مظاہرہ کرنے والی فرمز کے خلاف کارروائی کا حکم دیتے ہوئے بیرون ملک بھجوائے گئے بعض نوجوانوں کو درپیش مسائل پر تشویش کا اظہار کیا انہوں نے شکایات کے فوری ازالے کے لیے مؤثر اقدامات اٹھانے اور معاہدوں کی خلاف ورزی کرنے والی فرمز کے خلاف سخت کارروائی کی ہدایت کی وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے ٹیکنیکل ایجوکیشن اور ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی کو ہدایت کی کہ ہنرمند نوجوانوں کے لیے ملکی و بین الاقوامی سطح پر روزگار کے مواقع بڑھانے کے اقدامات تیز کیے جائیں تاکہ بلوچستان کے نوجوان اپنی صلاحیتوں کے مطابق بہتر مستقبل حاصل کرسکیں۔

بقیہ 2

سے اڑا لیا، اس واقعے میں لیاقت نے بھی جام شہادت نوش کیا۔وزیراعظم کا کہنا تھا کہ شہید لیاقت کی بروقت بہادری نے بڑے جانی نقصان کو روک دیا اور ان کی لازوال قربانی ہمیشہ یاد رکھی جائے گی، شہید لیاقت نے غیر معمولی جرات، فرض شناسی اور حب الوطنی کی اعلیٰ مثال قائم کی۔وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ ایسے بہادر اور نڈر شہری دہشت گردی کے خلاف قومی عزم کی حقیقی علامت ہیں اور شہید لیاقت کی قربانی قوم کے ہر فرد کیلئے مشعل راہ ہے، قوم شہید لیاقت کی قربانی کبھی نہیں بھولے گی اور ایسے بہادر شہری پوری قوم کا اثاثہ ہیں۔انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ دہشت گردی کے ناسور کے خلاف پوری قوم اپنی سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، پاکستان کے بہادر عوام نے ہمیشہ دشمن کے ناپاک عزائم کو ناکام بنایا ہے اور آئندہ بھی قومی اتحاد اور یکجہتی کے ذریعے دہشت گردی کو شکست دی جائے گی۔وزیراعظم نے شہید لیاقت کے درجات کی بلندی اور اہل خانہ کیلئے صبر جمیل کی دعا بھی کی۔

بقیہ 3

میں شرکت کی جہاں مختلف قبائل کے معتبرین اور شہریوں نے علاقے کو درپیش مسائل سے آگاہ کیا جن میں تعلیم، صحت، بجلی، پانی، سڑکوں اور دیگر بنیادی سہولیات سے متعلق مسائل پر تفصیلی گفتگو کی گئی آئی جی ایف سی بلوچستان نارتھ نے عوامی مسائل توجہ سے سنتے ہوئے متعلقہ حکام کو فوری اقدامات کی ہدایات جاری کیں جبکہ جاری ترقیاتی منصوبوں پر کام کی رفتار مزید تیز کرنے پر بھی زور دیا انہوں نے کہا کہ ڈیرہ بگٹی کے عوام کی فلاح و بہبود اور علاقے کی ترقی حکومت اور سکیورٹی اداروں کی اولین ترجیح ہے اور اس مقصد کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے انہوں نے نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ تعلیم اور مثبت سرگرمیوں کی جانب توجہ دیں تاکہ علاقے میں امن، ترقی اور خوشحالی کو مزید فروغ مل سکے اس موقع پر قبائلی عمائدین اور جرگے کے شرکاء نے علاقے کے مسائل میں دلچسپی لینے اور ترقیاتی کاموں کے لیے اقدامات پر آئی جی ایف سی بلوچستان نارتھ کا شکریہ ادا۔

بقیہ 4

جائیں گی، پنکی کو شعبہ تفتیش پولیس کی جانب سے پروٹوکول میں عدالت پیش کردیا گیا کہ کوکین ڈیلر کو جیل بھیجنے کے موقع پر مبینہ طور پر آگے پیچھے کی جارہی ہے، جب کہ تفتیشی افسر کو پیچھے چھوڑ جاتا رہا، تفتیشی افسر انمول پنکی کو راستہ بھی دکھاتا رہا کوکین ڈیلر انمول پنکی پر اربوں روپے کی کوکین پاکستان بھر میں بیچنے کا الزام ہے، پولیس کی جانب سے پنکی کو پاکستان کی سب سے بڑی کوکین ڈیلر ہی نہیں بلکہ سپر ڈیلر بھی قرار دیا جارہا ہے تاہم دوسری طرف یہ بڑا تضاد سامنے آیا ہے کہ راستے بڑے ملزم کو بغیر ہتھکڑی عدالت میں پیش کیا گیا، جہاں وہ مکمل اعتماد کے ساتھ چلتی دکھائی دی۔ ذرائع نے کہا ہے کہ انمول پنکی نے حراست کے دوران بھی کہا تھا کہ میں جلد رہا ہو جاؤں گی، اس صورت حال سے پولیس کے انتہائی حساس سطح کے ملزمان کے ساتھ لاپرواہی کے رویے کی عکاسی ہوتی ہے۔

بقیہ 5

پاکستانی فرانسیسی کمیونٹی، سفارتخانے کے افسران اور میڈیا کے نمائندوں نے کثیر تعداد نے شرکت کی۔ پاکستانی سفارتخانے کی جانب سے جاری بیان کے مطابق اس موقع پر صدر مملکت اور وزیراعظم کے ساتھ ساتھ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ کے پیغامات پڑھ کر سنائے گئے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے فرانس میں پاکستان کی سفیر ممتاز زہرا بلوچ نے بھارت کی جارحیت کے خلاف پاکستان کی نمایاں کامیابیوں کو اجاگر کرتے ہوئے فوجی، سفارتی اور بیانیہ محاذوں پر ملک کی مضبوط صلاحیتوں کا ذکر کیا۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کی بہادر مسلح افواج نے پوری دنیا کو یہ واضح پیغام دیا کہ پاکستان ہر قسم کے خطرات کے خلاف اپنے دفاع کے لیے پرعزم ہے انہوں نے کہا کہ پاکستانی قوم بہادر اور امن پسند ہے اور وہ کسی بھی جارح قوت سے مرعوب نہیں ہوسکتی۔پاکستان کی سفیر نے دنیا بھر میں پاکستانی سفارتکاروں کی کاوشوں کو بھی سراہا جنہوں نے بھارت کی بلا اشتعال جارحیت کو مؤثر انداز میں اجاگر کیا اور پاکستان کے امن و سفارتکاری کے عزم کو دنیا کے سامنے پیش کیا۔انہوں نے کہا کہ پاکستان نے بروقت اور مستند معلومات کی فراہمی کے ذریعے بھارتی پروپیگنڈے کا مؤثر جواب دیا۔انہوں نے پاکستانی اور فرانسیسی میڈیا کی غیر جانبدار رپورٹنگ کو بھی سراہا اور اسے بھارتی میڈیا کی جانبدار رپورٹنگ سے ممتاز قرار دیا۔سفیر ممتاز زہرا بلوچ نے بھارت کی جانب سے سندھ طاس معاہدہ کی معطلی کی شدید مذمت کرتے ہوئے اسے پاکستان کی آبی اور غذائی سلامتی کے خلاف اقدام قرار دیا۔انہوں نے کہا کہ پانی کو بطور ہتھیار استعمال کرنا بین الاقوامی قوانین کی کھلی خلاف ورزی ہے۔تقریب کے دوران ہال "پاکستان زندہ باد" اور "پاک فوج زندہ باد" کے نعروں سے گونج اٹھا۔تقریب کا اختتام پاکستان کی سلامتی، استحکام اور خوشحالی کے لیے دعا کے ساتھ ہوا۔

بقیہ 6

بھی ملک اس بوجھ کو برداشت نہیں کرسکتا جیسا کہ کووڈ 19-کے دوران دیکھا گیا جب ترقی یافتہ ممالک کے صحت کے نظام بھی شدید دباؤ کا شکار ہو گئے، اس تناظر میں پاکستان کے صحت کے نظام کو سک کیئر سے ہیلتھ کیئر یعنی بیماری کے بعد علاج کی بجائے بیماری سے پہلے بچاؤ کی جانب منتقل کرنا وقت کی اہم ضرورت قرار دیا جا رہا ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاک چائنہ فارماسیوٹیکل ایسوسی ایشن کے حوالے سے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔وفاقی وزیر سید مصطفیٰ کمال نے کہا کہ پاکستان میں تیزی سے بڑھتی آبادی اور صحت کے شعبے کو درپیش چیلنجز کے پیش نظر حکومت نے علاج پر مبنی نظام سے ہٹ کر بیماریوں سے بچاؤ پر مرکوز حکمت عملی اپنانے کا فیصلہ کرلیا ہے، حکومت نے ماہرین اور بین الاقوامی شراکت داروں کی مشاورت سے ایک جامع حکمت عملی تیار کی ہے جس کے تحت صحت کے نظام کو ہسپتالوں کی حدود سے باہر نکال کر بنیادی سطح پر مضبوط بنانے پر توجہ دی جارہی ہے، اس میں خاندانی منصوبہ بندی، پیدائش میں مناسب وقفہ، صاف پانی کی فراہمی، حفاظتی ٹیکہ جات، متوازن غذا اور صحت مند طرز زندگی کو بنیادی ستون قرار دیا گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ ادویات اور علاج کے شعبے میں تحقیق کے فروغ کو بھی ترجیح دی جا رہی ہے جہاں شواہد پر مبنی ادویات اور پودوں سے حاصل ہونے والی ادویات پر توجہ مرکوز کی جا رہی ہے، اس مقصد کے لئے ڈرگ ریگولیٹری اتھارٹی پاکستان میں ایک خصوصی ڈیسک قائم کیا گیا ہے جو روایتی اور جڑی بوٹیوں پر مبنی ادویات کی سائنسی جانچ، کلینیکل ٹرائلز اور معیار کو یقینی بنانے میں معاونت فراہم کرے گا تاکہ صارفین اور صنعت دونوں کا اعتماد بحال ہوسکے۔تقریب سے خطاب کے دوران ممتاز سائنسدان اقبال چوہدری کی خدمات کو بھی سراہا گیا اور انہیں پاکستان میں سائنسی تحقیق اور جدت کے فروغ میں اہم کردار ادا کرنے والی شخصیت قرار دیا گیا۔پاکستان کے پاس اب مزید وقت ضائع کرنے کی گنجائش نہیں اور ٹرائل اینڈ ایرر کی پالیسی ناقابل عمل ہو چکی ہے۔انہوں نے زور دیا کہ پالیسی سازی میں ابتدا ہی سے درست سمت کا تعین ناگزیر ہے تاکہ قیمتی وقت اور وسائل کا ضیاع روکا جا سکے۔مزید برآں دنیا بھر میں فروغ پانے والے لائف سٹائل میڈیسن کے رجحان کا حوالہ دیتے ہوئے کہا گیا کہ خوراک، غذائیت اور روایتی طریقہ علاج جیسے جڑی بوٹیوں، چینی اور یونانی طب کو جدید سائنسی بنیادوں پر فروغ دیا جا رہا ہے اور پاکستان بھی اس سمت میں سنجیدہ اقدامات کر رہا ہے۔تقریب کے اختتام پر مقررین نے پاکستان کے عالمی کردار پر بھی روشنی ڈالی اور کہا کہ حالیہ عرصے میں پاکستان کی بین الاقوامی اہمیت میں اضافہ ہوا ہے جس پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنا چاہیے۔انہوں نے قومی قیادت خصوصاً وزیراعظم محمد شہباز شریف، آرمی چیف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان آج عالمی سطح پر ایک نمایاں مقام حاصل کرچکا ہے اور دنیا کی نظریں اس پر مرکوز ہیں۔انہوں نے کہا کہ عالمی توجہ کے ساتھ ذمہ داریاں بھی بڑھ گئی ہیں لہٰذا یہ وقت صرف کامیابیوں پر خوش ہونے کا نہیں بلکہ سنجیدگی، حکمت عملی اور قومی یکجہتی کے ساتھ آگے بڑھنے کا ہے۔انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پاکستان نہ صرف اپنے داخلی نظام کو مزید مضبوط بنائے گا بلکہ عالمی سطح پر بھی مثبت اور مؤثر کردار ادا کرتا رہے گا کیونکہ کوئی

بھی ملک اس بوجھ کو برداشت نہیں کرسکتا جیسا کہ کووڈ 19-کے دوران دیکھا گیا جب ترقی یافتہ ممالک کے صحت کے نظام بھی شدید دباؤ کا شکار ہو گئے، اس تناظر میں پاکستان کے صحت کے نظام کو سک کیئر سے ہیلتھ کیئر یعنی بیماری کے بعد علاج کی بجائے بیماری سے پہلے بچاؤ کی جانب منتقل کرنا وقت کی اہم ضرورت قرار دیا جا رہا ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاک چائنہ فارماسیوٹیکل ایسوسی ایشن کے حوالے سے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔وفاقی وزیر سید مصطفیٰ کمال نے کہا کہ پاکستان میں تیزی سے بڑھتی آبادی اور صحت کے شعبے کو درپیش چیلنجز کے پیش نظر حکومت نے علاج پر مبنی نظام سے ہٹ کر بیماریوں سے بچاؤ پر مرکوز حکمت عملی اپنانے کا فیصلہ کرلیا ہے، حکومت نے ماہرین اور بین الاقوامی شراکت داروں کی مشاورت سے ایک جامع حکمت عملی تیار کی ہے جس کے تحت صحت کے نظام کو ہسپتالوں کی حدود سے باہر نکال کر بنیادی سطح پر مضبوط بنانے پر توجہ دی جارہی ہے، اس میں خاندانی منصوبہ بندی، پیدائش میں مناسب وقفہ، صاف پانی کی فراہمی، حفاظتی ٹیکہ جات، متوازن غذا اور صحت مند طرز زندگی کو بنیادی ستون قرار دیا گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ ادویات اور علاج کے شعبے میں تحقیق کے فروغ کو بھی ترجیح دی جا رہی ہے جہاں شواہد پر مبنی ادویات اور پودوں سے حاصل ہونے والی ادویات پر توجہ مرکوز کی جا رہی ہے، اس مقصد کے لئے ڈرگ ریگولیٹری اتھارٹی پاکستان میں ایک خصوصی ڈیسک قائم کیا گیا ہے جو روایتی اور جڑی بوٹیوں پر مبنی ادویات کی سائنسی جانچ، کلینیکل ٹرائلز اور معیار کو یقینی بنانے میں معاونت فراہم کرے گا تاکہ صارفین اور صنعت دونوں کا اعتماد بحال ہوسکے۔تقریب سے خطاب کے دوران ممتاز سائنسدان اقبال چوہدری کی خدمات کو بھی سراہا گیا اور انہیں پاکستان میں سائنسی تحقیق اور جدت کے فروغ میں اہم کردار ادا کرنے والی شخصیت قرار دیا گیا۔پاکستان کے پاس اب مزید وقت ضائع کرنے کی گنجائش نہیں اور ٹرائل اینڈ ایرر کی پالیسی ناقابل عمل ہو چکی ہے۔انہوں نے زور دیا کہ پالیسی سازی میں ابتدا ہی سے درست سمت کا تعین ناگزیر ہے تاکہ قیمتی وقت اور وسائل کا ضیاع روکا جا سکے۔مزید برآں دنیا بھر میں فروغ پانے والے لائف سٹائل میڈیسن کے رجحان کا حوالہ دیتے ہوئے کہا گیا کہ خوراک، غذائیت اور روایتی طریقہ علاج جیسے جڑی بوٹیوں، چینی اور یونانی طب کو جدید سائنسی بنیادوں پر فروغ دیا جا رہا ہے اور پاکستان بھی اس سمت میں سنجیدہ اقدامات کر رہا ہے۔تقریب کے اختتام پر مقررین نے پاکستان کے عالمی کردار پر بھی روشنی ڈالی اور کہا کہ حالیہ عرصے میں پاکستان کی بین الاقوامی اہمیت میں اضافہ ہوا ہے جس پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنا چاہیے۔انہوں نے قومی قیادت خصوصاً وزیراعظم محمد شہباز شریف، آرمی چیف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان آج عالمی سطح پر ایک نمایاں مقام حاصل کرچکا ہے اور دنیا کی نظریں اس پر مرکوز ہیں۔انہوں نے کہا کہ عالمی توجہ کے ساتھ ذمہ داریاں بھی بڑھ گئی ہیں لہٰذا یہ وقت صرف کامیابیوں پر خوش ہونے کا نہیں بلکہ سنجیدگی، حکمت عملی اور قومی یکجہتی کے ساتھ آگے بڑھنے کا ہے۔انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پاکستان نہ صرف اپنے داخلی نظام کو مزید مضبوط بنائے گا بلکہ عالمی سطح پر بھی مثبت اور مؤثر کردار ادا کرتا رہے گا کیونکہ کوئی

بھی ملک اس بوجھ کو برداشت نہیں کرسکتا جیسا کہ کووڈ 19-کے دوران دیکھا گیا جب ترقی یافتہ ممالک کے صحت کے نظام بھی شدید دباؤ کا شکار ہو گئے، اس تناظر میں پاکستان کے صحت کے نظام کو سک کیئر سے ہیلتھ کیئر یعنی بیماری کے بعد علاج کی بجائے بیماری سے پہلے بچاؤ کی جانب منتقل کرنا وقت کی اہم ضرورت قرار دیا جا رہا ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاک چائنہ فارماسیوٹیکل ایسوسی ایشن کے حوالے سے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔وفاقی وزیر سید مصطفیٰ کمال نے کہا کہ پاکستان میں تیزی سے بڑھتی آبادی اور صحت کے شعبے کو درپیش چیلنجز کے پیش نظر حکومت نے علاج پر مبنی نظام سے ہٹ کر بیماریوں سے بچاؤ پر مرکوز حکمت عملی اپنانے کا فیصلہ کرلیا ہے، حکومت نے ماہرین اور بین الاقوامی شراکت داروں کی مشاورت سے ایک جامع حکمت عملی تیار کی ہے جس کے تحت صحت کے نظام کو ہسپتالوں کی حدود سے باہر نکال کر بنیادی سطح پر مضبوط بنانے پر توجہ دی جارہی ہے، اس میں خاندانی منصوبہ بندی، پیدائش میں مناسب وقفہ، صاف پانی کی فراہمی، حفاظتی ٹیکہ جات، متوازن غذا اور صحت مند طرز زندگی کو بنیادی ستون قرار دیا گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ ادویات اور علاج کے شعبے میں تحقیق کے فروغ کو بھی ترجیح دی جا رہی ہے جہاں شواہد پر مبنی ادویات اور پودوں سے حاصل ہونے والی ادویات پر توجہ مرکوز کی جا رہی ہے، اس مقصد کے لئے ڈرگ ریگولیٹری اتھارٹی پاکستان میں ایک خصوصی ڈیسک قائم کیا گیا ہے جو روایتی اور جڑی بوٹیوں پر مبنی ادویات کی سائنسی جانچ، کلینیکل ٹرائلز اور معیار کو یقینی بنانے میں معاونت فراہم کرے گا تاکہ صارفین اور صنعت دونوں کا اعتماد بحال ہوسکے۔تقریب سے خطاب کے دوران ممتاز سائنسدان اقبال چوہدری کی خدمات کو بھی سراہا گیا اور انہیں پاکستان میں سائنسی تحقیق اور جدت کے فروغ میں اہم کردار ادا کرنے والی شخصیت قرار دیا گیا۔پاکستان کے پاس اب مزید وقت ضائع کرنے کی گنجائش نہیں اور ٹرائل اینڈ ایرر کی پالیسی ناقابل عمل ہو چکی ہے۔انہوں نے زور دیا کہ پالیسی سازی میں ابتدا ہی سے درست سمت کا تعین ناگزیر ہے تاکہ قیمتی وقت اور وسائل کا ضیاع روکا جا سکے۔مزید برآں دنیا بھر میں فروغ پانے والے لائف سٹائل میڈیسن کے رجحان کا حوالہ دیتے ہوئے کہا گیا کہ خوراک، غذائیت اور روایتی طریقہ علاج جیسے جڑی بوٹیوں، چینی اور یونانی طب کو جدید سائنسی بنیادوں پر فروغ دیا جا رہا ہے اور پاکستان بھی اس سمت میں سنجیدہ اقدامات کر رہا ہے۔تقریب کے اختتام پر مقررین نے پاکستان کے عالمی کردار پر بھی روشنی ڈالی اور کہا کہ حالیہ عرصے میں پاکستان کی بین الاقوامی اہمیت میں اضافہ ہوا ہے جس پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنا چاہیے۔انہوں نے قومی قیادت خصوصاً وزیراعظم محمد شہباز شریف، آرمی چیف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان آج عالمی سطح پر ایک نمایاں مقام حاصل کرچکا ہے اور دنیا کی نظریں اس پر مرکوز ہیں۔انہوں نے کہا کہ عالمی توجہ کے ساتھ ذمہ داریاں بھی بڑھ گئی ہیں لہٰذا یہ وقت صرف کامیابیوں پر خوش ہونے کا نہیں بلکہ سنجیدگی، حکمت عملی اور قومی یکجہتی کے ساتھ آگے بڑھنے کا ہے۔انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پاکستان نہ صرف اپنے داخلی نظام کو مزید مضبوط بنائے گا بلکہ عالمی سطح پر بھی مثبت اور مؤثر کردار ادا کرتا رہے گا کیونکہ کوئی

بھی ملک اس بوجھ کو برداشت نہیں کرسکتا جیسا کہ کووڈ 19-کے دوران دیکھا گیا جب ترقی یافتہ ممالک کے صحت کے نظام بھی شدید دباؤ کا شکار ہو گئے، اس تناظر میں پاکستان کے صحت کے نظام کو سک کیئر سے ہیلتھ کیئر یعنی بیماری کے بعد علاج کی بجائے بیماری سے پہلے بچاؤ کی جانب منتقل کرنا وقت کی اہم ضرورت قرار دیا جا رہا ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاک چائنہ فارماسیوٹیکل ایسوسی ایشن کے حوالے سے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔وفاقی وزیر سید مصطفیٰ کمال نے کہا کہ پاکستان میں تیزی سے بڑھتی آبادی اور صحت کے شعبے کو درپیش چیلنجز کے پیش نظر حکومت نے علاج پر مبنی نظام سے ہٹ کر بیماریوں سے بچاؤ پر مرکوز حکمت عملی اپنانے کا فیصلہ کرلیا ہے، حکومت نے ماہرین اور بین الاقوامی شراکت داروں کی مشاورت سے ایک جامع حکمت عملی تیار کی ہے جس کے تحت صحت کے نظام کو ہسپتالوں کی حدود سے باہر نکال کر بنیادی سطح پر مضبوط بنانے پر توجہ دی جارہی ہے، اس میں خاندانی منصوبہ بندی، پیدائش میں مناسب وقفہ، صاف پانی کی فراہمی، حفاظتی ٹیکہ جات، متوازن غذا اور صحت مند طرز زندگی کو بنیادی ستون قرار دیا گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ ادویات اور علاج کے شعبے میں تحقیق کے فروغ کو بھی ترجیح دی جا رہی ہے جہاں شواہد پر مبنی ادویات اور پودوں سے حاصل ہونے والی ادویات پر توجہ مرکوز کی جا رہی ہے، اس مقصد کے لئے ڈرگ ریگولیٹری اتھارٹی پاکستان میں ایک خصوصی ڈیسک قائم کیا گیا ہے جو روایتی اور جڑی بوٹیوں پر مبنی ادویات کی سائنسی جانچ، کلینیکل ٹرائلز اور معیار کو یقینی بنانے میں معاونت فراہم کرے گا تاکہ صارفین اور صنعت دونوں کا اعتماد بحال ہوسکے۔تقریب سے خطاب کے دوران ممتاز سائنسدان اقبال چوہدری کی خدمات کو بھی سراہا گیا اور انہیں پاکستان میں سائنسی تحقیق اور جدت کے فروغ میں اہم کردار ادا کرنے والی شخصیت قرار دیا گیا۔پاکستان کے پاس اب مزید وقت ضائع کرنے کی گنجائش نہیں اور ٹرائل اینڈ ایرر کی پالیسی ناقابل عمل ہو چکی ہے۔انہوں نے زور دیا کہ پالیسی سازی میں ابتدا ہی سے درست سمت کا تعین ناگزیر ہے تاکہ قیمتی وقت اور وسائل کا ضیاع روکا جا سکے۔مزید برآں دنیا بھر میں فروغ پانے والے لائف سٹائل میڈیسن کے رجحان کا حوالہ دیتے ہوئے کہا گیا کہ خوراک، غذائیت اور روایتی طریقہ علاج جیسے جڑی بوٹیوں، چینی اور یونانی طب کو جدید سائنسی بنیادوں پر فروغ دیا جا رہا ہے اور پاکستان بھی اس سمت میں سنجیدہ اقدامات کر رہا ہے۔تقریب کے اختتام پر مقررین نے پاکستان کے عالمی کردار پر بھی روشنی ڈالی اور کہا کہ حالیہ عرصے میں پاکستان کی بین الاقوامی اہمیت میں اضافہ ہوا ہے جس پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنا چاہیے۔انہوں نے قومی قیادت خصوصاً وزیراعظم محمد شہباز شریف، آرمی چیف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان آج عالمی سطح پر ایک نمایاں مقام حاصل کرچکا ہے اور دنیا کی نظریں اس پر مرکوز ہیں۔انہوں نے کہا کہ عالمی توجہ کے ساتھ ذمہ داریاں بھی بڑھ گئی ہیں لہٰذا یہ وقت صرف کامیابیوں پر خوش ہونے کا نہیں بلکہ سنجیدگی، حکمت عملی اور قومی یکجہتی کے ساتھ آگے بڑھنے کا ہے۔انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پاکستان نہ صرف اپنے داخلی نظام کو مزید مضبوط بنائے گا بلکہ عالمی سطح پر بھی مثبت اور مؤثر کردار ادا کرتا رہے گا۔

بقیہ 7

بتانے پاپڑ بک میں خلل ڈالنے پر بھی پابندی عائد کی گئی ہے،نوٹیفکیشن کے مطابق دفعہ 144 آج 13 مئی سے 19 مئی 2026 تک نافذ العمل رہے گی۔حکام کا کہنا ہے کہ یہ اقدامات امن و امان برقرار رکھنے اور کسی بھی ناخوشگوار صورتحال سے نمٹنے کیلئے کیے گئے ہیں۔سکیورٹی اداروں کو ہائی الرٹ کردیا گیا ہے جبکہ مختلف داخلی و خارجی راستوں پر نگرانی مزید سخت کی جارہی ہے۔واضح رہے کہ پنجاب حکومت کا یہ اقدام بانی تحریک انصاف عمران خان سے ملاقات کے دن سے قبل اٹھایا گیا ہے۔بانی تحریک انصاف عمران خان کی بہنیں اور کارکنان بھی ملاقات کے لئے اڈیالہ جیل پہنچتے ہیں تاہم گزشتہ کئی ماہ سے بہنوں کو عمران خان سے ملاقات کی اجازت نہیں مل سکی۔جبکہ اب پنجاب حکومت نے اڈیالہ جیل کے قریب شہریوں کے کسی بھی قسم کے اجتماع پر پابندی بھی عائد کردی ہے۔

بقیہ 8

خصوصاً شہریوں کو ان کی قیادت کو فروغ دینا ہے جو ذات، قبیلے، زبان اور فرقہ واریت سے بالاتر ہو کر انسانیت کی خدمت کو اولین ترجیح دے۔تحریک کا منشور "انسانیت پہلے" کے اصول پر مبنی ہے، جس کے تحت تعلیمی اصلاحات، معیاری صحت کی سہولیات، روزگار کے نئے مواقع، نوجوانوں کی ترقی، چھوٹے کاروباریوں کی حوصلہ افزائی اور عوامی فلاح کے لیے عملی اقدامات اٹھائے جائیں گے۔اس کے علاوہ کوئٹہ کے بنیادی ڈھانچے، سڑکوں، پانی کی فراہمی، صفائی ستھرائی اور دیگر بنیادی سہولیات کی بہتری پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر لعل خان کاکڑ نے کہا کہ یہ تحریک معاشرے میں بڑھتی ہوئی نفرت، تقسیم اور تعصب کے خاتمے کے لیے کام کرے گی۔بلوچستان کے تمام طبقات، قومیتوں اور زبانوں کے درمیان امن، برداشت، اتحاد اور باہمی احترام کو فروغ دے کر ایک پرامن، ترقی یافتہ اور متحد بلوچستان کی بنیاد رکھی جائے گی۔انہوں نے مزید کہا کہ یہ تحریک عوام کی امنگوں کی ترجمانی کرتے ہوئے سماجی اور سیاسی سطح پر قابل رشک تعمیری کردار ادا کرے گی۔

بقیہ 9

ہوتی نہیں، مجھے لکھی ہوئی تقریر کرنے کا شوق نہیں، میں آپ سے دل کی باتیں کرنا چاہتی ہوں، میں خواتین کی طاقت پر یقین رکھتی ہوں، میں پاکستان کی بیٹیوں پر یقین رکھتی ہوں، مردوں سے مقابلہ کر کے جیت آنا کوئی معمولی بات نہیں، جب ہماری باصلاحیت خواتین ہر شعبے میں یوں ہی اپنا فعال کردار ادا کریں گی تو پاکستان کی ترقی کو دنیا کی کوئی طاقت نہیں روک سکے گی۔انہوں نے کہا کہ میری ذات کو چھوڑ دیں، لیکن کیا یہ خواتین کے لیے فخر کی بات نہیں ہے کہ پاکستان کی پہلی خاتون وزیر اعلیٰ کا تعلق لاہور کالج وومن یونیورسٹی سے ہے، میں نے کبھی نہیں سوچا تھا کہ 30، 32 سال قبل کالج کے جس ہال میں میرا مذاق اڑایا گیا تھا وہاں بطور وزیر اعلیٰ خطاب کروں گی، ن لیگ مردوں کی سیاسی جماعت تھی، لیکن میں نے جگہ بنائی مردوں میں اپنی جگہ بنانا، مردوں کا مقابلہ کرکے آنا اور کامیاب ہونا کوئی چھوٹی بات نہیں ہے۔وزیر اعلیٰ پنجاب کا کہنا ہے کہ میں آن لائن ہراسمنٹ پر پورا سسٹم بنا رہی ہوں، اس کو میں بہت جلد چیک کرنے جارہی ہوں، ماں باپ بچوں کی حفاظت کے لیے پابندیاں لگاتے ہیں، میں ماں باپ کو کہتی ہوں کہ جب کوئی بچی آپ کے پاس ہراسمنٹ کی شکایت لے کر آئے تو آپ اس کا ساتھ دیں۔

بقیہ 10

اسمبلی نے کتابوں پر پلاسٹک کور کی ممانعت سے متعلق بل بھی منظور کرلیا ہے۔بل سید ذوالقرنین نے ایوان میں پیش کیا۔اجلاس کے دوران انسداد بدعنوانی اسٹیبلشمنٹ کا ترمیمی بل بھی منظور کرلیا گیا۔بل ذیشان افتخار نے پیش کیا جبکہ اس حوالے سے نعیم کشور کی جانب سے پیش کی گئی ترمیم مسترد کردی گئی۔دوسری جانب ایوان میں پاکستانی کوہ پیما ثمر خان کی تاریخی کامیابی پر براڈ پیک سر کرنے کی قرارداد بھی منظور کی گئی۔قرارداد اسجد کامران نے پیش کی، قرارداد میں کہا گیا کہ ثمر خان ماؤنٹ ایلبرس سر کرنے والی پہلی پاکستانی خاتون بن گئی ہیں۔بعد ازاں قومی اسمبلی کا اجلاس کل صبح 11 بجے تک ملتوی کردیا گیا۔

بقیہ 11

سیاسی، سماجی شخصیات، ہیومن رائٹس اور سول سوسائٹی کے افراد نے شرکت کی۔پاک جاپان کلچر سینٹر جناح ٹاؤن میں 12 سے 15 مئی تک جاری رہنے والی نمائش صبح 11 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک عوام کیلئے کھلی رہے گی۔افتتاحی تقریب میں شرکت کرنے والے معزز مہمانوں کو جاپان کے اعزازی قونصل جنرل سید ندیم عالم شاہ اور پاک جاپان فرینڈشپ سوسائٹی کوئٹہ بلوچستان کے صدر (تمغہ امتیاز) سید فیروز شاہ نے خوش آمدید کہا۔پاک جاپان فرینڈشپ سوسائٹی کوئٹہ بلوچستان کے ڈائریکٹر اسرار احمد عدیل نے جاپانی کیلنڈرز نمائش کیلئے بہترین انتظامات کیے۔جاپانی کیلنڈرز نمائش کے ذریعے جاپان قونصلیٹ کوئٹہ کا مقصد جاپان اور پاکستان کے درمیان ثقافتی تبادلے کو فروغ دینا ہے تاکہ پاکستانی عوام کو ایک آسان اور باہمی ثقافتی تجربہ فراہم کیا جاسکے۔پاک جاپان فرینڈشپ سوسائٹی کوئٹہ بلوچستان اور جاپان قونصلیٹ کراچی کے تعاون سے جاپانی کیلنڈرز کی نمائش میں مختلف جاپانی کیلنڈرز پیش کیے گئے جن میں قدرتی مناظر، جاپان کے روایتی موسموں، جاپانی کلچر، لائف سٹائل، مناظر، تاریخی ورثہ، جاپان کے روایتی آرٹ، قدرتی نظارے، آٹو موبائل ٹیکنالوجی حیات، تاریخی ورثہ، ٹوڈو، جاپانی خواتین، ہنست، تفریحی و تاریخی مقامات، وزارت ماحولیات، فائن آرٹ، جاپانی پھولوں ایکیبانہ کا آرٹ اور سرکاری و نیم سرکاری اداروں سمیت جاپان کے ہر شعبہ زندگی کی نمائندگی کرتے موضوعات کی تصاویر والے پرنٹ شامل ہیں۔یہ کیلنڈرز جاپانی معاشرے میں وقت، موسموں اور فطرت کے ساتھ ہم آہنگی کے تصور کی عکاسی کرتے ہیں۔"جاپانی کیلنڈرز نمائش" حقیقت میں جاپان کی تہذیبی روح، فن اور جمالیات کی ایک جیتی جاگتی تصویر ہے۔عام تصور میں کیلنڈر محض تاریخوں کی ترتیب اور دنوں کی گنتی کا ایک ذریعہ ہوتا ہے، مگر جاپانی روایت میں یہ محض ایک عملی شے نہیں بلکہ ایک تخلیقی اظہار ہے۔اس نمائش میں پیش کیے گئے جاپانی کیلنڈرز اس تصور کو ایک نئے زاویے سے روشناس کراتے ہیں۔ہر کیلنڈر وقت کو صرف شمار نہیں کرتا بلکہ اسے محسوس کرنے، جینے اور سمجھنے کی دعوت دیتا ہے۔کیلنڈرز فطرت کے مختلف رنگوں کو اپنے اندر سمیٹے ہوئے ہیں۔کہیں برف پوش پہاڑوں کی خاموشی ہے، کہیں بہار کے کھلتے پھولوں کی مہک اور کہیں خزاں کی اداس مگر دلکش سنہری جھلک۔ان مناظر کے ذریعے جاپانی معاشرہ اپنی فطرت سے قربت، موسموں کے ساتھ ہم آہنگی اور زندگی کے تسلسل کو نہایت خوبصورتی سے بیان کرتا ہے۔ہر صفحہ گویا ایک نئی داستان، ایک نیا احساس اور ایک نیا منظر نامہ پیش کرتا ہے۔جاپانی فن کی سادگی میں پوشیدہ گہرائی ہے۔یہ سادگی محض ظاہری نہیں بلکہ ایک مکمل فلسفہ ہے، جس میں کم سے کم عناصر کے ذریعے زیادہ سے زیادہ تاثیر پیدا کی جاتی ہے۔نمائش میں موجود کیلنڈرز اس اصول کی جیتی جاگتی مثال ہیں۔رنگوں کا محتاط انتخاب، خالی جگہوں کا بامعنی استعمال اور تصاویر کی متوازن ترتیب ایک ایسا بصری سکون پیدا کرتی ہے جو دیکھنے والے کو لمحہ بھر کیلئے ٹھہرنے اور سوچنے پر مجبور کردیتا ہے۔یہ فن ہمیں سکھاتا ہے کہ خوبصورتی شور میں نہیں بلکہ خاموشی میں بھی پنہاں ہوسکتی ہے۔یہ نمائش ہمیں یاد دلاتی ہے کہ دنیا کی مختلف ثقافتیں زندگی کو مختلف انداز میں محسوس اور بیان کرتی ہیں، جاپانی کیلنڈرز کے ذریعے وقت کو ایک فن پارے میں ڈھال دینا انسانی تخلیق کی ایک شاندار مثال ہے۔

بقیہ 12

کو کیس سے الگ کیا جائے کیونکہ وہ تقریب میں موجود تھے اور حملہ آور حملے کے اہداف میں شامل تھے۔وکیل کا کہنا ہے کہ کسی مبینہ حملے کے متاثرین کا خود اس مقدمے کی پیروی کرنا مناسب نہیں۔استغاثہ کے مطابق کول ایلن نے گزشتہ ماہ وائٹ ہاؤس رپورٹرز ڈنر کے دوران سیکیورٹی چیک پوائنٹ پر حملہ کیا اور ایک امریکی خفیہ سروس اہلکار پر شاٹ گن سے فائرنگ کی کوشش کی حکام کا کہنا ہے کہ ملزم صدر ٹرمپ اور ان کی انتظامیہ کے دیگر ارکان کو نشانہ بنانا چاہتا تھا۔عدالتی دستاویزات کے مطابق ملزم ٹرین کے ذریعے کیلیفورنیا سے واشنگٹن پہنچا اور اس کے قبضے سے شاٹ گن، پستول اور چاقو برآمد ہوئے۔اس نے اسی ہوٹل میں کمرہ بھی بک کر رکھا تھا جہاں 25 اپریل کو وائٹ ہاؤس کورسپانڈنٹس ڈنر منعقد ہوا تھا۔عدالت نے استغاثہ کو دفاع کی درخواست پر 22 مئی تک جواب جمع کرانے کی ہدایت کردی۔

بقیہ 13

ذرائع تلاش کرنا شروع کر دیئے ہیں جس کے تحت روس سے تیل اور توانائی وسائل کی درآمدات میں اضافے پر غور کیا جا رہا ہے۔پاکستانی سفیر نے کہا کہ مستقبل میں ترکمانستان اور روس سے جنوبی ایشیا تک تیل اور پائپ لائن منصوبوں پر بھی بات چیت ہو سکتی ہے، اسلام آباد صرف توانائی کے شعبے تک محدود نہیں بلکہ پورے یوریشین خطے کو سڑکوں، ریلوے، پائپ لائنز، انسانی روابط اور تعلیمی تعاون کے ذریعے جوڑنے کے وژن پر کام کر رہا ہے۔سفیر نے کہا کہ ایران سے متعلق جاری مذاکرات میں اس وقت سب سے اہم مسئلہ آبنائے ہرمز کو دوبارہ کھولنا ہے، جو مذاکرات کے آغاز میں سرے سے زیر بحث ہی نہیں تھا۔انہوں نے کہا کہ چونکہ یہ مذاکرات انتہائی خفیہ نوعیت کے ہیں اس لیے تمام تفصیلات سامنے نہیں آرہیں، تاہم آبنائے ہرمز کی بحالی اب سب سے اہم موضوع بن چکی ہے۔فیصل نیاز ترمذی کے مطابق دنیا کے تقریباً 22 فیصد تیل، ایل این جی، کھاد اور کھاد کی تیاری کے خام مال کی ترسیل آبنائے ہرمز کے ذریعے ہوتی ہے، اس لیے اس راستے کی بندش عالمی معیشت پر گہرے اثرات مرتب کر سکتی ہے۔انہوں نے کہا کہ خلیجی خطے میں تقریباً 3 کروڑ تارکین وطن مقیم ہیں، جن میں پاکستانی، بھارتی، بنگلہ دیشی، فلپائنی، سری لنکن، نیپالی اور دیگر ممالک کے شہری شامل ہیں جبکہ ان ممالک کی معیشتوں کا بڑا انحصار خلیجی ممالک سے آنے والی ترسیلات زر پر ہے۔پاکستانی سفیر نے امید ظاہر کی کہ سفارتی کوششوں کے ذریعے موجودہ بحران کو پرامن حل کی جانب لے جایا جا سکے گا۔دریں اثنا معرکہ حق کی کامیابی کا ایک سال مکمل ہونے پر ماسکو میں قائم پاکستانی سفارتخانے میں خصوصی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔تقریب میں سول و عسکری حکام اور پاکستانی کمیونٹی کی بڑی تعداد نے بھرپور شرکت کی۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے معرکہ حق میں پاکستان کی کامیابی کو اجاگر کیا۔مقررین نے معرکہ حق کے شہدا اور غازیوں کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا۔تقریب میں معرکہ حق کے حوالے سے خصوصی دستاویزی فلم بھی دکھائی گئی۔ 10 مئی 2026 کو پاکستان سمیت دنیا بھر میں موجود پاکستانیوں نے یوم معرکہ حق قومی جذبے کے ساتھ منایا۔

بقیہ 14

گیا ہے۔گھی کی قیمت میں 3 روپے فی کلو اضافے کے بعد یہ 598 روپے فی کلو پہنچ گئی ہے جبکہ کوکنگ آئل کی قیمت 618 روپے فی کلو ہوگئی ہے، جو کہ تاریخ کی بلند ترین سطح ہے۔گزشتہ ہفتے آٹے کے 10 کلو والے تھیلے کی قیمت میں 10 سے 20 روپے کا اضافہ ہوا، جس کے بعد آٹا 200 روپے فی کلو میں فروخت ہورہا ہے۔اسی طرح عمدہ کوالٹی کے چاول کی قیمتیں عام آدمی کی پہنچ سے باہر ہوچکی ہیں۔شہریوں نے بڑھتی ہوئی مہنگائی پر شدید غم و غصے کا اظہار کیا، عوام کا مطالبہ ہے کہ حکومت صورتحال کا فوری نوٹس لے اور بنیادی ضرورت کی اشیا کی قیمتوں میں کمی کر کے ریلیف فراہم کرے۔

بقیہ 15

ایک ذریعے کا کہنا تھا کہ امریکا نے خاموشی سے جنگ میں یو اے ای کی شمولیت کا خیرمقدم کیا۔وال اسٹریٹ جرنل کے مطابق ایران نے ان حملوں پر جوابی کارروائی کرتے ہوئے یو اے ای اور کویت پر بیلسٹک میزائل اور ڈرون حملے کیے۔رپورٹ میں مزید کہا گیا کہ ایران نے کسی بھی دوسرے ملک کے مقابلے میں سب سے زیادہ 2800 حملے یو اے ای پر کیے جو اسرائیل پر کیے گئے حملوں سے بھی زیادہ ہیں۔ذرائع کے مطابق ان حملوں سے یو اے ای کی معیشت کو نمایاں نقصان پہنچا، ملازمین کی برطرفیاں اور جبری رخصتیوں میں اضافہ ہوا، ملک کی سکیورٹی حکمت عملی میں بنیادی تبدیلی آئی۔یو اے ای کی وزارت خارجہ نے حملوں سے متعلق تبصرہ کرنے سے گریز کیا تاہم پہلے جاری بیان کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ عرب امارات کو ان کارروائیوں پر جواب کا حق حاصل ہے۔

بقیہ 16

ہے۔ایکس پر جاری اپنے بیان میں کہا کہ گزشتہ 24 گھنٹے کے دوران لبنان پر 100 حملے کئے گئے جس کے نتیجے میں کئی شہری جاں بحق اور متعدد خاندان بے گھر ہوئے۔انہوں نے کہا کہ اقوام متحدہ اور امدادی ادارے متاثرہ افراد تک مدد پہنچانے کیلئے ہر ممکن اقدامات کر رہے ہیں، تاہم موجودہ صورتحال میں سب سے اہم ضرورت تشدد کے خاتمے اور حقیقی جنگ بندی کی ہے۔ان کا مزید کہنا تھا کہ لبنان میں بڑھتی ہوئی کشیدگی شہری آبادی کے لئے سنگین خطرہ بنتی جا رہی ہے جبکہ مسلسل حملوں کے باعث انسانی بحران مزید شدت اختیار کر سکتا ہے۔ادھر اسرائیلی میڈیا کے مطابق مسیحی علامت کی بے حرمتی کرنے والے فوجی اہلکاروں کو سزا سنادی گئی ہے۔اسرائیلی میڈیا رپورٹ کے مطابق جنوبی لبنان میں مسیحی علامت کی بے حرمتی کرنے والے فوجی کو 21 دن قید کی سزا دی گئی ہے۔میڈیا رپورٹ کے مطابق مجسمے کو ٹھکرانے والے فوجی کو 14 دن قید کی سزا سنائی گئی ہے۔گزشتہ ہفتے فوجی آپریشن کے دوران اسرائیلی اہلکار نے بی بی مریم کے مجسمے کی بے حرمتی کی تھی، دوسرے اسرائیلی اہلکار نے واقعے کی ویڈیو بنا کر وائرل کی جس سے عیسائیوں میں غصے کی لہر دوڑ گئی تھی۔

بقیہ 17

خاندانوں کے غم میں برابر کا شریک ہوں، دہشت گرد عناصر ملک کے امن و استحکام کو نقصان پہنچانے کی مذموم سازش کر رہے ہیں۔معصوم شہریوں اور سکیورٹی اہلکاروں کو نشانہ بنانا انتہائی بزدلانہ اور انسانیت سوز فعل ہے، قوم سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھے گی، پولیس فورس دہشت گردی کے خلاف جنگ میں فرنٹ لائن پر کردار ادا کر رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لئے پوری قوم متحد ہے۔سپیکر قومی اسمبلی نے شہدا کے درجات کی بلندی، زخمیوں کی جلد صحتیابی اور سوگوار خاندانوں کیلئے صبر جمیل کی دعا کی۔

بقیہ 18

گفتگو کرتے ہوئے کہی ملاقات میں عدالتی اصلاحات، قانونی نظام کی بہتری، ادارہ جاتی تعاون اور پاکستان و کینیڈا کے درمیان دوطرفہ تعلقات کے فروغ پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ملاقات کے دوران کینیڈا کے ہائی کمشنر نے ایران اور امریکا کے درمیان کشیدگی میں پاکستان کی مصالحانہ اور تعمیری سفارتی کوششوں کو سراہتے ہوئے خطے میں امن و استحکام کے لیے پاکستان کے مثبت کردار کی تعریف کی۔دونوں جانب نے توانائی کے تحفظ، اہم معدنیات، ماحولیاتی تعاون اور پائیدار ترقی کے شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مزید فروغ دینے میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا۔اس موقع پر پاکستان کے معدنی وسائل کی ترقی اور صاف توانائی کی استعداد سے بھرپور استفادے کے لیے کینیڈین کمپنیوں کے بڑھتے ہوئے کردار کو بھی سراہا گیا۔کینیڈین ہائی کمشنر نے عدالتی تربیت، تکنیکی معاونت اور ادارہ جاتی شراکت داری کے فروغ کے لیے کینیڈا کے تعاون کو جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا جبکہ وفاقی وزیر قانون و انصاف اعظم نذیر تارڑ نے پاکستان کے نظام انصاف کی بہتری اور عدالتی اصلاحات میں کینیڈا کے تعاون کو قابل قدر قرار دیا۔

بقیہ 19

ڈھانچے پر حملوں کے بعد سعودی عرب کی تیل کی پیداوار 70 لاکھ بیرل یومیہ تک گر گئی۔متحدہ عرب امارات واحد خلیجی ملک ہے جس کی تیل کی پیداوار اپریل میں بڑھی، اس کے علاوہ وینزویلا اور لیبیا کی بھی اپریل میں تیل کی پیداوار بڑھی۔

بقیہ 20

لاکھ 22 ہزار 206 روپے کی سطح پر پہنچ گیا ہے۔اسی طرح 24 قیراط فی تولہ چاندی کا بھاؤ 395 روپے بڑھ کر 8 ہزار 908 روپے پر پہنچ گیا ہے۔دوسری جانب انٹرنیشنل مارکیٹ میں فی اونس سونا 41 ڈالر بڑھ کر 4701 ڈالر پر پہنچ گیا ہے۔

بقیہ 21

میں کوئی بھی فروخت کنندہ پلاسٹک کور والی کتابیں فروخت یا تقسیم نہیں کرسکے گا، پہلی بار خلاف ورزی پر 50 ہزار روپے تک جرمانہ عائد کیا جائے گا جبکہ دوبارہ خلاف ورزی کی صورت میں جرمانہ ایک لاکھ روپے تک ہوسکتا ہے۔بل کا بنیادی مقصد تعلیمی اداروں اور اسکولوں میں کتابوں پر پلاسٹک چڑھانے کے رجحان کا خاتمہ اور ماحول دوست اقدامات کو فروغ دینا ہے۔قانون کے تحت اسلام آباد انتظامیہ کے مجاز افسران کو موقع پر معائنہ کرنے، مواد ضبط کرنے اور جرمانہ عائد کرنے کے اختیارات حاصل ہوں گے۔تاہم بایو ڈیگریڈیبل مواد، ہارڈ بیک کور اور ملٹی پیک کتابوں کے حفاظتی کور کو اس پابندی سے استثنیٰ حاصل ہوگا۔یہ بل سینیٹ آف پاکستان سے پہلے ہی منظور ہو چکا تھا جبکہ اسے سید نوید قمر نے قومی اسمبلی میں پیش کیا۔

بقیہ 22

مزید وسیع کرتے ہوئے تین اہم افراد کو طلب کرلیا ہے۔ذرائع کے مطابق طلب کیے جانے والوں میں جان محمد، قاضی منظور اور یاسین جعفر شامل ہیں، جنہیں متعلقہ ریکارڈ اور وضاحت کے لیے اینٹی کرپشن حکام کے سامنے پیش ہونے کی ہدایت جاری کی گئی ہے۔یو این اے کے مطابق محکمہ تعلیم میں مختلف آسامیوں پر ہونے والی بھرتیوں کے دوران میرٹ کی مبینہ خلاف ورزی، غیرقانونی سفارشات، جعلی دستاویزات اور قواعد سے ہٹ کر تقرریوں کی شکایات موصول ہونے کے بعد اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ نے تحقیقات کا آغاز کیا تھا۔ابتدائی انکوائری میں متعدد بے ضابطگیوں کے شواہد سامنے آنے کے بعد تحقیقات کا دائرہ مزید وسیع کیا گیا ہے۔ذرائع کا کہنا ہے کہ تحقیقات کے دوران بھرتیوں سے متعلق ریکارڈ، تقرری آرڈرز، امیدواروں کی فائلیں، انٹرویو اور ٹیسٹ کے نتائج سمیت دیگر اہم دستاویزات کا جائزہ لیا جا رہا ہے۔اینٹی کرپشن حکام اس بات کا بھی جائزہ لے رہے ہیں کہ آیا بھرتیوں میں سیاسی اثر و رسوخ یا اختیارات کا ناجائز استعمال تو نہیں کیا گیا۔تحقیقاتی ذرائع کے مطابق طلب کیے گئے تینوں افراد سے بھرتیوں کے مختلف مراحل، تقرریوں کی منظوری، امیدواروں کے انتخاب کے طریقہ کار اور متعلقہ کمیٹیوں کے کردار سے متعلق سوالات کیے جائیں گے۔ان افراد کے بیانات کی روشنی میں مزید شخصیات کو بھی طلب کیے جانے کا امکان ظاہر کیا جا رہا ہے۔محکمہ تعلیم بلوچستان میں مبینہ غیرقانونی بھرتیوں کا معاملہ گزشتہ کچھ عرصے سے زیر بحث رہا ہے، جہاں مختلف حلقوں کی جانب سے شفاف تحقیقات کا مطالبہ کیا جا رہا تھا۔تعلیمی حلقوں کا کہنا ہے کہ اگر میرٹ کی خلاف ورزی ثابت ہوئی تو اس سے نہ صرف محکمہ تعلیم کی ساکھ متاثر ہوئی بلکہ اہل امیدواروں کے حقوق بھی متاثر ہوئے ہیں۔

بقیہ 23

ان مسائل کے حل کا مؤثر راستہ بھی ہے۔کوئٹہ کے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے خواجہ آصف نے کہا کہ بلوچستان پاکستان کا ایک اہم اور حساس صوبہ ہے، جس کی ترقی اور خوشحالی ملک کے استحکام سے جڑی ہوئی ہے۔انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت ہمیشہ بلوچستان کے عوام کے مسائل کے حل، ترقیاتی منصوبوں اور محرومیوں کے خاتمے کے لیے کوششیں کرتی رہی ہے، انہوں نے کہا کہ صوبے میں بعض خامیاں اور چیلنجز ضرور موجود ہیں تاہم ان پر قابو پانے کے لیے سیاسی ہم آہنگی، عوامی اعتماد اور تمام اسٹیک ہولڈرز کے درمیان مثبت ماحول پیدا کرنا ضروری ہے۔ان کا کہنا تھا کہ بلوچستان کے نوجوانوں کو روزگار، تعلیم اور ترقی کے بہتر مواقع فراہم کرنا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے تاکہ وہ قومی دھارے میں بھرپور کردار ادا کرسکیں۔وفاقی وزیر دفاع نے مزید کہا کہ بلوچستان کے وسائل پر سب سے پہلا حق یہاں کے عوام کا ہے، اس لیے ضروری ہے کہ صوبے کے قدرتی وسائل اور ترقیاتی فنڈز کو مقامی عوام کی فلاح و بہبود، بنیادی سہولیات اور ترقی پر خرچ کیا جائے۔انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ سیاسی قوتوں، عوام اور ریاستی اداروں کے باہمی تعاون سے بلوچستان میں پائیدار امن اور ترقی کا خواب ضرور پورا ہوگا۔

بقیہ 24

تک بڑھانے پر غور کرسکتا ہے۔ایرانی پارلیمانی کمیشن کے ترجمان ابراہیم رضائی نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر اپنے بیان میں کہا کہ امریکا اور اسرائیل کی جانب سے کسی بھی فوجی کارروائی کی صورت میں ایران کے ممکنہ ردعمل میں 90 فیصد یورینیم افزودگی بھی شامل ہوسکتی ہے۔انہوں نے کہا کہ اس معاملے کا پارلیمنٹ میں جائزہ لیا جائے گا اور قومی مفادات کے مطابق فیصلہ کیا جائے گا۔ایران کا یہ بیان ایسے وقت سامنے آیا ہے جب مشرق وسطیٰ میں ایران، امریکا اور اسرائیل کے درمیان کشیدگی مسلسل بڑھ رہی ہے۔حالیہ ہفتوں میں ایران کے جوہری پروگرام اور آبنائے ہرمز کی صورتحال عالمی توجہ کا مرکز بنی ہوئی ہے۔ماہرین کے مطابق 90 فیصد یورینیم افزودگی کو انتہائی حساس سطح سمجھا جاتا ہے، کیونکہ یہ ہتھیاروں کے معیار کے قریب تصور کی جاتی ہے۔مغربی ممالک پہلے ہی ایران کے جوہری پروگرام پر شدید تحفظات کا اظہار کرتے رہے ہیں۔امریکا اور اسرائیل کی جانب سے ایران پر دباؤ بڑھانے، ممکنہ فوجی کارروائیوں اور پابندیوں کے تناظر میں تہران کے اس بیان کو خطے میں مزید کشیدگی کا اشارہ قرار دیا جا رہا ہے۔

بقیہ 25

چکا ہے۔رپورٹ میں اقوام متحدہ اور انسانی حقوق کی تنظیموں کے اعداد و شمار کا حوالہ دیتے ہوئے کہا گیا کہ فلسطینیوں کے خلاف جنسی تشدد کے واقعات منظم ریاستی پالیسی کا حصہ دکھائی دیتے ہیں، سیاسی اختلافات سے قطع نظر فلسطینیوں کے ساتھ بدسلوکی میں جنسی تشدد کے کردار کو نظرانداز نہیں کیا جا سکتا۔دوسری جانب اسرائیلی وزارت خارجہ نے ان الزامات کو سختی سے مسترد کرتے ہوئے کہا کہ اخبار نے اسرائیل کے خلاف جھوٹا اور اشتعال انگیز پروپیگنڈا شائع کیا ہے۔ادھر اقوام متحدہ کے ماہرین نے گزشتہ ماہ بھی تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا تھا کہ فلسطینی علاقوں میں جنسی تشدد مبینہ طور پر اسرائیلی قبضے کا ایک مرکزی ہتھیار بنتا جا رہا ہے، ایسے اقدامات محض انفرادی واقعات نہیں بلکہ منظم نوعیت رکھتے ہیں۔یہ رپورٹ ایسے وقت سامنے آئی ہے جب غزہ جنگ اور فلسطینی قیدیوں کے ساتھ سلوک کے حوالے سے اسرائیل کو عالمی سطح پر بڑھتی ہوئی تنقید کا سامنا ہے۔

بقیہ 26

کرتا ہے۔اس سال یہ دن "نرسز ہمارا مستقبل۔ باختیار نرسز زندگی بچاتے ہیں" کے عنوان کے تحت منایا جا رہا ہے۔یہ موضوع بلاشبہ نرسز کی پیشہ ورانہ مہارت اور بہترین طبی تربیت کی ضرورت کا عکاس ہے۔جدید تربیت سے آراستہ نرسز بروقت طبی امداد سے قیمتی جانوں کو بچا سکتی ہیں۔انسانیت کے خدمت گاروں کی بیش قدر خدمات باعث فخر ہیں۔بیماریوں سے دوچار مریضوں کے لئے نرسز کی تیمارداری انسانی خدمت کے جذبہ کا عکاس ہے۔اپنی خدمات کے عوض مراعات سے قطع نظر مشکل حالات میں بھی نرسز انسانی خدمت کے لیے صف اول میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں۔کسی بھی ملک میں صحت کی بنیادی سہولیات کی عوام تک آسانی اور موثر فراہمی نرسز کی خدمات کے بغیر ممکن نہیں۔شعبہ طب کی مضبوطی کا دارومدار بہت حد تک ڈاکٹر اور نرسز کی متناسب موجودگی میں ہوتا ہے۔وفاقی حکومت ملک میں یہ تناسب مزید بہتر کرنے کے لئے پرعزم ہے۔اس تناظر میں تمام متعلقہ اداروں، صوبائی حکومتوں کے ساتھ حکمت عملی پر کام جاری ہے۔

بقیہ 27

سے لائے گئے پٹرول کو قانونی قرار دیا جائے جس سے ملکی ڈالرز کی بھی بچت ہوگی۔سینیٹرز نے مزید کہا کہ اس اقدام سے پنجاب کے عوام بھی بلوچستان کے لوگوں کی کوششوں کو سراہیں گے۔

بقیہ 28

10 مخصوص اضلاع میں 61 لاکھ 90 ہزار، سندھ کے 20 اضلاع میں 57 لاکھ 90 ہزار، خیبرپختونخوا کے 23 اضلاع میں 46 لاکھ 10 ہزار جبکہ بلوچستان کے 25 اضلاع میں 19 لاکھ 90 ہزار بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے۔اسلام آباد میں بھی 4 لاکھ 50 ہزار بچوں کو پولیو ویکسین دی جائے گی۔نیشنل ای او سی نے والدین سے اپیل کی ہے کہ وہ پولیو ٹیموں کا خیر مقدم کریں اور اپنے پانچ سال سے کم عمر بچوں کو لازمی پولیو کے قطرے پلوائیں تاکہ انہیں عمر بھر کی معذوری سے محفوظ بنایا جا سکے۔

بقیہ 29

کرنے کی ضرورت ہے تاکہ عوام کو مستند، بروقت اور شفاف معلومات کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے۔اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر احسن اقبال نے کہا کہ میڈیا ریاست اور عوام کے درمیان مضبوط پل کی حیثیت رکھتا ہے لہٰذا میڈیا کو قومی تعمیر، مثبت سوچ کے فروغ اور عوامی شعور بیدار کرنے میں اپنا موثر کردار ادا کرنا ہوگا۔ملاقات میں اس امر پر بھی اتفاق کیا گیا کہ پاکستانی ثقافت، سماجی اقدار اور خاندانی نظام کے فروغ کو میڈیا پالیسی کا اہم حصہ بنایا جائے تاکہ نئی نسل کو اپنی تہذیبی شناخت اور قومی روایات سے جوڑا جا سکے۔وفاقی وزیر اطلاعات عطا اللہ تارڑ نے اس عزم کا اظہار کیا کہ حکومت میڈیا کے شعبے کو جدید ٹیکنالوجی، پیشہ ورانہ مہارت اور ذمہ دارانہ صحافت کے اصولوں کے مطابق مزید موثر بنانے کے لیے عملی اقدامات جاری رکھے گی۔ملاقات میں اس عزم کا اعادہ کیا گیا کہ وقت آ گیا ہے کہ میڈیا کا شعبہ محض روایتی انداز سے نکل کر ذمہ داری، پیشہ ورانہ مہارت اور واضح قومی مقصد کے ساتھ آگے بڑھے تاکہ پاکستان کے مثبت تشخص کو عالمی سطح پر موثر انداز میں اجاگر کیا جا سکے۔

بقیہ 30

ڈالر فی بیرل تک پہنچ گئی جبکہ ٹیکس ادائیگیاں ایک ماہ کی تاخیر سے کی جاتی ہیں۔امید ہے کہ مئی میں اضافی آمدن مزید بڑھے گی، کیونکہ اپریل میں روسی تیل کی اوسط قیمت 94.9 ڈالر فی بیرل رہی۔مئی میں ادا کیے جانے والے تیل و گیس ٹیکس اسی بنیاد پر شمار کیے جائیں گے، تاہم اس میں اضافی آمدن پر ٹیکس (NDD) شامل نہیں ہوگا، جو تیل پیدا کرنے والی کمپنیاں سال میں صرف چار بار ادا کرتی ہیں۔کومرسانٹ کے مطابق، 2026 کے پہلے چار مہینوں میں 2025 کے اسی عرصے کے مقابلے میں روس کی تیل و گیس آمدن میں مجموعی کمی برقرار ہے، لیکن توقع ہے کہ یہ تیزی سے کم ہو جائے گی۔مارچ اور اپریل دونوں میں اوسط قیمت 2026 کے بجٹ میں مقرر کردہ 59 ڈالر فی بیرل سے نمایاں طور پر زیادہ رہی۔اقتصادی ترقی کی وزارت کے ماہانہ اعداد و شمار کے مطابق، پہلے چار مہینوں میں یورالز کروڈ کی اوسط قیمت بھی اس سطح سے زیادہ یعنی 64.4 ڈالر فی بیرل رہی۔اخبار نے کہا کہ سال بہ سال موازنہ میں بھی صورتحال اتنی بہتر نہیں لگتی۔جنوری سے اپریل 2026 کے دوران روس کی تیل و گیس آمدن 2,298 ارب روبل 2025 کے اسی عرصے 3,727 ارب روبل کے مقابلے میں 38 فیصد کم رہی۔تاہم، توقع ہے کہ یہ فرق کم ہو جائے گا، کیونکہ گزشتہ سال اپریل سے تیل کی قیمتیں گرنا شروع ہوئی تھیں اور دسمبر میں 39.2 ڈالر فی بیرل تک پہنچ گئی تھیں۔اس لیے سال بہ سال موازنہ کی بنیاد مزید کم ہوتی جائے گی۔جنوری سے اپریل 2026 کے دوران روس کی تیل و گیس آمدن 2,298 ارب روبل 2025 کے اسی عرصے 3,727 ارب

بقیہ 1

ایف نے تجارت کی آڑ میں منی لانڈرنگ روکنے، بینی فیشل اونرشپ کی معلومات کے تبادلے میں موجود خامیاں دور کرنے اور مالیاتی نگرانی کا نظام مزید سخت بنانے کا مطالبہ کیا ہے جبکہ عالمی مالیاتی ادارے نے بینکاری شعبے، غیر مالیاتی کاروباری اداروں اور مختلف شعبوں میں مشکوک لین دین کی نگرانی پر بھی تشویش کا اظہار کیا جبکہ بعض شعبوں میں کالے دھن اور غیر ٹیکس شدہ سرمایہ کاری کی نشاندہی بھی کی گئی ہے۔

بقیہ 2

حقوق اور ملاقاتوں کے بعد ہونے والی سیاسی گفتگو بحث کا مرکز بنے رہے۔ بتایا گیا ہے کہ سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل ساجد بیگ کی جانب سے عدالت کو ملاقات کی اجازت نہ دینے کی وجوہات بتائیں، اس ضمن میں جمع کروائی جانے والی رپورٹ میں انہوں نے کہا کہ بشریٰ بی بی سے ملاقات کے بعد فیملی ممبران باہر آکر سیاسی گفتگو کرتے ہیں جیل انتظامیہ نے بشریٰ بی بی کی بہن مریم ریاض وٹو کے ٹوئٹس کو بھی رپورٹ کا حصہ بنایا اور کہا کہ ملاقاتوں کے بعد اس طرح کا بیانیہ سامنے آتا ہے جو جیل رولز کے خلاف ہے جیل میں اس وقت 7 ہزار 200 قیدی موجود ہیں اور تمام ملاقاتیں جیل مینوئل اور آن لائن پری ریزرویشن مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم کے تحت طے کی جاتی ہیں ایڈووکیٹ جنرل نوید ملک نے عدالت کو بتایا کہ سپرنٹنڈنٹ نے فوری ملاقات کی اجازت نہیں دی بلکہ عدالتی حکم کی روشنی میں درخواست کا جائزہ لے کر فیصلہ کیا جیل کا ایک مکمل نظام ہے جسے قیدیوں کی بڑی تعداد کے پیش نظر برقرار رکھنا ضروری ہے۔ جسٹس ارباب محمد طاہر نے معاملے کی حساسیت کو دیکھتے ہوئے کہا کہ عدالت اس درخواست پر جلد بازی میں کوئی فیصلہ نہیں کرنا چاہتی ہمیں پورا طریقہ کار اور جیل رولز کو ٹھیک سے سمجھ کر فیصلہ کرنا ہے، عدالت نے فریقین سے آئندہ سماعت پر جیل مینوئل اور متعلقہ قوانین کو مدنظر رکھ کر تفصیلی دلائل طلب کر لیے اور کیس کی مزید سماعت 14 مئی تک ملتوی کر دی گئی ہے، جہاں عدالت یہ طے کرے گی کہ آیا جیل انتظامیہ کا ملاقات سے انکار قانونی طور پر درست ہے یا نہیں۔

بقیہ 3

داؤد شاہ، سردار شادی خان لونی، حاجی، کونسلر یونس کاکڑ، سعید احمد سیلاچی، حاجی میر نصیب اللہ شاہ، میر مولا بخش کورگیج سمیت شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی تقریب میں اسٹیج سیکرٹری کے فرائض مجیب اللہ کے شاہین نے سرانجام دیئے۔ تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے کیا گیا جبکہ ہال پاکستان زندہ باد اور پاک فوج زندہ باد کے نعروں سے گونج اٹھا۔ مقررین نے اپنے خطاب میں پاک فوج کی قربانیوں، بہادری اور ملکی سلامتی کے لیے دی جانے والی لازوال خدمات کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ مقررین کا کہنا تھا کہ بنیان المرصوص ملکی دفاع، قومی یکجہتی اور دشمن کے ناپاک عزائم کو ناکام بنانے کی ایک روشن مثال ہے۔ پاک فوج نے ہمیشہ مادر وطن کے دفاع کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا اور قوم کو ہر مشکل گھڑی میں تحفظ فراہم کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی عوام اپنی بہادر افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور ملکی سلامتی کے خلاف ہر سازش کو ناکام بنایا جائے گا۔ پاکستان مسلم لیگ کے صوبائی صدر عقیل احمد افغانی نے اپنے خطاب میں کہا کہ پاک فوج نے اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور عظیم قربانیوں سے دنیا بھر میں پاکستان کا نام روشن کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ قوم اپنے شہداء اور غازیوں کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کرے گی۔ انہوں نے کشمیر اور فلسطین کے مظلوم مسلمانوں کی آزادی کے لیے بھی خصوصی دعا کی اور کہا کہ پاکستان ہمیشہ مظلوم مسلمانوں کی آواز بلند کرتا رہے گا۔ عقیل احمد افغانی نے عوام پر زور دیتے ہوئے کہا کہ ملک کی سلامتی، استحکام اور نظریاتی سرحدوں کے تحفظ کے لیے پاکستان مسلم لیگ میں شامل ہوکر اتحاد و یکجہتی کا مظاہرہ کریں اور پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑے ہوکر دشمن کے ہر ناپاک عزائم کو ناکام بنائیں۔ تقریب کے اختتام پر پاکستان کی سلامتی، استحکام، کشمیر و فلسطین کی آزادی، شہداء کے بلند درجات اور پاک فوج کی کامیابی و سربلندی کے لیے خصوصی دعا بھی کی گئی۔

بقیہ 4

فوجی ٹرانسپورٹ طیارے ٹرمپ کے دورے کے لیے درکار گاڑیاں، سکیورٹی آلات اور دیگر لاجسٹک سامان لے کر آئے ہیں۔ صدر ٹرمپ آج 13 سے 15 مئی کے دوران چین کا دورہ کریں گے، جسے واشنگٹن اور بیجنگ کے درمیان پیچیدہ تعلقات کے باوجود سفارتی روابط کی نئی کوشش قرار دیا جا رہا ہے۔ رپورٹ کے مطابق یہ طیارے امریکی صدر کے دوروں کے لیے سکیورٹی اور آپریشنل تیاریوں کا اہم حصہ ہوتے ہیں۔ ادھر وائٹ ہاؤس نے ٹیسلا کے سربراہ ایلون مسک اور ایپل کے چیف ایگزیکٹو ٹم کک کو امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے رواں ہفتے ہونے والے دورہ چین میں شرکت کی دعوت دے دی۔ بلومبرگ کی رپورٹ کے مطابق ایک وائٹ ہاؤس عہدیدار کا کہنا ہے کہ گولڈمین ساکس کے ڈیوڈ سولومن، بلیک اسٹون کے اسٹیفن شوارزمین، بلیک راک کے لیری فنک، سٹی گروپ کی جین فریزر اور میٹا پلیٹ فارمز کی ڈینا پاول میک کارمک بھی ٹرمپ کے وفد میں شامل ہونے والے اہم کاروباری رہنماؤں میں شامل ہیں۔ رپورٹ کے مطابق ایک درجن سے زائد اعلیٰ کاروباری شخصیات پر مشتمل یہ وفد صدر ٹرمپ کے ساتھ چین جا رہا ہے، جہاں امریکی صدر کو امید ہے کہ بیجنگ کے ساتھ مختلف کاروباری معاہدے اور خریداری کے سمجھوتے طے پا سکیں گے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ متعلقہ کمپنیوں نے فوری طور پر اس حوالے سے تبصرہ نہیں کیا۔

بقیہ 5

اداروں کی قربانیاں کبھی فراموش نہیں کی جائیں گی۔ انہوں نے شہداء کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا اور شہداء کے درجات کی بلندی جبکہ زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا کی۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ اس قسم کی بزدلانہ کارروائیاں دہشت گردی کے خلاف قوم کے عزم کو کمزور نہیں کر سکتیں۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پوری قوم دہشت گردی اور انتہاپسندی کے خلاف جنگ میں اپنی سیکیورٹی فورسز اور اداروں کے ساتھ متحد ہو کر کھڑی ہے۔

بقیہ 6

ساتھ ظلم اور جبر کے مترادف ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ جب پٹرول مہنگا ہوتا ہے تو اس کا اثر صرف گاڑی چلانے والوں تک محدود نہیں رہتا بلکہ ٹرانسپورٹ کرایوں، سبزیوں، دالوں، آٹے، چینی اور دیگر روزمرہ استعمال کی اشیاء پر بھی پڑتا ہے۔ اس طرح مہنگائی کی ایک نئی لہر جنم لیتی ہے جس کا سب سے زیادہ نقصان غریب اور متوسط طبقے کو ہوتا ہے۔ پی ٹی آئی رہنما نے کہا کہ عوام پہلے ہی مہنگائی، بے روزگاری اور معاشی دباؤ کا شکار ہیں، ایسے میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ ان کی مشکلات میں مزید اضافہ کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کو چاہیے تھا کہ عوام کو ریلیف دیتی، لیکن اس کے برعکس عام شہریوں کی جیبوں پر مزید بوجھ ڈال دیا گیا ہے۔

بقیہ 7

چیف جسٹس افتخار محمد چوہدری کی کراچی آمد کے موقع پر شہر بھر میں پرتشدد ہنگامے، فائرنگ، جلاؤ گھیراؤ اور سیاسی تصادم دیکھنے میں آیا، 50 سے زائد افراد پرتشدد واقعات کی بھینٹ چڑھ گئے گزشتہ برس انسداد دہشت گردی عدالت نے سابق میئر کراچی وسیم اختر سمیت تین ملزمان کو شواہد نہ ہونے کی بنیاد پر بری کر دیا جبکہ اب بھی مختلف عدالتوں میں 18 کیسز زیر سماعت ہیں۔ سینئر قانون دان جی ایم فاروق کا کہنا ہے کہ حکومت کبھی بھی بارہ مئی کے مقدمات میں سزا کے لئے سنجیدہ نہیں رہی، پولیس نے پہلے دن سے نہ شواہد اکٹھے کئے اور نہ ہی موثر تحقیقات کیں جس کی وجہ سے ملزمان سزا سے بچ گئے۔ ممبر سندھ بار کونسل ریاض احمد بھٹی کا کہنا ہے کہ سندھ حکومت کو چاہیے کہ بارہ مئی کے مقدمات کو منطقی انجام تک پہنچانے کے لئے خصوصی اقدامات کرے تاکہ متاثرہ خاندانوں کو انصاف مل سکے، قانونی حلقوں کے مطابق بارہ مئی صرف ایک سیاسی واقعہ نہیں بلکہ وکلا، سیاسی کارکنوں اور شہریوں کے قتل کا ایک بڑا سانحہ تھا مگر تقریباً دو دہائیاں گزرنے کے باوجود متاثرین انصاف سے محروم ہیں۔

بقیہ 8

دکھائی ہم نے اسے نہیں چھپایا نہ آج چھپاتے ہیں ان خیالات کا انہوں نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ آبنائے ہرمز کی بندش کے باوجود کسی ملک کی پٹرولیم قیمتوں پر کوئی اثر نہیں پڑا صرف پاکستان میں کیوں مہنگائی عروج پر پہنچائی گئی ہے؟ انڈیا، ایران افغانستان کو کوئی متاثر نہیں ہوا لیکن ہم نے عوام پر قیامت برپا کر دی آخر ماہرین معیشت کہاں ہیں؟ ہم نے موجودہ صورتحال میں پارلیمنٹ کے ان کیمرہ اجلاس کی بات کی لیکن حکومت اس تجویز سے راہ فرار اختیار کر رہی ہے، کیوں ہمیں حالات سے آگاہ نہیں کیا جا رہا، آج دنیا میں شہباز شریف کو ملک اور بیرون ملک کہیں بھی حکمران نہیں سمجھا جا رہا وہ صرف قانون سازیاں کروانے کے لئے ہیں، آج ملک میں آئین کو مذاق بنا دیا گیا ہے حکومت بے بس ہے اور اسٹیبلشمنٹ طاقتور ہے، آج میرا آئین غیر محفوظ ہے اوپر سے ترامیم کر کے اس کا حلیہ بگاڑا جا رہا ہے، اب اس آئین کو حقیقتاً شکل کیسے دے سکتے ہیں؟ پیپلز پارٹی سے کہوں گا کہ وہ آئین کے تحفظ کے لئے مضبوط کردار ادا کرے ہم آپ کے شانہ بشانہ کھڑے ہوں گے۔

بقیہ 9

والے اداروں کے ساتھ متحد کھڑی ہے۔ صدر آصف علی زرداری نے کہا کہ بیرونی مداخلت کی وجہ سے ہونے والی دہشت گردی کے خلاف جنگ جاری رہے گی۔ صدر مملکت نے خاص طور پر گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان اور وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کو شہید لیاقت کے اہل خانہ کو قوم کی جانب سے بھرپور یکجہتی کا پیغام پہنچانے کی ہدایت کی۔

بقیہ 10

کم اور ریونیو بڑھانے کیلئے اقدامات کا مطالبہ کیا۔ ملاقات میں موثر ٹیکس سسٹم، کم انرجی ٹیرف اور آسان کاروباری ماحول ناگزیر قرار دیا گیا، ٹیکسٹائل نمائندوں نے برآمدی پالیسیوں میں تسلسل اور استحکام پر زور دیا۔ وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا کہ بزنس کمیونٹی سے مستقل مشاورت کیلئے ٹیکس پالیسی آفس فعال ہے، شوگر، سیمنٹ، بیوریجز اور تمباکو شعبوں میں ڈیجیٹل مانیٹرنگ پہلے ہی نافذ ہے۔ اس موقع پر ایف بی آر نے مختلف شعبوں میں ڈیجیٹل مانیٹرنگ، ٹیکسٹائل سیکٹر کو تعاون کی دعوت دی، ٹیکسٹائل سیکٹر اور حکومت میں ڈیجیٹل مانیٹرنگ فریم ورک پر مشاورت جاری رکھنے پر اتفاق کیا گیا۔ ملاقات کے دوران وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے نمائندگان کو یقین دہانی کرائی کہ ٹیکسٹائل سیکٹر کی تجاویز بجٹ سازی میں زیر غور لائی جائیں گی۔

بقیہ 11

تعمیراتی کام جاری ہے۔ ڈائریکٹر نرسنگ میڈم کلثوم اقبال اور سیکرٹری صحت کے مشکور ہیں کہ ایک طویل وقفے کے بعد کالج کو مستحکم کیا جا رہا ہے جو خوش آئند اور حوصلہ افزا اقدام ہے۔ نرسز کی ترقیاں کروانے پر ہم میڈم کلثوم اقبال کے بھی تہہ دل سے شکر گزار ہیں۔ تاہم نرسز کو درپیش مسائل دیہی علاقوں کے نرسنگ کالجز میں بنیادی سہولیات کا شدید فقدان ہے۔ فورکلاس سٹاف مکمل نہیں، ٹرانسپورٹ اور رہائش کی سہولت میسر نہیں۔ نرسز کا سروس اسٹرکچر تاحال منظور نہیں ہوا۔ ہارڈ ایریا الاؤنس، ٹیچنگ الاؤنس، رسک الاؤنس بھی نہیں دیا جا رہا اور مناسب بجٹ مختص نہیں۔ بلوچستان میں آبادی میں مسلسل اضافے کے باوجود نرسز کی تعداد 2000 سے بھی کم ہے۔ نرسنگ سٹاف کی شدید قلت کے باعث زیادہ تر نرسنگ سٹاف مشکلات کا شکار ہے۔ انہوں نے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ ہم تمام نرسز سیکرٹری صحت بلوچستان سے مطالبہ کرتے ہیں کہ نرسز کا سروس اسٹرکچر فوری منظور کیا جائے۔ نرسنگ کے تکنیکی ورکشاپس اور مختصر تربیتی کورسز کا انعقاد کیا جائے۔ آئندہ مالی سال کے بجٹ میں نرسز کی نئی آسامیاں تخلیق کی جائیں اور رسک الاؤنس، ٹیچنگ الاؤنس، ہارڈ ایریا الاؤنس دیا جائے۔ آج ہم نرسنگ کی بانی مس فلورنس نائٹ انگیل کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں۔ اپنے پیارے وطن کی سلامتی اور پاک افواج کے لیے دعا گو ہیں۔ بالخصوص اپنے وطن کے عظیم شہداء کو بھی خراج عقیدت پیش کرتے ہیں۔

بقیہ 12

کہ انہوں نے ترک وزیر خارجہ سے ایران جنگ کے باعث خطے کی صورتحال پر پڑنے والے اثرات پر بات چیت کی۔ ترک وزیر خارجہ نے کہا ایران جنگ میں آبنائے ہرمز کو بطور ہتھیار استعمال نہیں کیا جانا چاہیے، دنیا اور خطے میں عدم استحکام کے علاوہ اس جنگ سے کچھ حاصل نہیں ہوا۔ قطری وزیراعظم نے کہا کہ ترک وزیر خارجہ سے غزہ کی پٹی پر بڑھتی ہوئی کشیدگی پر تبادلہ خیال بھی کیا۔ ترکیہ ان ثالث ممالک میں شامل ہے جن سے قطر خطے میں جنگ پر مشاورت کرتا ہے۔ قطری وزیراعظم نے کہا کہ ترکیہ اہم علاقائی مسائل میں ایک رہنما ثالث کار کے طور پر ابھرا ہے۔ قطر اور ترکیہ جنگ کے خاتمے میں پاکستان کی ثالثی کی کوششوں کی حمایت کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قطر خطے میں امن بحال کرنے کیلئے خلیجی ریاستوں کے ساتھ مشاورت جاری رکھے گا، ایران کے ساتھ سفارتکاری کے ذریعے مسائل حل کرنا چاہتے ہیں، جنگ کے خاتمے کے لیے بیک ڈور مذاکرات کو جاری رہنا چاہیے۔

بقیہ 13

فراموش ہیں نرسز بیماری اور تکلیف میں مبتلا افراد کے لیے امید، حوصلے اور شفقت کی علامت ہیں ہسپتالوں میں نرسز شب و روز مریضوں کی خدمت اور نگہداشت میں مصروف عمل رہتی ہیں۔ نرسنگ صرف روزگار کا ذریعہ نہیں بلکہ انسانیت کی خدمت کا عظیم مشن ہے نرسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافے اور انہیں بہتر مواقع فراہم کرنے کے لیے اقدامات جاری ہیں بلوچستان حکومت شعبہ نرسنگ میں جدید تربیت، مہارتوں کے فروغ اور پیشہ ورانہ معیار کو بہتر بنانے پر توجہ دے رہی ہے نرسز کو باوقار اور محفوظ پیشہ ورانہ ماحول کی فراہمی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے صحت کے شعبے میں خدمات انجام دینے والی نرسز پوری قوم کے لیے باعث فخر ہیں شعبہ نرسنگ میں جدید خطوط پر اصلاحات اور ترقی پروگرامز متعارف کرانے کے لیے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

بقیہ 14

ایک ناکامی کے سوا کچھ نہیں ہوگا۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ جتنا زیادہ وہ (امریکہ) تاخیر کریں گے، اتنا ہی اس کی قیمت امریکی ٹیکس دہندگان کو ادا کرنا پڑے گی۔ اس سے قبل ایرانی پارلیمان کے اسپیکر محمد باقر قالیباف نے کہا تھا کہ ایران ہر طرح کی صورتحال کے لئے تیار ہے۔ ہماری مسلح افواج کسی بھی طرح کی جارحیت کا بھرپور جواب دینے کے لیے تیار ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اب تک تو دنیا بھی سمجھ چکی ہے کہ غلط حکمت عملی اور فیصلوں کے ہمیشہ غلط نتائج نکلتے ہیں۔ ہم ہر طرح کی صورتحال کے لیے تیار ہیں، انہیں دیکھ کر حیرت ہوگی۔

بقیہ 15

مسائل کے باوجود عوامی مسائل کے حل کیلئے کوئی کسر نہیں چھوڑیں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے آفس میں عوامی مسائل سننے اور مختلف وفود سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے لئے عہدہ اور کرسی کی اہمیت نہیں ہے بلکہ اس منصب پر پہنچ کر عوام کی خدمت کا ایک بااختیار راستہ ملتا ہے ہمارے گھر اور آفس کے دروازے سب کیلئے کھلے ہیں جتنا ہم سے ممکن ہو سکے خدمت کا سلسلہ جاری رکھیں گے انہوں نے کہا کہ پنجگور میں تعلیم اور صحت کے نظام میں بہتری لانا ہمارا پہلا ترجیح تھا اس سلسلے میں پنجگور شہر سمیت دیہی علاقوں میں کام کر کے مختلف صحت کے مراکز اور تعلیمی اداروں کو فعال بنایا ہے۔

بقیہ 16

اگر بلدیاتی قوانین کی خلاف ورزی ہو رہی ہے تو اس کیلئے قانون موجود ہے جسٹس عامر فاروق نے مزید کہا کہ توقع ہے کہ ٹاؤن پلاننگ کے ادارے ٹھیک طریقے سے کام کریں گے، سپریم کورٹ کا پلاٹوں کی کیٹیگری تبدیل کرنے کا فیصلہ کسی ادارے کے راستے میں رکاوٹ نہیں بنے گا، جسٹس ارشد حسین نے قرار دیا کہ کوئی افسر قانون کی خلاف ورزی کرے گا اس کی خلاف کارروائی ہوگی، جسٹس عامر فاروق نے کہا کہ عدالت قانون بناتی نہیں صرف ان پر عمل کروا سکتی ہے۔

بقیہ 17

ہے۔ درخواست گزار کے وکیل ملک شہباز خان لیڈ ووکیٹ نے عدالت کو بتایا کہ درخواست گزار افغان شہری ہے اور اس وقت پاکستان میں مقیم ہے۔ انہوں نے کہا کہ درخواست گزار نے افغانستان میں امریکی فورسز کے ساتھ کام کیا تھا اور طالبان حکومت کے قیام کے بعد جان بچانے کے لیے پاکستان آ گیا۔ وکیل درخواست گزار نے موقف اختیار کیا کہ درخواست گزار کو افغانستان میں جان کا خطرہ ہے۔ اس نے کینیڈا میں پناہ کی درخواست بھی دے رکھی ہے، جو اس وقت پراسس میں ہے۔ انہوں نے عدالت سے استدعا کی کہ درخواست گزار کو اس وقت افغانستان ڈی پورٹ نہ کیا جائے۔

بقیہ 18

اقدامات بارے بات چیت ہوگی ترقیاتی اخراجات بارے بجٹ 27-2026 کی تجاویز تیار کی جا رہی ہیں، ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف کے ساتھ مالی نظم و ضبط بہتر بنانے کیلئے اقدامات پر بھی بات چیت ہوگی، حکومتی اخراجات اور بجٹ میں ہم آہنگی کیلئے اقدامات بارے تجاویز بھی زیر غور آئیں گی۔

بقیہ 19

کہ صوبائی حکومت قانون کی حکمرانی اور پائیدار امن کیلئے سنجیدہ اور قابل عمل اقدامات اٹھائے۔ بے گناہ افراد کا خون بہانے والے دہشت گرد کسی رعایت کے مستحق نہیں۔ گورنر خیبر پختونخوا نے کہا کہ دہشت گرد صوبے کے امن اور انسانیت کے دشمن ہیں دہشت گردی میں قیمتی جانیں قربان کرنے والے صوبے کے عوام، پولیس، سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی۔

بقیہ 20

24 گھنٹے کے اندر طبی معائنہ کو یقینی بنائے گی، بچے کے وقار، تحفظ اور رازداری کو برقرار رکھتے ہوئے فرانزک سے معائنہ کرایا جائے گا بل کے متن میں لکھا گیا کہ جنسی زیادتی، بچوں کے استحصال پر عدالت ضمانت نہیں دے گی جب تک غیر معمولی حالات نہ ہوں، بچے کی حفاظت اور بہبود کا جائزہ لینے کے بعد ہی ضمانت دی جا سکتی ہے، بل کا مقصد متاثرہ بچوں کو انصاف کے حصول میں تاخیر کو دور کرنا ہے۔ اسی ترمیمی بل میں کہا گیا کہ ہر ضلع، شہر میں بچوں کی عدالتیں قائم کرنا ہے، طویل قانونی کارروائیاں اور ثبوتوں کی کمی متاثرین کے لیے مشکلات پیدا کرتی ہیں، عدالت برائے اطفال کے قیام سے بچوں کو بروقت انصاف ملے گا، بچوں سے زیادتی کے مقدمات کو فوری اور ترجیحی بنیادوں پر نمٹانے پر زور دیا گیا۔

بقیہ 21

گنجائش رکھتا ہے جہاں بھگدڑ سے بچاؤ کے لیے آمد اور روانگی کے راستے مکمل طور پر الگ ہیں۔ شدید گرمی کے پیش نظر یہاں جدید مسٹ کولنگ سسٹم نصب ہے جو درجہ حرارت کو 29 ڈگری پر برقرار رکھتا ہے۔ میڈیا نمائندوں کو میدان عرفات میں جبل رحمت، مسجد نمرہ کا دورہ کروایا گیا۔ 65 میٹر بلند جبل رحمت وہی تاریخی مقام ہے جہاں نبی کریم ﷺ نے خطبہ حجۃ الوداع ارشاد فرمایا تھا۔ "الحج عرفہ" کے نبوی فرمان کے پیش نظر، اس سال پورے مشاعر میں اسمارٹ ہجوم مینجمنٹ ٹیکنالوجی استعمال کی جا رہی ہے جو زائرین کی نقل و حرکت کا لمحہ بہ لمحہ تجزیہ کرتی ہے۔ بعد ازاں وفد نے مزدلفہ کا دورہ کیا جہاں ہجوم کو منظم کرنے کے لیے جدید مانیٹرنگ سسٹم قائم کیے گئے ہیں۔ دورے کے آخری مرحلے میں صحافیوں نے ام القریٰ یونیورسٹی کے مرکز مخطوطات کا معائنہ کیا، جہاں آٹھویں صدی ہجری کے قدیم مصاحف، ہرن کی کھال پر لکھے گئے خط کوفی کے شاہکار اور 20 ہزار سے زائد تاریخی دستاویزات محفوظ ہیں۔ یونیورسٹی نے ان نایاب علمی نوادرات کو جدید سائنسی لیبارٹریز میں محفوظ کرنے کے بعد اب عالمی محققین کے لیے ڈیجیٹلائز کر دیا ہے۔ اس موقع پر پاکستانی میڈیا کے نمائندوں نے خادم الحرمین الشریفین کی جانب سے فراہم کردہ عالمی معیار کی سہولیات کو سراہا۔ صحافیوں کا کہنا تھا کہ جدید انفراسٹرکچر اور قدیم اسلامی ورثے کے درمیان بہترین توازن سعودی وژن 2030 کی کامیابی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ یہ دورہ ایک ایسے وقت میں ہوا ہے جب کہ مکہ لاکھوں عازمین کے استقبال کے لیے پوری طرح تیار ہے۔

بقیہ 22

کہا کہ قیمتی انسانی جانوں سے کھیلنے والے عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں، دہشت گردی کے ایسے بزدلانہ واقعات قوم کے حوصلے پست نہیں کر سکتے۔ اس المناک سانحے میں قیمتی جانوں کے ضیاع پر دلی رنج و غم ہے۔ شہدا کے اہل خانہ کے ساتھ اظہار تعزیت کرتا ہوں اور اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، زخمیوں کو جلد مکمل صحت یاب کرے اور سوگوار خاندانوں کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے امن کو سبوتاژ کرنے کی ہر سازش کو ناکام بنانا ہوگا۔ پوری قوم دہشت گردی کے خلاف متحد ہے۔

بقیہ 23

قانونی تقاضے پورے نہیں کیے، وکیل علی بخاری نے عدالت کو بتایا کہ ان کا موکل 79 دنوں سے جیل میں ہے۔ ایڈیشنل اٹارنی جنرل منور دگل نے ضمانت کی مخالفت کی، عدالت نے ایک لاکھ روپے کے ضمانتی مچلکوں کے عوض ضمانت منظور کر لی۔

بقیہ 24

کی خطیر رقم امریکا کو دنیا کی سب سے طاقتور اور قابل فوجی قوت برقرار رکھنے کے لیے ضروری ہے۔ پیٹ ہیگسیتھ نے جو بائیڈن حکومت پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ ٹرمپ کو ایک ایسا دفاعی شعبہ ڈھانچہ ورثے میں ملا جو برسوں کی "امریکا سب سے آخر میں" کی پالیسیوں کے باعث کمزور ہو چکا تھا۔ ان کے بقول اب پینٹاگون اس زوال کو ختم کرکے امریکی فوج اور دفاع کو "جنگی بنیادوں" پر دوبارہ استوار کر رہا ہے۔ جس کے لیے صدر ٹرمپ کے 1.5 ٹریلین ڈالر کے بجٹ کا منظور ہونا بے حد ضروری ہے۔ جب کانگریس اراکین نے وزیر دفاع پیٹ ہیگسیتھ سے سوال کیا کہ اگر کانگریس حکومت کو ایران کے خلاف جاری فوجی آپریشنز کی منظوری نہ دے تو آپ کے پاس کیا "پلان بی" موجود ہے؟ اس پر امریکی وزیر دفاع نے جواب دیتے ہوئے کہا کہ ہمارے پاس ہر صورتحال کے لیے منصوبہ موجود ہے۔ اگر ضرورت پڑی تو ہمارے پاس جنگ میں شدت لانے کا بھی پلان ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ اگر ضرورت ہوئی تو ایران جنگ سے امریکی فوجی انخلا اور عسکری اثاثوں کی منتقلی کا بھی مکمل منصوبہ موجود ہے۔ تاہم

پیٹ ہیگسیتھ نے یہ بھی کہا کہ موجودہ حساس صورتحال میں وہ آئندہ اقدامات کی تفصیلات ظاہر نہیں کرسکتے کیونکہ صدر ٹرمپ کا مشن یہ یقینی بنانا ہے کہ ایران کبھی جوہری ہتھیار حاصل نہ کرسکے۔ پیٹ ہیگسیتھ نے ایران پر امریکی فوجی کارروائیوں کو مقدس مشن قرار دیتے ہوئے کہا کہ خدا امریکی افواج کی حفاظت کرے اور امریکا ان فوجیوں کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھے جنھوں نے اپنی جانیں دیں۔ یاد رہے کہ 1.5 ٹریلین ڈالر کا مجوزہ دفاعی بجٹ امریکی تاریخ کا سب سے بڑا عسکری بجٹ ہوگا جو موجودہ دفاعی اخراجات کے مقابلے میں تقریباً 44 سے 50 فیصد زیادہ ہے۔ اس بجٹ میں جدید ہتھیاروں، میزائل دفاعی نظام، بحری قوت، مصنوعی ذہانت، سائبر وارفیئر اور بحرالکاہل خطے میں چین کے بڑھتے اثر و رسوخ کا مقابلہ کرنے کے لیے اضافی سرمایہ کاری شامل ہے۔ کانگریس میں ہونے والی سماعت کے دوران ایران کے ساتھ جاری کشیدگی اور مشرق وسطیٰ میں امریکی فوجی کارروائیوں پر بھی سخت سوالات اٹھائے گئے۔ بعض ریپبلکن اور ڈیموکریٹ ارکان نے جنگی اخراجات، یوکرین کے لیے فوجی امداد، یورپ میں امریکی فوجی موجودگی اور دفاعی بجٹ کی شفافیت پر تحفظات کا اظہار کیا۔ کی خطیر رقم امریکا کو دنیا کی سب سے طاقتور اور قابل فوجی قوت برقرار رکھنے کے لیے ضروری ہے۔ پیٹ ہیگسیتھ نے جو بائیڈن حکومت پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ ٹرمپ کو ایک ایسا دفاعی شعبہ ڈھانچہ ورثے میں ملا جو برسوں کی "امریکا سب سے آخر میں" کی پالیسیوں کے باعث کمزور ہو چکا تھا۔ ان کے بقول اب پینٹاگون اس زوال کو ختم کرکے امریکی فوج اور دفاع کو "جنگی بنیادوں" پر دوبارہ استوار کر رہا ہے۔ جس کے لیے صدر ٹرمپ کے 1.5 ٹریلین ڈالر کے بجٹ کا منظور ہونا بے حد ضروری ہے۔ جب کانگریس اراکین نے وزیر دفاع پیٹ ہیگسیتھ سے سوال کیا کہ اگر کانگریس حکومت کو ایران کے خلاف جاری فوجی آپریشنز کی منظوری نہ دے تو آپ کے پاس کیا "پلان بی" موجود ہے؟ اس پر امریکی وزیر دفاع نے جواب دیتے ہوئے کہا کہ ہمارے پاس ہر صورتحال کے لیے منصوبہ موجود ہے۔ اگر ضرورت پڑی تو ہمارے پاس جنگ میں شدت لانے کا بھی پلان ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ اگر ضرورت ہوئی تو ایران جنگ سے امریکی فوجی انخلا اور عسکری اثاثوں کی منتقلی کا بھی مکمل منصوبہ موجود ہے۔ تاہم

پیٹ ہیگسیتھ نے یہ بھی کہا کہ موجودہ حساس صورتحال میں وہ آئندہ اقدامات کی تفصیلات ظاہر نہیں کرسکتے کیونکہ صدر ٹرمپ کا مشن یہ یقینی بنانا ہے کہ ایران کبھی جوہری ہتھیار حاصل نہ کرسکے۔ پیٹ ہیگسیتھ نے ایران پر امریکی فوجی کارروائیوں کو مقدس مشن قرار دیتے ہوئے کہا کہ خدا امریکی افواج کی حفاظت کرے اور امریکا ان فوجیوں کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھے جنھوں نے اپنی جانیں دیں۔ یاد رہے کہ 1.5 ٹریلین ڈالر کا مجوزہ دفاعی بجٹ امریکی تاریخ کا سب سے بڑا عسکری بجٹ ہوگا جو موجودہ دفاعی اخراجات کے مقابلے میں تقریباً 44 سے 50 فیصد زیادہ ہے۔ اس بجٹ میں جدید ہتھیاروں، میزائل دفاعی نظام، بحری قوت، مصنوعی ذہانت، سائبر وارفیئر اور بحرالکاہل خطے میں چین کے بڑھتے اثر و رسوخ کا مقابلہ کرنے کے لیے اضافی سرمایہ کاری شامل ہے۔ کانگریس میں ہونے والی سماعت کے دوران ایران کے ساتھ جاری کشیدگی اور مشرق وسطیٰ میں امریکی فوجی کارروائیوں پر بھی سخت سوالات اٹھائے گئے۔ بعض ریپبلکن اور ڈیموکریٹ ارکان نے جنگی اخراجات، یوکرین کے لیے فوجی امداد، یورپ میں امریکی فوجی موجودگی اور دفاعی بجٹ کی شفافیت پر تحفظات کا اظہار کیا۔ کی خطیر رقم امریکا کو دنیا کی سب سے طاقتور اور قابل فوجی قوت برقرار رکھنے کے لیے ضروری ہے۔ پیٹ ہیگسیتھ نے جو بائیڈن حکومت پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ ٹرمپ کو ایک ایسا دفاعی شعبہ ڈھانچہ ورثے میں ملا جو برسوں کی "امریکا سب سے آخر میں" کی پالیسیوں کے باعث کمزور ہو چکا تھا۔ ان کے بقول اب پینٹاگون اس زوال کو ختم کرکے امریکی فوج اور دفاع کو "جنگی بنیادوں" پر دوبارہ استوار کر رہا ہے۔ جس کے لیے صدر ٹرمپ کے 1.5 ٹریلین ڈالر کے بجٹ کا منظور ہونا بے حد ضروری ہے۔ جب کانگریس اراکین نے وزیر دفاع پیٹ ہیگسیتھ سے سوال کیا کہ اگر کانگریس حکومت کو ایران کے خلاف جاری فوجی آپریشنز کی منظوری نہ دے تو آپ کے پاس کیا "پلان بی" موجود ہے؟ اس پر امریکی وزیر دفاع نے جواب دیتے ہوئے کہا کہ ہمارے پاس ہر صورتحال کے لیے منصوبہ موجود ہے۔ اگر ضرورت پڑی تو ہمارے پاس جنگ میں شدت لانے کا بھی پلان ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ اگر ضرورت ہوئی تو ایران جنگ سے امریکی فوجی انخلا اور عسکری اثاثوں کی منتقلی کا بھی مکمل منصوبہ موجود ہے۔ تاہم

پیٹ ہیگسیتھ نے یہ بھی کہا کہ موجودہ حساس صورتحال میں وہ آئندہ اقدامات کی تفصیلات ظاہر نہیں کرسکتے کیونکہ صدر ٹرمپ کا مشن یہ یقینی بنانا ہے کہ ایران کبھی جوہری ہتھیار حاصل نہ کرسکے۔ پیٹ ہیگسیتھ نے ایران پر امریکی فوجی کارروائیوں کو مقدس مشن قرار دیتے ہوئے کہا کہ خدا امریکی افواج کی حفاظت کرے اور امریکا ان فوجیوں کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھے جنھوں نے اپنی جانیں دیں۔ یاد رہے کہ 1.5 ٹریلین ڈالر کا مجوزہ دفاعی بجٹ امریکی تاریخ کا سب سے بڑا عسکری بجٹ ہوگا جو موجودہ دفاعی اخراجات کے مقابلے میں تقریباً 44 سے 50 فیصد زیادہ ہے۔ اس بجٹ میں جدید ہتھیاروں، میزائل دفاعی نظام، بحری قوت، مصنوعی ذہانت، سائبر وارفیئر اور بحرالکاہل خطے میں چین کے بڑھتے اثر و رسوخ کا مقابلہ کرنے کے لیے اضافی سرمایہ کاری شامل ہے۔ کانگریس میں ہونے والی سماعت کے دوران ایران کے ساتھ جاری کشیدگی اور مشرق وسطیٰ میں امریکی فوجی کارروائیوں پر بھی سخت سوالات اٹھائے گئے۔ بعض ریپبلکن اور ڈیموکریٹ ارکان نے جنگی اخراجات، یوکرین کے لیے فوجی امداد، یورپ میں امریکی فوجی موجودگی اور دفاعی بجٹ کی شفافیت پر تحفظات کا اظہار کیا۔ کی خطیر رقم امریکا کو دنیا کی سب سے طاقتور اور قابل فوجی قوت برقرار رکھنے کے لیے ضروری ہے۔ پیٹ ہیگسیتھ نے جو بائیڈن حکومت پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ ٹرمپ کو ایک ایسا دفاعی شعبہ ڈھانچہ ورثے میں ملا جو برسوں کی "امریکا سب سے آخر میں" کی پالیسیوں کے باعث کمزور ہو چکا تھا۔ ان کے بقول اب پینٹاگون اس زوال کو ختم کرکے امریکی فوج اور دفاع کو "جنگی بنیادوں" پر دوبارہ استوار کر رہا ہے۔ جس کے لیے صدر ٹرمپ کے 1.5 ٹریلین ڈالر کے بجٹ کا منظور ہونا بے حد ضروری ہے۔ جب کانگریس اراکین نے وزیر دفاع پیٹ ہیگسیتھ سے سوال کیا کہ اگر کانگریس حکومت کو ایران کے خلاف جاری فوجی آپریشنز کی منظوری نہ دے تو آپ کے پاس کیا "پلان بی" موجود ہے؟ اس پر امریکی وزیر دفاع نے جواب دیتے ہوئے کہا کہ ہمارے پاس ہر صورتحال کے لیے منصوبہ موجود ہے۔ اگر ضرورت پڑی تو ہمارے پاس جنگ میں شدت لانے کا بھی پلان ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ اگر ضرورت ہوئی تو ایران جنگ سے امریکی فوجی انخلا اور عسکری اثاثوں کی منتقلی کا بھی مکمل منصوبہ موجود ہے۔ تاہم

پیٹ ہیگسیتھ نے یہ بھی کہا کہ موجودہ حساس صورتحال میں وہ آئندہ اقدامات کی تفصیلات ظاہر نہیں کرسکتے کیونکہ صدر ٹرمپ کا مشن یہ یقینی بنانا ہے کہ ایران کبھی جوہری ہتھیار حاصل نہ کرسکے۔ پیٹ ہیگسیتھ نے ایران پر امریکی فوجی کارروائیوں کو مقدس مشن قرار دیتے ہوئے کہا کہ خدا امریکی افواج کی حفاظت کرے اور امریکا ان فوجیوں کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھے جنھوں نے اپنی جانیں دیں۔ یاد رہے کہ 1.5 ٹریلین ڈالر کا مجوزہ دفاعی بجٹ امریکی تاریخ کا سب سے بڑا عسکری بجٹ ہوگا جو موجودہ دفاعی اخراجات کے مقابلے میں تقریباً 44 سے 50 فیصد زیادہ ہے۔ اس بجٹ میں جدید ہتھیاروں، میزائل دفاعی نظام، بحری قوت، مصنوعی ذہانت، سائبر وارفیئر اور بحرالکاہل خطے میں چین کے بڑھتے اثر و رسوخ کا مقابلہ کرنے کے لیے اضافی سرمایہ کاری شامل ہے۔ کانگریس میں ہونے والی سماعت کے دوران ایران کے ساتھ جاری کشیدگی اور مشرق وسطیٰ میں امریکی فوجی کارروائیوں پر بھی سخت سوالات اٹھائے گئے۔ بعض ریپبلکن اور ڈیموکریٹ ارکان نے جنگی اخراجات، یوکرین کے لیے فوجی امداد، یورپ میں امریکی فوجی موجودگی اور دفاعی بجٹ کی شفافیت پر تحفظات کا اظہار کیا۔ کی خطیر رقم امریکا کو دنیا کی سب سے طاقتور اور قابل فوجی قوت برقرار رکھنے کے لیے ضروری ہے۔ پیٹ ہیگسیتھ نے جو بائیڈن حکومت پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ ٹرمپ کو ایک ایسا دفاعی شعبہ ڈھانچہ ورثے میں ملا جو برسوں کی "امریکا سب سے آخر میں" کی پالیسیوں کے باعث کمزور ہو چکا تھا۔ ان کے بقول اب پینٹاگون اس زوال کو ختم کرکے امریکی فوج اور دفاع کو "جنگی بنیادوں" پر دوبارہ استوار کر رہا ہے۔ جس کے لیے صدر ٹرمپ کے 1.5 ٹریلین ڈالر کے بجٹ کا منظور ہونا بے حد ضروری ہے۔ جب کانگریس اراکین نے وزیر دفاع پیٹ ہیگسیتھ سے سوال کیا کہ اگر کانگریس حکومت کو ایران کے خلاف جاری فوجی آپریشنز کی منظوری نہ دے تو آپ کے پاس کیا "پلان بی" موجود ہے؟ اس پر امریکی وزیر دفاع نے جواب دیتے ہوئے کہا کہ ہمارے پاس ہر صورتحال کے لیے منصوبہ موجود ہے۔ اگر ضرورت پڑی تو ہمارے پاس جنگ میں شدت لانے کا بھی پلان ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ اگر ضرورت ہوئی تو ایران جنگ سے امریکی فوجی انخلا اور عسکری اثاثوں کی منتقلی کا بھی مکمل منصوبہ موجود ہے۔ تاہم

پیٹ ہیگسیتھ نے یہ بھی کہا کہ موجودہ حساس صورتحال میں وہ آئندہ اقدامات کی تفصیلات ظاہر نہیں کرسکتے کیونکہ صدر ٹرمپ کا مشن یہ یقینی بنانا ہے کہ ایران کبھی جوہری ہتھیار حاصل نہ کرسکے۔ پیٹ ہیگسیتھ نے ایران پر امریکی فوجی کارروائیوں کو مقدس مشن قرار دیتے ہوئے کہا کہ خدا امریکی افواج کی حفاظت کرے اور امریکا ان فوجیوں کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھے جنھوں نے اپنی جانیں دیں۔ یاد رہے کہ 1.5 ٹریلین ڈالر کا مجوزہ دفاعی بجٹ امریکی تاریخ کا سب سے بڑا عسکری بجٹ ہوگا جو موجودہ دفاعی اخراجات کے مقابلے میں تقریباً 44 سے 50 فیصد زیادہ ہے۔ اس بجٹ میں جدید ہتھیاروں، میزائل دفاعی نظام، بحری قوت، مصنوعی ذہانت، سائبر وارفیئر اور بحرالکاہل خطے میں چین کے بڑھتے اثر و رسوخ کا مقابلہ کرنے کے لیے اضافی سرمایہ کاری شامل ہے۔ کانگریس میں ہونے والی سماعت کے دوران ایران کے ساتھ جاری کشیدگی اور مشرق وسطیٰ میں امریکی فوجی کارروائیوں پر بھی سخت سوالات اٹھائے گئے۔ بعض ریپبلکن اور ڈیموکریٹ ارکان نے جنگی اخراجات، یوکرین کے لیے فوجی امداد، یورپ میں امریکی فوجی موجودگی اور دفاعی بجٹ کی شفافیت پر تحفظات کا اظہار کیا۔ کی خطیر رقم امریکا کو دنیا کی سب سے طاقتور اور قابل فوجی قوت برقرار رکھنے کے لیے ضروری ہے۔ پیٹ ہیگسیتھ نے جو بائیڈن حکومت پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ ٹرمپ کو ایک ایسا دفاعی شعبہ ڈھانچہ ورثے میں ملا جو برسوں کی "امریکا سب سے آخر میں" کی پالیسیوں کے باعث کمزور ہو چکا تھا۔ ان کے بقول اب پینٹاگون اس زوال کو ختم کرکے امریکی فوج اور دفاع کو "جنگی بنیادوں" پر دوبارہ استوار کر رہا ہے۔ جس کے لیے صدر ٹرمپ کے 1.5 ٹریلین ڈالر کے بجٹ کا منظور ہونا بے حد ضروری ہے۔ جب کانگریس اراکین نے وزیر دفاع پیٹ ہیگسیتھ سے سوال کیا کہ اگر کانگریس حکومت کو ایران کے خلاف جاری فوجی آپریشنز کی منظوری نہ دے تو آپ کے پاس کیا "پلان بی" موجود ہے؟ اس پر امریکی وزیر دفاع نے جواب دیتے ہوئے کہا کہ ہمارے پاس ہر صورتحال کے لیے منصوبہ موجود ہے۔ اگر ضرورت پڑی تو ہمارے پاس جنگ میں شدت لانے کا بھی پلان ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ اگر ضرورت ہوئی تو ایران جنگ سے امریکی فوجی انخلا اور عسکری اثاثوں کی منتقلی کا بھی مکمل منصوبہ موجود ہے۔ تاہم

پیٹ ہیگسیتھ نے یہ بھی کہا کہ موجودہ حساس صورتحال میں وہ آئندہ اقدامات کی تفصیلات ظاہر نہیں کرسکتے کیونکہ صدر ٹرمپ کا مشن یہ یقینی بنانا ہے کہ ایران کبھی جوہری ہتھیار حاصل نہ کرسکے۔ پیٹ ہیگسیتھ نے ایران پر امریکی فوجی کارروائیوں کو مقدس مشن قرار دیتے ہوئے کہا کہ خدا امریکی افواج کی حفاظت کرے اور امریکا ان فوجیوں کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھے جنھوں نے اپنی جانیں دیں۔ یاد رہے کہ 1.5 ٹریلین ڈالر کا مجوزہ دفاعی بجٹ امریکی تاریخ کا سب سے بڑا عسکری بجٹ ہوگا جو موجودہ دفاعی اخراجات کے مقابلے میں تقریباً 44 سے 50 فیصد زیادہ ہے۔ اس بجٹ میں جدید ہتھیاروں، میزائل دفاعی نظام، بحری قوت، مصنوعی ذہانت، سائبر وارفیئر اور بحرالکاہل خطے میں چین کے بڑھتے اثر و رسوخ کا مقابلہ کرنے کے لیے اضافی سرمایہ کاری شامل ہے۔ کانگریس میں ہونے والی سماعت کے دوران ایران کے ساتھ جاری کشیدگی اور مشرق وسطیٰ میں امریکی فوجی کارروائیوں پر بھی سخت سوالات اٹھائے گئے۔ بعض ریپبلکن اور ڈیموکریٹ ارکان نے جنگی اخراجات، یوکرین کے لیے فوجی امداد، یورپ میں امریکی فوجی موجودگی اور دفاعی بجٹ کی شفافیت پر تحفظات کا اظہار کیا۔ کی خطیر رقم امریکا کو دنیا کی سب سے طاقتور اور قابل فوجی قوت برقرار رکھنے کے لیے ضروری ہے۔ پیٹ ہیگسیتھ نے جو بائیڈن حکومت پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ ٹرمپ کو ایک ایسا دفاعی شعبہ ڈھانچہ ورثے میں ملا جو برسوں کی "امریکا سب سے آخر میں" کی پالیسیوں کے باعث کمزور ہو چکا تھا۔ ان کے بقول اب پینٹاگون اس زوال کو ختم کرکے امریکی فوج اور دفاع کو "جنگی بنیادوں" پر دوبارہ استوار کر رہا ہے۔ جس کے لیے صدر ٹرمپ کے 1.5 ٹریلین ڈالر کے بجٹ کا منظور ہونا بے حد ضروری ہے۔ جب کانگریس اراکین نے وزیر دفاع پیٹ ہیگسیتھ سے سوال کیا کہ اگر کانگریس حکومت کو ایران کے خلاف جاری فوجی آپریشنز کی منظوری نہ دے تو آپ کے پاس کیا "پلان بی" موجود ہے؟ اس پر امریکی وزیر دفاع نے جواب دیتے ہوئے کہا کہ ہمارے پاس ہر صورتحال کے لیے منصوبہ موجود ہے۔ اگر ضرورت پڑی تو ہمارے پاس جنگ میں شدت لانے کا بھی پلان ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ اگر ضرورت ہوئی تو ایران جنگ سے امریکی فوجی انخلا اور عسکری اثاثوں کی منتقلی کا بھی مکمل منصوبہ موجود ہے۔ تاہم

پیٹ ہیگسیتھ نے یہ بھی کہا کہ موجودہ حساس صورتحال میں وہ آئندہ اقدامات کی تفصیلات ظاہر نہیں کرسکتے کیونکہ صدر ٹرمپ کا مشن یہ یقینی بنانا ہے کہ ایران کبھی جوہری ہتھیار حاصل نہ کرسکے۔ پیٹ ہیگسیتھ نے ایران پر امریکی فوجی کارروائیوں کو مقدس مشن قرار دیتے ہوئے کہا کہ خدا امریکی افواج کی حفاظت کرے اور امریکا ان فوجیوں کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھے جنھوں نے اپنی جانیں دیں۔ یاد رہے کہ 1.5 ٹریلین ڈالر کا مجوزہ دفاعی بجٹ امریکی تاریخ کا سب سے بڑا عسکری بجٹ ہوگا جو موجودہ دفاعی اخراجات کے مقابلے میں تقریباً 44 سے 50 فیصد زیادہ ہے۔ اس بجٹ میں جدید ہتھیاروں، میزائل دفاعی نظام، بحری قوت، مصنوعی ذہانت، سائبر وارفیئر اور بحرالکاہل خطے میں چین کے بڑھتے اثر و رسوخ کا مقابلہ کرنے کے لیے اضافی سرمایہ کاری شامل ہے۔ کانگریس میں ہونے والی سماعت کے دوران ایران کے ساتھ جاری کشیدگی اور مشرق وسطیٰ میں امریکی فوجی کارروائیوں پر بھی سخت سوالات اٹھائے گئے۔ بعض ریپبلکن اور ڈیموکریٹ ارکان نے جنگی اخراجات، یوکرین کے لیے فوجی امداد، یورپ میں امریکی فوجی موجودگی اور دفاعی بجٹ کی شفافیت پر تحفظات کا اظہار کیا۔ کی خطیر رقم امریکا کو دنیا کی سب سے طاقتور اور قابل فوجی قوت برقرار رکھنے کے لیے ضروری ہے۔ پیٹ ہیگسیتھ نے جو بائیڈن حکومت پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ ٹرمپ کو ایک ایسا دفاعی شعبہ ڈھانچہ ورثے میں ملا جو برسوں کی "امریکا سب سے آخر میں" کی پالیسیوں کے باعث کمزور ہو چکا تھا۔ ان کے بقول اب پینٹاگون اس زوال کو ختم کرکے امریکی فوج اور دفاع کو "جنگی بنیادوں" پر دوبارہ استوار کر رہا ہے۔ جس کے لیے صدر ٹرمپ کے 1.5 ٹریلین ڈالر کے بجٹ کا منظور ہونا بے حد ضروری ہے۔ جب کانگریس اراکین نے وزیر دفاع پیٹ ہیگسیتھ سے سوال کیا کہ اگر کانگریس حکومت کو ایران کے خلاف جاری فوجی آپریشنز کی منظوری نہ دے تو آپ کے پاس کیا "پلان بی" موجود ہے؟ اس پر امریکی وزیر دفاع نے جواب دیتے ہوئے کہا کہ ہمارے پاس ہر صورتحال کے لیے منصوبہ موجود ہے۔ اگر ضرورت پڑی تو ہمارے پاس جنگ میں شدت لانے کا بھی پلان ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ اگر ضرورت ہوئی تو ایران جنگ سے امریکی فوجی انخلا اور عسکری اثاثوں کی منتقلی کا بھی مکمل منصوبہ موجود ہے۔ تاہم

پیٹ ہیگسیتھ نے یہ بھی کہا کہ موجودہ حساس صورتحال میں وہ آئندہ اقدامات کی تفصیلات ظاہر نہیں کرسکتے کیونکہ صدر ٹرمپ کا مشن یہ یقینی بنانا ہے کہ ایران کبھی جوہری ہتھیار حاصل نہ کرسکے۔ پیٹ ہیگسیتھ نے ایران پر امریکی فوجی کارروائیوں کو مقدس مشن قرار دیتے ہوئے کہا کہ خدا امریکی افواج کی حفاظت کرے اور امریکا ان فوجیوں کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھے جنھوں نے اپنی جانیں دیں۔ یاد رہے کہ 1.5 ٹریلین ڈالر کا مجوزہ دفاعی بجٹ امریکی تاریخ کا سب سے بڑا عسکری بجٹ ہوگا جو موجودہ دفاعی اخراجات کے مقابلے میں تقریباً 44 سے 50 فیصد زیادہ ہے۔ اس بجٹ میں جدید ہتھیاروں، میزائل دفاعی نظام، بحری قوت، مصنوعی ذہانت، سائبر وارفیئر اور بحرالکاہل خطے میں چین کے بڑھتے اثر و رسوخ کا مقابلہ کرنے کے لیے اضافی سرمایہ کاری شامل ہے۔ کانگریس میں ہونے والی سماعت کے دوران ایران کے ساتھ جاری کشیدگی اور مشرق وسطیٰ میں امریکی فوجی کارروائیوں پر بھی سخت سوالات اٹھائے گئے۔ بعض ریپبلکن اور ڈیموکریٹ ارکان نے جنگی اخراجات، یوکرین کے لیے فوجی امداد، یورپ میں امریکی فوجی موجودگی اور دفاعی بجٹ کی شفافیت پر تحفظات کا اظہار کیا۔ کی خطیر رقم امریکا کو دنیا کی سب سے طاقتور اور قابل فوجی قوت برقرار رکھنے کے لیے ضروری ہے۔ پیٹ ہیگسیتھ نے جو بائیڈن حکومت پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ ٹرمپ کو ایک ایسا دفاعی شعبہ ڈھانچہ ورثے میں ملا جو برسوں کی "امریکا سب سے آخر میں" کی پالیسیوں کے باعث کمزور ہو چکا تھا۔ ان کے بقول اب پینٹاگون اس زوال کو ختم کرکے امریکی فوج اور دفاع کو "جنگی بنیادوں" پر دوبارہ استوار کر رہا ہے۔ جس کے لیے صدر ٹرمپ کے 1.5 ٹریلین ڈالر کے بجٹ کا منظور ہونا بے حد ضروری ہے۔ جب کانگریس اراکین نے وزیر دفاع پیٹ ہیگسیتھ سے سوال کیا کہ اگر کانگریس حکومت کو ایران کے خلاف جاری فوجی آپریشنز کی منظوری نہ دے تو آپ کے پاس کیا "پلان بی" موجود ہے؟ اس پر امریکی وزیر دفاع نے جواب دیتے ہوئے کہا کہ ہمارے پاس ہر صورتحال کے لیے منصوبہ موجود ہے۔ اگر ضرورت پڑی تو ہمارے پاس جنگ میں شدت لانے کا بھی پلان ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ اگر ضرورت ہوئی تو ایران جنگ سے امریکی فوجی انخلا اور عسکری اثاثوں کی منتقلی کا بھی مکمل منصوبہ موجود ہے۔ تاہم

پیٹ ہیگسیتھ نے یہ بھی کہا کہ موجودہ حساس صورتحال میں وہ آئندہ اقدامات کی تفصیلات ظاہر نہیں کرسکتے کیونکہ صدر ٹرمپ کا مشن یہ یقینی بنانا ہے کہ ایران کبھی جوہری ہتھیار حاصل نہ کرسکے۔ پیٹ ہیگسیتھ نے ایران پر امریکی فوجی کارروائیوں کو مقدس مشن قرار دیتے ہوئے کہا کہ خدا امریکی افواج کی حفاظت کرے اور امریکا ان فوجیوں کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھے جنھوں نے اپنی جانیں دیں۔ یاد رہے کہ 1.5 ٹریلین ڈالر کا مجوزہ دفاعی بجٹ امریکی تاریخ کا سب سے بڑا عسکری بجٹ ہوگا جو موجودہ دفاعی اخراجات کے مقابلے میں تقریباً 44 سے 50 فیصد زیادہ ہے۔ اس بجٹ میں جدید ہتھیاروں، میزائل دفاعی نظام، بحری قوت، مصنوعی ذہانت، سائبر وارفیئر اور بحرالکاہل خطے میں چین کے بڑھتے اثر و رسوخ کا مقابلہ کرنے کے لیے اضافی سرمایہ کاری شامل ہے۔ کانگریس میں ہونے والی سماعت کے دوران ایران کے ساتھ جاری کشیدگی اور مشرق وسطیٰ میں امریکی فوجی کارروائیوں پر بھی سخت سوالات اٹھائے گئے۔ بعض ریپبلکن اور ڈیموکریٹ ارکان نے جنگی اخراجات، یوکرین کے لیے فوجی امداد، یورپ میں امریکی فوجی موجودگی اور دفاعی بجٹ کی شفافیت پر تحفظات کا اظہار کیا۔

بقیہ 25

کے صوبائی رہنما، سابق عہدیداران، ضلعی صدور اور دیگر اہم شخصیات شرکت کریں گی۔ اس اجلاس کا مقصد بلوچستان میں پارٹی کے اندر پیدا ہونے والے اختلافات کو ختم کرنا، تنظیمی ڈھانچے کو مضبوط بنانا اور آئندہ سیاسی حکمت عملی مرتب کرنا بتایا جا رہا ہے پاکستان پیپلز پارٹی کے اندرونی ذرائع نے بتایا ہے کہ بلوچستان میں پارٹی کے بعض رہنماؤں اور کارکنان کی جانب سے طویل عرصے سے تحفظات سامنے آ رہے تھے جن میں تنظیمی فیصلوں، سیاسی نمائندگی، ترقیاتی منصوبوں اور پارٹی امور میں نظرانداز کیے جانے جیسے معاملات شامل ہیں۔ بلاول بھٹو زرداری ان تمام امور پر نہ صرف اجتماعی بلکہ انفرادی سطح پر بھی ناراض رہنماؤں سے الگ الگ ملاقاتیں کریں گے تاکہ ہر رہنما کو اپنا موقف پیش کرنے کا موقع مل سکے ذرائع کے مطابق یہ ملاقاتیں بلوچستان میں موجود سیاسی اختلافات کے خاتمے کے لیے انتہائی اہم قرار دی جا رہی ہیں۔ پارٹی قیادت کی کوشش ہے کہ تمام ناراض دھڑوں کو ایک پلیٹ فارم پر متحد کیا جائے اور بلوچستان میں پیپلز پارٹی کو مزید فعال اور منظم بنایا جائے دورہ کوئٹہ کے دوران بلاول بھٹو زرداری ایک اہم تقریب میں شرکت بھی کریں گے جہاں وہ تقریباً 500 مستحق افراد میں امدادی چیکس تقسیم کریں گے۔ بتایا گیا ہے کہ یہ چیکس ان مزدوروں اور لیبر کلاس سے تعلق رکھنے والے افراد کے لیے مختص ہیں جو روزگار کے سلسلے میں بیرون ملک گئے ہوئے ہیں۔ ان افراد کو اخراجات اور مالی معاونت کی مد میں امدادی رقوم فراہم کی جائیں گی یہ تقریب وزیراعلیٰ بلوچستان کے سی ایم اوورسیز ایمپلائمنٹ پروگرام کے تحت منعقد کی جا رہی ہے جس کا مقصد بیرون ملک روزگار حاصل کرنے والے محنت کش طبقے کو مالی سہولت فراہم کرنا اور ان کے سفری و دیگر اخراجات میں معاونت کرنا ہے۔ تقریب میں صوبائی وزراء، پارٹی رہنما اور سرکاری حکام بھی شریک ہوں گے۔ بلاول بھٹو زرداری کا یہ دورہ بلوچستان کی سیاست میں اہم پیش رفت ثابت ہو سکتا ہے، کیونکہ ایک جانب وہ پارٹی کے اندرونی اختلافات ختم کرنے کی کوشش کریں گے جبکہ دوسری جانب عوامی اور فلاحی اقدامات کے ذریعے بلوچستان میں اپنی سیاسی موجودگی کو مزید مستحکم بنانے کی حکمت عملی اپنا رہی ہے۔ پارٹی کارکنان اور رہنماؤں نے بلاول بھٹو زرداری کے دورہ کوئٹہ کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ اس دورے سے نہ صرف ناراض رہنماؤں کے تحفظات دور ہوں گے بلکہ بلوچستان میں پاکستان پیپلز پارٹی مزید فعال اور مضبوط ہو کر سامنے آئے گی۔

بقیہ 26

ترکمانستان کے سفیر نے تجارت، توانائی اور علاقائی روابط پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا اور باہمی تجارتی و معاشی تعاون بڑھانے پر بھی اتفاق کیا۔ جام کمال خان نے پاکستان کو وسطی ایشیا کیلئے قدرتی تجارتی گیٹ وے قرار دیتے ہوئے کہا کہ ہماری بندرگاہیں خطے کو عالمی منڈیوں سے جوڑنے میں اہم کردار ادا کر سکتی ہیں۔ جام کمال نے دونوں ممالک کے درمیان تجارتی راستوں اور کاروباری روابط کو مزید فعال بنانے پر زور دیا۔ انہوں نے دونوں ممالک کے درمیان کاروباری فورمز، نمائشوں اور چیمبرز آف کامرس کے روابط بڑھانے پر اتفاق کیا۔ ترکمانستان کے سفیر نے علاقائی تجارت اور روابط کیلئے پاکستان کے مثبت کردار کو سراہا۔ انہوں نے دونوں ممالک کے درمیان توانائی تعاون اور علاقائی رابطہ منصوبوں پر بھی گفتگو کی۔ فریقین نے تجارت، لاجسٹکس اور نجی شعبے کے تعاون کو فروغ دینے کے عزم کا اظہار کیا۔

بقیہ 27

دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس نوعیت کی قیاس آرائیاں پرمبنی بیانیہ بظاہر خطے میں استحکام اور امن کے لئے جاری کوششوں کو نقصان پہنچانے کے لئے گھڑا گیا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ جنگ بندی کے بعد اور اسلام آباد مذاکرات کے ابتدائی دور کے دوران ایران اور امریکہ سے متعدد طیارے پاکستان پہنچے تاکہ مذاکراتی عمل سے وابستہ سفارتی عملے، سکیورٹی ٹیموں اور انتظامی سٹاف کی نقل و حرکت کو سہولت فراہم کی جا سکے۔ بعض طیارے اور معاون عملہ آئندہ ممکنہ مذاکراتی ادوار کی توقع میں عارضی طور پر پاکستان میں موجود رہا۔ بیان میں مزید کہا گیا کہ اگرچہ باضابطہ مذاکرات ابھی دوبارہ شروع نہیں ہوئے، تاہم اعلیٰ سطح پر سفارتی روابط مسلسل جاری رہے ہیں، اسی تناظر میں ایرانی وزیر خارجہ کے اسلام آباد کے دوروں کو موجودہ انتظامی اور لاجسٹک سہولیات کے تحت ممکن بنایا گیا، پاکستان میں موجود ایرانی طیارے جنگ بندی کے دوران آئے تھے اور ان کا کسی فوجی ہنگامی صورتحال یا حفاظتی انتظام سے کوئی تعلق نہیں، اس کے برعکس دعوے محض قیاس آرائیاں، گمراہ کن اور حقائق سے مکمل طور پر عاری ہیں۔ دفتر خارجہ کے مطابق پاکستان نے ہمیشہ ایک غیرجانبدار، تعمیری اور ذمہ دار سہولت کار کے طور پر مکالمے اور کشیدگی میں کمی کی حمایت کی ہے، اسی کردار کے تحت پاکستان نے جہاں ضرورت پیش آئی معمول کے مطابق انتظامی اور لاجسٹک تعاون فراہم کیا، جبکہ تمام متعلقہ فریقین کے ساتھ مکمل شفافیت اور مسلسل رابطہ بھی برقرار رکھا۔ دفتر خارجہ نے واضح کیا ہے کہ پاکستان خطے اور دنیا میں امن، استحکام اور سلامتی کے فروغ، کشیدگی میں کمی، اور باہمی مذاکرات کیلئے کی جانے والی تمام مخلصانہ کوششوں کی حمایت جاری رکھنے کے عزم پر قائم ہے۔

بقیہ 28

میں تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس سے چیئرمین آل پاکستان بس ٹرانسپورٹ یونین حاجی میر دولت علی لہڑی نے بتایا کہ کسٹم ویئر ہاؤس میں ٹرانسپورٹ کو شدید مالی نقصان کا سامنا ہوا ہے بلوچستان میں ٹرانسپورٹ برادری روز اول سے ہی شدید پریشانی کے عالم میں مبتلا ہے رہی سہی کسر کسٹم سسٹم کے ویئر ہاؤس میں لگنے والی آگ نے پوری کر دی ہے انہوں نے مزید بتایا کہ ہم پرامن طبقہ سے تعلق رکھتے ہیں وفاقی حکومت کی یہ اولین ترجیح ہے کہ وہ کسٹم سسٹم کے ویئر ہاؤس میں لگنے والی آگ سے بلوچستان کے ٹرانسپورٹرز کو جو مالی نقصان ہوا وہ اس نقصان کا ازالہ کریں کیونکہ یہ آتشزدگی کسٹم سسٹم کے نااہلی کی وجہ سے ہوا ہے بلوچستان کے ٹرانسپورٹرز کو مالی طور پر نقصان پہنچانے کے لئے مخصوص چیزوں کو جواز بنا کر گاڑیوں کو کیس کیا جاتا تھا اور ضبط کرکے سالوں سال کیس شروع ہی نہیں کرتے اگر یہاں گاڑیوں کو بروقت ریلیز کرتے اور ان کا کیسوں کا پیروی ہوتا تو آج وفاقی حکومت کو اربوں روپے ٹیکس کی مد میں ملتا لیکن افسوس کہ سسٹم نے بلوچستان کے عوام کو نان شبینہ کا محتاج بنا کر اربوں کا نقصان پہنچایا وفاقی حکومت فوری طور پر اس معاملے کی شفاف تحقیقات کریں اور ٹرانسپورٹرز کا ازالہ کریں اگر ہماری شنوائی نہیں ہوئی تو ہم تمام ٹرانسپورٹ کے ساتھ مل کر آئندہ کا لائحہ عمل طے کرکے پرامن احتجاج کا راستہ اختیار کریں گے اور ساتھ ساتھ قانون کا دروازہ بھی کھٹکھٹایا جائے گا۔

بقیہ 29

جائے گی، عیدالاضحیٰ کے 27 یا 28 مئی کو متوقع ہونے کی وجہ سے حکومت نے تقریباً ایک ہفتہ قبل رقم منتقل کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ بتایا گیا ہے کہ وزارت خزانہ نے ادائیگیوں کے عمل کو شفاف اور تیز بنانے کے لیے جو اقدامات کیے ہیں ان کے تحت یہ ادائیگیاں وفاقی حکومت کے "ریسیٹس اینڈ پیمنٹ رولز 2025" کے تحت کی جائیں گی، کنٹرولر جنرل آف اکاؤنٹس کو خصوصی ہدایات جاری کی گئی ہیں کہ وہ تمام ملازمین کے اکاؤنٹس میں رقم کی بروقت منتقلی کو یقینی بنائیں، تمام متعلقہ محکموں اور بینکوں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ عید کی تعطیلات سے قبل ادائیگیوں کا عمل مکمل کریں۔

بقیہ 30

تعداد پر قابو پانے اور قانونی اداروں کے غلط استعمال کو روکنے کیلئے بینیفیشل اونرشپ یعنی اصل مالکان کی معلومات کے تبادلے کو یقینی بنانے سرکاری ذرائع نے اس بات کی تصدیق کی کہ عالمی مالیاتی فنڈ نے ایکسٹینڈڈ فنڈ فیسلٹی کے تحت پاکستان کے لئے 1.1 ارب ڈالر کی چوتھی قسط جاری کرنے کی منظوری دیدی ہے تاہم آئی ایم ایف نے اس بات کی نشاندہی بھی کی ہے کہ نامزد غیر مالیاتی کاروباری اداروں اور پیشوں کی جانب سے مشکوک ٹرانزیکشن رپورٹس کی تعداد انتہائی کم ہے جبکہ یہ تاثر عام ہے کہ ملک میں ٹیکس چوری کا پیسہ اور غیر قانونی دولت رئیل اسٹیٹ سیکٹر میں کھپائی جا رہی ہے

بقیہ 31

یادداشت (ایم او یو) پر دستخط کر دیئے۔ ایم او یو پر باضابطہ دستخط فاطمہ جناح ویمن یونیورسٹی کی وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر بشریٰ مرزا اور سیکرٹری محکمہ سکول ایجوکیشن بلوچستان لال جان جعفر نے ایف جے ڈبلیو یو میں منعقدہ تقریب کے دوران کئے۔ معاہدے کے تحت ایف جے ڈبلیو یو طالبات کو داخلے، تعلیمی رہنمائی، انٹرن شپ، پیشہ ورانہ تربیت اور تعلیمی معاونت فراہم کرے گی تاکہ انہیں بلوچستان کے سرکاری تعلیمی شعبے میں بطور اہل اساتذہ خدمات انجام دینے کے قابل بنایا جا سکے۔ اس اقدام کا مقصد اساتذہ کی تعلیم کو مضبوط بنانا اور پسماندہ علاقوں میں خواتین کیلئے تعلیمی مواقع کو وسعت دینا ہے۔ اس موقع پر وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر بشریٰ مرزا نے کہا کہ ایف جے ڈبلیو یو باہمی اشتراک کے ذریعے جامع اور معیاری تعلیم کے فروغ کیلئے پرعزم ہے جو خواتین کو بااختیار بنانے اور قومی ترقی میں معاون ثابت ہو۔ انہوں نے کہا کہ خواتین کی تعلیم اور اساتذہ کی تربیت میں سرمایہ کاری مضبوط معاشروں اور ترقی پسند سوسائٹی کی تشکیل کیلئے ناگزیر ہے۔

بقیہ 32

جاری مالی سال کے پہلے 10 ماہ میں سعودی عرب سے ترسیلات زر کا حجم 7.929 ارب ڈالر ریکارڈ کیا گیا جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے 7.608 ارب ڈالر کے مقابلے میں 4 فیصد زیادہ ہے، اس مدت میں متحدہ عرب امارات سے ترسیلات زر کا حجم 7.008 ارب ڈالر ریکارڈ کیا گیا جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے 6.358 ارب ڈالر کے مقابلے میں 10 فیصد زیادہ ہے، اسی طرح مالی سال کے پہلے 10 ماہ میں قطر، کویت، بحرین اور اومان میں کام کرنے والے پاکستانیوں نے 3.217 ارب ڈالر زرمبادلہ ملک ارسال کیا جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے 3.047 ارب ڈالر کے مقابلے میں 6 فیصد زیادہ ہے جاری مالی سال کے پہلے 10 ماہ میں ترسیلات زر کا مجموعی حجم 33.86 ارب ڈالر ریکارڈ کیا گیا جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے 31.20 ارب ڈالر کے مقابلہ میں 8 فیصد زیادہ ہے۔

بقیہ 33

فیصد اضافہ کیا جائے۔ ملازمین کے سرکاری کوارٹرز کی فوری مرمت، پینے کے صاف پانی کی فراہمی اور ریلوے کالونیوں میں صفائی کے نظام کو بہتر بنایا جائے۔ ریلوے میں اسٹاف کی شدید قلت کو پورا کرنے کے لیے خالی آسامیوں پر فوری بھرتی کی جائے۔ ہفتہ وار ریسٹ کو یقینی بنایا جائے۔ 8 گھنٹے سے زائد ڈیوٹی لینے کا سلسلہ بند کیا جائے، اور اگر مجبوری میں زائد ڈیوٹی لی جائے تو ملازمین کو قانون کے مطابق اوورٹائم دیا جائے۔ پچھلے 5 سال سے بند ٹی اے ڈی اے کی فوری ادائیگی کی جائے۔ بلوچستان میں بند کی گئی تمام ٹرینوں کو فوری طور پر بحال کیا جائے۔ ملازمین کو کام کرنے اور ریلوے اثاثوں کی حفاظت کے لیے ضروری اوزار جات اور آلات کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ ریلوے کے تمام ورکشاپس اور اسپیئر پارٹس سسٹم کی بحالی اور مرمت کا کام ہنگامی بنیادوں پر کیا جائے۔ رہنماؤں نے مزید کہا کہ ملازمین کو بنیادی سہولیات فراہم کرنا محکمہ کی آئینی و قانونی ذمہ داری ہے۔ اگر ہمارے جائز مطالبات تسلیم نہ کیے گئے تو یونین آئندہ کا لائحہ عمل طے کرنے کا حق محفوظ رکھتی ہے۔

بقیہ 34

آسام رائفلز کیمپ میں داخل ہو رہے ہیں، جبکہ ویڈیو میں بھارتی وزیراعظم، وزیرداخلہ اور وزیر اعلیٰ منی پور کو بزدل قرار دیا گیا ہے۔ ماہرین کے مطابق آسام رائفلز کیمپ پر علیحدگی پسند گروپ کے قبضے سے ظاہر ہوتا ہے کہ بھارتی فوج اپنے دفاع میں بھی مکمل ناکام ہو چکی ہے، بھارت کے جابرانہ تسلط کے خلاف منی پور کیساتھ ساتھ آسام ناگالینڈ و دیگر ریاستوں میں علیحدگی پسند گروپ اپنی جدوجہد جاری رکھے ہوئے ہیں۔

بقیہ 35

سمندر سے داغے جانے والے ٹوماہاک میزائلوں کے لیے ناقابل شناخت لانچ پلیٹ فارم ہیں، جو امریکی جوہری دفاعی نظام کے سب سے محفوظ حصے کی نمائندگی کرتی ہیں۔ امریکی اخبار کے مطابق امریکا عام طور پر اپنی ان آبدوزوں کی لوکیشن ظاہر نہیں کرتا تاہم اس بار جبرالٹر میں اس کی موجودگی کا اعلان کیا گیا ہے۔ یہ اعلان ایک ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کی تازہ جنگ بندی تجویز کو اتوار کے روز مکمل طور پر ناقابل قبول قرار دیتے ہوئے مسترد کر دیا تھا۔

بقیہ 36

دھماکے میں اب تک 9 افراد جاں بحق ہو چکے ہیں، جاں بحق افراد میں 2 پولیس اہلکار بھی شامل ہیں۔ ہسپتال ذرائع کے مطابق کی مروت کے سرائے نورنگ بازار میں ہونے والے دھماکے میں 7 افراد جاں بحق ہوئے، جاں بحق ہونے والوں میں 2 ٹریفک پولیس اہلکار بھی شامل ہیں۔ ہسپتال ذرائع کے مطابق زخمیوں میں خاتون اور بچے بھی شامل ہیں، ہسپتال ذرائع کے مطابق سرائے نورنگ اسپتال میں ایمرجنسی نافذ کر دی گئی ہے۔ سرائے نورنگ ہسپتال کے ایم ایس نے کہا کہ اب تک جاں بحق افراد کی تعداد 9 ہو گئی، جائے وقوعہ سے 42 افراد اسپتال لائے گئے جن میں سے 9 جاں بحق ہو گئے۔ ذرائع کے مطابق دھماکے میں موٹر سائیکل میں نصب دھماکا خیز مواد استعمال کیا گیا، سکیورٹی فورسز نے علاقے کو گھیرے میں لے کر سرچ آپریشن شروع کر دیا ہے۔ بعد ازاں ڈی آئی جی سجاد خان نے کہا کہ دھماکے میں 2 ٹریفک پولیس اہلکاروں سمیت 7 افراد شہید جبکہ 23 افراد زخمی ہو گئے، ابتدائی تحقیقات میں دھماکا خیز مواد موٹر سائیکل میں نصب کیا گیا تھا، زخمیوں کو فوری طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔ ڈی آئی جی کے مطابق پولیس کی بھاری نفری علاقے میں سرچ اینڈ اسٹرائیک آپریشن میں مصروف ہے، دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کو ہر صورت کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا۔ واضح رہے کہ خوارج نے اپنے ہندوستانی آقاؤں کے اشاروں پر غضب للحق کے کامیاب آپریشنز کے نتیجے میں حواس باختہ ہو کے سول اور سوفٹ ٹارگٹس کو نشانہ بنانا شروع کر دیا ہے۔ اس واقعے کے بعد لکی مروت کے عوام میں خوارج کے خلاف شدید غم و غصہ پایا جا رہا ہے۔

بقیہ 37

قیدیوں پر منظم جنسی تشدد بے نقاب کرتے ہوئے رپورٹ میں کہا ہے کہ اسرائیلی فوج فلسطینی مردوں، عورتوں اور بچوں پر منظم جنسی تشدد کر رہی ہے۔ رپورٹ میں فلسطینی قیدیوں کے ساتھ اسرائیلی فوجیوں، تفتیش کاروں اور جیل اہلکاروں کی جانب سے سفاکانہ جنسی تشدد کے الزامات سامنے لائے گئے۔ رپورٹ میں مقبوضہ مغربی کنارے کے متاثرین کے انٹرویوز کا حوالہ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ فلسطینیوں، حتیٰ کہ بچوں، کے خلاف جنسی تشدد ایک وسیع اور منظم طرز عمل بن چکا ہے۔ نکولس کرسٹوف نے لکھا کہ اگرچہ اس بات کے کوئی شواہد موجود نہیں کہ اسرائیلی قیادت براہ راست ایسے اقدامات کے احکامات دیتی ہے تاہم ان کے زیرنگرانی سیکیورٹی نظام میں یہ عمل معمول کی کارروائی بن چکا ہے۔ رپورٹ میں اقوام متحدہ اور انسانی حقوق کی تنظیموں کے اعداد و شمار کا حوالہ دیتے ہوئے کہا گیا کہ فلسطینیوں کے خلاف جنسی تشدد کے واقعات منظم ریاستی پالیسی کا حصہ دکھائی دیتے ہیں

TENDER NOTICE

The PD- DEVELOPMENT PLAN FOR NOKUNDI TOWN invites bids from eligible Bidders for supply of following items. **TSE-2526051044581 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. T/Fee** 1,000 PKR

S.No	Class of Object	Bid Security
1	Manufactured Vehicles & Accessories (Total Item(s) Count: 2)	2%

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 5 Assignments of Similar Nature and Complexity 45,000,000 in Previous 2 Years Turn over of at least 40,000,000 PKR in 3 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List Sales Tax Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan JV is not permissible Submission of the required Bid Security In case Bid Security is not found as required during financial evaluation the bidding firm shall be declared as in-eligible and non-responsive Submission of the required Bidding document Fee Bidder must specify the delivery timeline 3S Dealership facility for timely repair & maintenance and warranty obligations. Under Taking Certificate of Manufacturer Bidder must have minimum 05 years of after sale experience in the Automobile Industry having Availability of spare parts Bidder must have valid authorization letter from the manufacturer **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 25 May, 2026till 11:00 AM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 12:00 PM or EPPS System Address: NOKUNDI TOWN, DISTRICT CHAGAI, BALOCHISTAN

Phone no: 03337872 87 Email: imtiazgichki38@gmail.com

PD- DEVELOPMENT PLAN FOR NOKUNDI TOWN

AB No.1271/11-05-2026

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

آبنائے ہرمز کی بندش کے نام پر غریب عوام پر مہنگائی کی قیامت ڈھا دی گئی، مولانا فضل الرحمان

آئین کا کھلواڑ بنا دیا گیا ہے پیپلز پارٹی آئین کے تحفظ کے لیے مضبوط کردار ادا کرے ہم اس کے ساتھ کھڑے ہوں گے

شون کی تحصیل میں کھڑا ہو کر آپ سے مخاطب ہوں، پارلیمنٹ کے ان کیمرہ اجلاس سے حکومت کیوں راہ فرار اختیار کر رہی ہے قومی اسمبلی میں خطاب

اسلام آباد (اے این این) جمعیت علماء اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن نے کہا ہے کہ میں شون کی تحصیل میں کھڑا ہو کر آپ سے مخاطب ہوں، جمعیت علماء اسلام کے اکابرین اور پارلیمنٹ کے ممبران دہشت گردی کے ہاتھوں شہید ہو چکے ہیں اس کے باوجود جمعیت علماء اسلام اور تمام مکاتب فکر آئین اور ملک کے ساتھ کھڑے ہیں، چاہے وہیں آپریشنز کے باوجود حالات قابو نہیں آ رہے ہے بلکہ مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی کے مصداق حالات مزید خرابی کا شکار ہو گئے ہیں۔ افغانستان کے ساتھ جنگ کے دوران ہمارے وفاقی اداروں نے جو کارکردگی (بقیہ اندرونی صفحہ 2پر)

وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا نے سرائے نورنگ بازار پھاٹک میں دھماکے کا نوٹس لے لیا

شہداء کے لواحقین کے غم میں برابر کے شریک ہیں، صوبائی حکومت ہر ممکن تعاون فراہم کرے گی، سہیل آفریدی

پشاور (یو این اے) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے سرائے نورنگ بازار پھاٹک میں دھماکے کا نوٹس لے لیا اور آئی جی پولیس سے واقعہ کی رپورٹ طلب کر لی ہے۔ وزیر اعلیٰ ہاؤس پشاور ترجمان کے مطابق وزیر اعلیٰ نے کہا کہ واقعہ میں 2 ٹریفک پولیس اہلکاروں اور 5 شہریوں کی شہادت انتہائی افسوسناک ہے، شہداء کے لواحقین کے غم میں برابر کے شریک ہیں، صوبائی حکومت ہر ممکن تعاون فراہم کرے گی۔ وزیر اعلیٰ ہاؤس پشاور ترجمان کے مطابق وزیر اعلیٰ نے کہا کہ واقعہ میں 2 ٹریفک پولیس اہلکاروں اور 5 شہریوں کی شہادت انتہائی افسوسناک ہے، شہداء کے لواحقین کے غم میں برابر کے شریک ہیں، صوبائی حکومت ہر ممکن تعاون فراہم کرے گی۔

نور خان ایئربیس پر ایرانی طیاروں کی موجودگی کی خبر گمراہ کن ہے، پاکستان

ایسی قیاس آرائی پر مبنی بیانیے کا مقصد علاقائی استحکام اور امن کیلئے جاری کوششوں کو نقصان پہنچانا ہے ایسی خبریں مسترد کرتے ہیں

پاکستان خطے اور دنیا میں امن، استحکام اور سلامتی کے فروغ، کشیدگی میں کمی، اور بامعنی مذاکرات کیلئے تمام مخلصانہ کوششوں کی حمایت جاری رکھنے کے عزم پر قائم ہے، دفتر خارجہ

اسلام آباد (اے این این) پاکستان نے نور خان ایئربیس پر ایرانی طیاروں کی موجودگی کے حوالے سے خبروں کو گمراہ کن قرار دیتے ہوئے مسترد کر دیا اور کہا ہے کہ ایسی قیاس آرائی پر مبنی بیانیے کا مقصد علاقائی استحکام اور امن کیلئے جاری کوششوں کو نقصان پہنچانا ہے۔ دفتر خارجہ سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ پاکستان امریکی ٹی وی سی بی ایس نیوز کی اس رپورٹ کو قطعی طور پر مسترد کرتا ہے جس میں نور خان ایئربیس پر ایرانی طیاروں کی موجودگی کے حوالے سے گمراہ کن اور سنسنی خیز دعوے کیے گئے تھے۔ دفتر خارجہ نے رپورٹ پر سخت ردعمل (بقیہ 27 اندرونی صفحہ 2پر)

کوئٹہ: وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بیٹھک کے دسویں بورڈ اجلاس میں اظہار خیال کر رہے ہیں

کوئٹہ، لکپاس کسٹم ویئر ہاؤس آتشزدگی سے ٹرانسپورٹرز، کاروباریوں کا نقصان، ازالے کا مطالبہ

کسٹم حکام کی نااہلی سے بلوچستان کے ٹرانسپورٹرز معاشی تباہی کا شکار، وفاقی حکومت تحقیقات کرے، میر دولت علی لہڑی

کوئٹہ (یو این اے) ترجمان آل پاکستان بس ٹرانسپورٹ یونین نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ گزشتہ روز سانحہ لکپاس کسٹم ویئر ہاؤس کے حوالے سے چیئرمین آل پاکستان بس ٹرانسپورٹ یونین حاجی میر دولت علی لہڑی کے زیر صدارت تمام ٹرانسپورٹرز کا ایک اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں تمام روٹ کے ٹرانسپورٹ ذمہ داران سمیت ٹرک، مزدا، ٹرالر، ہارڈ اور دیگر چھوٹی بڑی گاڑیوں کے مالکان شریک ہوئے اجلاس میں لکپاس کسٹم ویئر ہاؤس میں لگنے والی ہولناک آگ سے ٹرانسپورٹروں کو ہونے والی نقصان کے بارے (بقیہ 28 اندرونی صفحہ 2پر)

فاطمہ جناح ویمن یونیورسٹی اور حکومت بلوچستان کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط

کوئٹہ (بی این ایم) فاطمہ جناح ویمن یونیورسٹی (ایف جے ڈبلیو یو) نے بلوچستان میں خواتین کو بااختیار بنانے اور تعلیمی ترقی کے فروغ کی جانب ایک اہم پیش رفت کرتے ہوئے پراجیکٹ کے تحت فیوچر ایجوکیشن سکالرشپ پروگرام کے نفاذ کیلئے محکمہ سکول ایجوکیشن بلوچستان کے ساتھ مفاہمتی (بقیہ 31 اندرونی صفحہ 2پر)

سعودی عرب، متحدہ عرب امارات اور دیگر خلیجی ممالک سے ترسیلات زر میں اضافہ

پاکستانیوں نے 17.95 ارب ڈالرز مبادلہ ملک ارسال کیا جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے مقابلہ میں 5.50 فیصد زیادہ ہے

اسلام آباد (یو این اے) سعودی عرب، متحدہ عرب امارات اور دیگر خلیجی ممالک سے ترسیلات زر میں جاری مالی سال کے پہلے 10 ماہ میں سالانہ بنیادوں پر اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ سٹیٹ بینک کی جانب سے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق جاری مالی سال کے پہلے 10 ماہ میں سعودی عرب، یو اے ای اور خلیجی تعاون کونسل کے دیگر رکن ممالک میں کام کرنے والے پاکستانیوں نے 17.95 ارب ڈالرز مبادلہ ملک ارسال کیا جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے مقابلہ میں 5.50 فیصد زیادہ ہے۔ گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں مشرق وسطیٰ کے ممالک سے ترسیلات زر کا حجم 17.013 ارب ڈالر ریکارڈ کیا گیا تھا۔ (بقیہ 32 اندرونی صفحہ 2پر)

وزیر خزانہ کی ٹیکسٹائل سیکٹر نمائندوں سے ملاقات، ایکسپورٹ تجاویز پر مشاورت

اسلام آباد (بی این ایم) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کی ٹیکسٹائل سیکٹر نمائندوں سے اہم ملاقات ہوئی، بجٹ 2026-27 پر معاشی ٹیم اور ٹیکسٹائل صنعت میں تفصیلی مشاورت کی گئی ٹیکسٹائل سیکٹر نے ٹیکس اصلاحات، سستی توانائی، ایکسپورٹ سہولتوں کی تجاویز پیش کر دیں، صنعتکاروں نے پیداواری لاگت (بقیہ 10 اندرونی صفحہ 2پر)

دہشتگردی کے خلاف جنگ جاری رہے گی، صدر مملکت

آصف علی زرداری کا دہشتگردی کا خطرہ ناکام بنانے کے دوران جان قربان کرنے والے بہادر شہری لیاقت کو خراج عقیدت

اسلام آباد (سی ایم لنکس) صدر مملکت آصف علی زرداری نے جنڈ اور شمالی ٹریٹ پل کوہاٹ کے قریب دہشت گردی کا خطرہ ناکام بنانے کے دوران جان قربان کرنے والے بہادر شہری لیاقت کو خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ ایوان صدر کے پریس ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت نے کہا کہ شہید لیاقت جیسے بہادر شہری دہشت گردی کے خلاف قومی استقامت، حب الوطنی اور اجتماعی شعور کی روشن مثال ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے ناسور کے خاتمے کیلئے پوری قوم اپنی سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے (بقیہ 9 اندرونی صفحہ 2پر)

سرکاری ملازمین کو تنخواہیں اور پنشن عید سے پہلے 22 مئی کو ادا کرنے کا فیصلہ

تمام متعلقہ محکمے اور بینک عید کی تعطیلات سے قبل ادائیگیوں کا عمل مکمل کریں، وزارت خزانہ کی ہدایات

اسلام آباد (بی این ایم) وفاقی حکومت نے عیدالاضحیٰ کے موقع پر سرکاری ملازمین اور پنشنرز کے لیے خوشخبری سناتے ہوئے مئی کے مہینے کی تنخواہیں اور پنشن وقت سے پہلے ادا کرنے کا باقاعدہ اعلان کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق وزارت خزانہ نے عیدالاضحیٰ کی آمد کے پیش نظر سرکاری ملازمین اور پنشنرز کی مالی سہولت کے لیے مئی 2026 کی تنخواہوں اور پنشن کی پیشگی ادائیگی کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے۔ حکومت کے اس اقدام کا مقصد ملازمین کو عید کی تیاریوں اور قربانی کے جانوروں کی خریداری میں سہولت فراہم کرنا ہے۔ نوٹیفکیشن سے معلوم ہوا ہے کہ تمام وفاقی سرکاری ملازمین اور پنشنرز کو مئی کی تنخواہ اور پنشن 22 مئی 2026 کو ادا کر دی (بقیہ 29 اندرونی صفحہ 2پر)

رئیل اسٹیٹ سیکٹر میں مشکوک لین دین کی نگرانی سخت کی جائے، آئی ایم ایف

اسلام آباد (یو این اے) آئی ایم ایف نے پاکستان سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ رئیل اسٹیٹ سیکٹر سے متعلق مشکوک ٹرانزیکشن رپورٹس کی کم شرح کے مسئلے کو حل کرے اور نگرانی سخت کرے۔ آئی ایم ایف نے پاکستان سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ رئیل اسٹیٹ سیکٹر سے متعلق مشکوک ٹرانزیکشن رپورٹس کی کم شرح کے مسئلے کو حل کرے کیونکہ ہائی رسک سیکٹرز میں منی لانڈرنگ کی بڑھتی ہوئی (بقیہ 30 اندرونی صفحہ 2پر)

قطر اور ترکیہ پاکستان کی ثالثی کوششوں کی حمایت کرتے ہیں، قطری وزیراعظم

دوحہ (بی این ایم) قطری وزیر اعظم و وزیر خارجہ شیخ محمد بن عبدالرحمان الثانی نے کہا ہے کہ ان کا ملک اور ترکیہ ایران جنگ کے خاتمے کے لیے پاکستانی ثالثی کوششوں کی حمایت کرتا ہے۔ انہوں نے یہ بات دوحہ میں ترک وزیر خارجہ خاقان فیدان کے ساتھ مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کے دوران کہی۔ قطری وزیر اعظم عبدالرحمان بن جاسم الثانی کا کہنا تھا (بقیہ 12 اندرونی صفحہ 2پر)

کوئٹہ، عالمی یوم نرسز کی تیاریاں، نرسنگ کالجز میں امتحانات کا انعقاد اور مطالبات

نرسز کی شدید قلت اور سروس اسٹرکچر کی عدم منظوری، محکمہ صحت سے فوری اقدامات کی اپیل

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے مختلف ہسپتالوں اور نرسنگ انسٹی ٹیوٹس میں عالمی یوم نرسز کی تقریبات منانے کی تیاریاں جاری ہیں۔ تمام نرسنگ کالجز میں بولان یونیورسٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز کے شیڈول کے مطابق سمسٹر وائز فائنل امتحانات جاری تھے جو 11 مئی کو اختتام پذیر ہو گئے۔ صوبائی سطح پر ڈائریکٹر نرسنگ کی ہدایت پر یوم نرسز منانے کے لیے بھی خصوصی انتظامات شروع کر دیے گئے ہیں۔ پاکستان نرسز فیڈریشن کے سینئر ممبران نے حکومت بلوچستان محکمہ صحت کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا ہے کہ موجودہ حکومت اور وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے تحت مختلف نرسنگ کالجز میں (بقیہ اندرونی صفحہ 2پر)

کوئٹہ: صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد دمڑ اپنے دفتر میں لوگوں کے مسائل سن رہے ہیں

بھارتی فوج اپنے دفاع میں ناکام منی پور میں آسام رائفلز کے کیمپ پر قبضہ

سری نگر (یو این اے) بھارتی فوج اپنے دفاع میں بھی ناکام ہو گئی جبکہ منی پور میں علیحدگی پسندوں نے آسام رائفلز کے کیمپ پر قبضہ کر لیا۔ مودی حکومت کی انتہا پسند اور متعصبانہ پالیسیوں کے باعث ریاست منی پور میں علیحدگی پسند تحریک زور پکڑ چکی ہے۔ سوشل میڈیا پر وائرل ویڈیو میں دیکھا جا سکتا ہے کہ منی پور میں علیحدگی پسند تحریک کے ارکان بھارتی فوج کے (بقیہ 34 اندرونی صفحہ 2پر)

کوئٹہ، ریلوے ملازمین کی تنخواہوں میں 250 فیصد اضافے اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کا مطالبہ

بجٹ میں میڈیکل و کنوینس الاؤنس بڑھایا جائے، بند رٹیس بحال اور اوور ٹائم ادا کیا جائے، ورکرز یونین

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان ریلوے ورکرز یونین اوپن لائن کوئٹہ ڈویژن کے صدر شیر محمد بلوچ، جنرل سیکرٹری محمد سلیم سرپرست و چیف آرگنائزر سید محمد لہڑی، جوائنٹ سیکرٹری محمد نصیر راجپوت، چیئرمین جاوید مینگل، ڈپٹی جنرل سیکرٹری عاقل خان کاکڑ، وائس چیئرمین حسن خان کھتران، وائس چیف آرگنائزر، احتشام حمید اور میڈیا کوآرڈینیٹر محمد حمزہ نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ وفاقی حکومت آنے والے بجٹ میں ریلوے ملازمین کی تنخواہوں میں کم از کم 250 فیصد اضافہ کرے۔ موجودہ مہنگائی میں 20 فیصد اضافہ ناکافی اور ملازمین کے ساتھ مذاق ہے۔ اسی طرح کنوینس الاؤنس اور میڈیکل الاؤنس میں بھی کم از کم 300 (بقیہ 33 اندرونی صفحہ 2پر)

وفاقی آئینی عدالت نے رہائشی پلاٹوں کی کمرشل کیٹیگری میں تبدیلی پر عائد پابندی ختم کر دی

اسلام آباد (اے این این) وفاقی آئینی عدالت نے رہائشی پلاٹوں کی کمرشل کیٹیگری میں تبدیلی پر عائد پابندی ختم کر دی۔ کراچی میں غیر قانونی تعمیرات کے کیس میں عدالت نے رہائشی پلاٹوں کی کیٹیگری کمرشل میں تبدیل کرنے کی پابندی پر مبنی فیصلہ واپس لے لیا اور کیس نمٹا دیا۔ وفاقی آئینی عدالت نے واضح کیا کہ پارکس، ہسپتالوں اور کھیل کے میدانوں سمیت عوامی مقامات کی کیٹیگری تبدیل نہیں ہو سکے گی۔ جسٹس عامر فاروق نے کہا کہ سندھ بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی سمیت کسی ادارے کے کام میں مداخلت نہیں کریں گے، کوئی ادارہ قانون کی خلاف ورزی کر رہا ہے تو متعلقہ فورم اور ہائیکورٹ سے رجوع کریں۔ جسٹس عامر فاروق نے قرار دیا کہ ہائیکورٹ کے فیصلے سے کسی کی داد رسی نہ ہو تو اپیل دائر کر سکتا ہے، ازخود نوٹس کا اختیار تو اب ختم ہو چکا ہے (بقیہ 16 اندرونی صفحہ 2پر)

صحت کے شعبے میں خدمات انجام دینے والی نرسز پوری قوم کے لیے باعث فخر ہیں، وزیر اعلیٰ

نرسز انسانیت کی خدمت، مریضوں کی دیکھ بھال اور دکھی انسانیت کی معاونت میں مثالی کردار ادا کر رہی ہیں سرفراز بگٹی

کوئٹہ (اے این این) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے نرسز کے عالمی دن کے موقع پر پیغام دیتے ہوئے کہا کہ نرسز انسانیت کی خدمت، مریضوں کی دیکھ بھال اور دکھی انسانیت کی معاونت میں مثالی کردار ادا کر رہی ہیں، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ صحت کے نظام کو مؤثر اور فعال بنانے میں نرسز کی خدمات ناقابل (بقیہ 13 اندرونی صفحہ 2پر)

جوہری میزائلوں سے لیس امریکا کی اوہائیو کلاس آبدوز جبرالٹر پہنچ گئی

واشنگٹن (اے این این) امریکی محکمہ دفاع پینٹاگون نے اعلان کیا ہے کہ امریکی بحریہ کی جوہری میزائلوں سے لیس ایک آبدوز جبرالٹر پہنچ گئی ہے۔ یہ آبدوز امریکہ کے انتہائی خفیہ فوجی اثاثوں میں شمار ہوتی ہے۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹ کے مطابق امریکی بحریہ نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ جبرالٹر پہنچنے والی آبدوز اوہائیو کلاس بیلسٹک میزائل آبدوز ہے جسے ''بومر'' بھی کہا جاتا ہے۔ یہ اسٹیلتھ پلیٹ فارم جوہری وار ہیڈ لے جانے والے بیلسٹک میزائل داغنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ بحریہ کے مطابق یہ دورہ امریکا کی صلاحیت اور نیٹو اتحادیوں کے ساتھ مسلسل وابستگی کا مظاہرہ ہے۔ بیان میں مزید کہا گیا کہ اوہائیو کلاس آبدوزیں (بقیہ 35 اندرونی صفحہ 2پر)

اسرائیل کی غزہ اور مغربی کنارے میں کارروائیاں، مزید 4 فلسطینی شہید

ایک نوجوان گرفتار، فلسطینیوں کی ملکیت متعدد صنعتی اور تجارتی عمارتیں مسمار

غزہ، تل ابیب، یروشلم، نیویارک (اے این این) اسرائیلی فوج کی غزہ اور مقبوضہ مغربی کنارے میں جارحانہ کارروائیاں جاری رہیں، صیہونی فورسز نے مزید چار فلسطینی شہید کر دیئے جبکہ ایک نوجوان کو گرفتار کر لیا گیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق اسرائیلی فوج نے مقبوضہ مغربی کنارے میں مقبوضہ بیت المقدس کے جنوب مشرقی علاقے ابو دیس میں چھاپہ مار کارروائی کرتے ہوئے شدید صوتی بموں اور آنسو گیس کا استعمال کیا، جس سے علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ دوسری جانب مقبوضہ بیت المقدس کے مشرق میں واقع قصبے عناتا میں بھی اسرائیلی فوج نے کارروائی کرتے ہوئے ایک نوجوان فلسطینی کو گرفتار کر لیا۔ ادھر القدس کے جنوب مشرق میں واقع قصبے الجبیر ہ کے علاقے المنطار میں اسرائیلی بلدیاتی اور فوجی اہلکاروں نے فلسطینیوں کی ملکیت متعدد صنعتی اور تجارتی عمارتوں کو مسمار کرنا شروع کر دیا۔ فلسطینی خبر رساں ایجنسی کے مطابق ابتدائی اطلاعات میں بتایا گیا ہے کہ اب تک کم از کم 20 صنعتی و تجارتی ڈھانچے منہدم کیے جا چکے ہیں جبکہ مسماری کا عمل تاحال جاری ہے۔ ادھر امریکی اخبار نیویارک ٹائمز میں فلسطینی (بقیہ 37 اندرونی صفحہ 2پر)

ڈپٹی کمشنر کوہلو اپنے دفتر میں عوام سے ملاقات کر رہے ہیں ان کی شکایات اور مسائل پوچھ رہے ہیں

امریکہ کے پاس ایرانی عوام کے حقوق قبول کرنے کے سوا کوئی متبادل نہیں، قالیباف

جتنا زیادہ امریکی تاخیر کریں گے، اتنا ہی اس کی قیمت امریکی ٹیکس دہندگان کو ادا کرنا پڑے گی

تہران (اے این این) ایرانی پارلیمنٹ کے اسپیکر محمد باقر قالیباف نے امریکا کے ساتھ جنگ کے خاتمے سے متعلق ایکس پر بیان جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ 14 نکاتی تجویز میں درج ایرانی عوام کے حقوق قبول کرنے کے سوا کوئی متبادل نہیں، انہوں نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر اپنے ایک بیان میں کہا کہ 14 نکاتی تجویز میں ایرانی عوام کے حقوق واضح طور پر بیان کیے گئے ہیں۔ قالیباف نے مزید کہا کہ اس کے علاوہ اختیار کی جانے والی کوئی بھی حکمت عملی مکمل طور پر بے نتیجہ ہوگی اور اس کا حاصل مسلسل ایک کے بعد (بقیہ 14 اندرونی صفحہ 2پر)

ایران نے آبنائے ہرمز میں چھوٹی آبدوزیں بھیج دیں، ایرانی حکام

تہران (اے این این) ایران نے دعویٰ کیا ہے کہ اس نے آبنائے ہرمز میں چھوٹی آبدوزیں بھیج دی ہیں، جنہیں چھپی محافظ قرار دیا جا رہا ہے۔ یہ پیش رفت ایسے وقت میں سامنے آئی ہے جب تہران اور واشنگٹن کے درمیان امن مذاکرات میں تعطل برقرار ہے۔ امریکی خبر رساں ادارے بلومبرگ کے مطابق ایرانی حکام کا کہنا ہے کہ آبنائے ہرمز میں بھیجی گئی چھوٹی آبدوزوں کا مقصد اس اہم بحری گزرگاہ کی نگرانی اور دفاعی صلاحیت کو مضبوط بنانا ہے۔ بلومبرگ کے مطابق ایران کے پاس غدیر کلاس کی کم از کم 16 منی آبدوزیں موجود ہیں۔ بین الاقوامی ادارے انٹرنیشنل انسٹیٹیوٹ فار اسٹریٹجک اسٹڈیز کے مطابق ہر آبدوز میں 10 سے کم اہلکار سوار ہوتے ہیں ان آبدوزوں کے بارے میں بتایا گیا ہے کہ وہ دو تارپیڈو یا چین میں تیار کردہ دو سی 704-ایس (بقیہ 39 اندرونی صفحہ 2پر)

پنجگور، عوامی خدمت ہمارا نصب العین ہے، عبدالمالک صالح بلوچ

تعلیم اور صحت کے نظام میں بہتری اولین ترجیح، محدود وسائل میں عوامی مسائل حل کریں گے

پنجگور (یو این اے) پنجگور چیئرمین ڈسٹرکٹ کونسل عبدالمالک صالح بلوچ نے کہا کہ عوام کی بلاتفریق خدمت ہمارا نصب العین ہے محدود (بقیہ 15 اندرونی صفحہ 2پر)



سنگاپور، ہائی کمشنر نیشنل لائبریری سنگاپور کا دورہ کر رہی ہیں

لکی مروت میں دھماکا 2 پولیس اہلکاروں سمیت 9 افراد جاں بحق متعدد زخمی

خیبر پختونخوا کے ضلع لکی مروت کی تحصیل سرائے نورنگ میں نورنگ ریلوے پھاٹک کے قریب دھماکا ہوا ہے سرائے نورنگ اسپتال میں ایمرجنسی نافذ کر دی گئی ہے

دھماکے میں 2 ٹریفک پولیس اہلکاروں سمیت 7 افراد شہید جبکہ 23 افراد زخمی ہو گئے، ابتدائی تحقیقات میں دھماکا خیز مواد موٹر سائیکل میں نصب کیا گیا تھا، ڈی آئی جی

لکی مروت (اے این این) پولیس نے دھماکے کی تصدیق کی ہے جب کہ اسپتال انتظامیہ نے بتایا کہ دھماکے میں اب تک 9 افراد جاں بحق ہو چکے ہیں جن میں 2 پولیس اہلکار بھی شامل ہیں۔ خیبر پختونخوا کے ضلع لکی مروت کی تحصیل سرائے نورنگ میں نورنگ ریلوے پھاٹک کے قریب دھماکا ہوا ہے۔ پولیس نے دھماکے کی تصدیق کی ہے جب کہ اسپتال انتظامیہ نے بتایا کہ (بقیہ 36 اندرونی صفحہ 2پر)

ایڈیشنل آئی جی پی اشفاق احمد نے ہیڈکوارٹر بدر لائن میں جدید ڈسپنسری کا افتتاح کر دیا

جوانوں کی صحت اور فلاح و بہبود ہماری اولین ترجیح ہے کمانڈنٹ بلوچستان کانسٹیبلری اشفاق احمد

کوئٹہ (خ ن) ایڈیشنل آئی جی پی و کمانڈنٹ بلوچستان کانسٹیبلری اشفاق احمد نے آج بروز منگل 12 مئی 2026 کو ہیڈکوارٹر بدر لائن کی نئی عمارت میں قائم جدید ڈسپنسری کا باقاعدہ افتتاح کر دیا۔ افتتاحی تقریب میں بلوچستان کانسٹیبلری کے سینئر افسران، میڈیکل اسٹاف اور جوانوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی اس موقع پر ایڈیشنل آئی جی پی و کمانڈنٹ بلوچستان کانسٹیبلری اشفاق احمد نے ڈسپنسری کے مختلف شعبوں کا معائنہ کیا اور وہاں فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا جائزہ لیا۔ انہیں بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ ڈسپنسری میں جدید طبی آلات، ابتدائی طبی امداد، روزمرہ طبی معائنہ، ادویات کی فراہمی اور دیگر بنیادی طبی (بقیہ 38 اندرونی صفحہ 2پر)

آئی ایم ایف کی حکومت کو منی لانڈرنگ کیخلاف سخت اقدامات کی ہدایت

مشکوک مالی ٹرانزیکشن پر اظہار تشویش، بعض شعبوں میں کالے دھن اور غیر ٹیکس شدہ سرمایہ کاری کی نشاندہی بھی کی گئی

آئی ایم ایف نے تجارت کی آڑ میں منی لانڈرنگ روکنے، بینیفیشل اونرشپ کی معلومات کے تبادلے میں خامیاں دور کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (اے این این) آئی ایم ایف نے تجارت اور مشکوک لین دین پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے آئندہ مالی سال کے بجٹ سے قبل حکومت کو منی لانڈرنگ کے خلاف سخت اقدامات کی ہدایت کر دی۔ ذرائع کے مطابق نئے مالی سال کے بجٹ کی تیاریوں کے دوران آئی ایم ایف نے حکومت پر ٹریڈ بیسڈ منی لانڈرنگ کے خلاف فوری اور موثر اقدامات کرنے پر زور دیا ہے۔ آئی ایم (بقیہ اندرونی صفحہ 2پر)

وفاقی بجٹ 2026-27 کی تیاری، آئی ایم ایف وفد آج پاکستان پہنچے گا

اسلام آباد (یو این اے) وفاقی بجٹ 2026-27 کی تیاری کیلئے عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کا وفد آج پاکستان پہنچے گا۔ ذرائع کے مطابق معاشی ٹیم کا وفد کے ساتھ بجٹ تیاری کا مرحلہ 20 مئی تک جاری رہے گا، آئی ایم ایف وفد کے ساتھ بجٹ بارے مذاکرات کا باضابطہ آغاز 13 مئی سے ہوگا۔ وفد کے ساتھ نئے بجٹ کیلئے ٹیکس ریونیو اہداف (بقیہ 18 اندرونی صفحہ 2پر)

افغانستان میں امریکی فورسز کے ساتھ کام کرنیوالے افغان شہری کو ڈی پورٹ نہ کرنے کا حکم

کینیڈا ایمبیسی میں پناہ کی درخواست دے رکھی ہے، جو اس وقت پراسس میں ہے، درخواست گزار

پشاور (اے این این) افغانستان میں امریکی فورسز کے ساتھ کام کرنے والے افغان شہری کو عدالت نے ڈی پورٹ نہ کرنے کا حکم دے دیا۔ پاکستان میں مقیم افغان شہری سمیع اللہ کو ڈی پورٹ کرنے کے خلاف دائر درخواست پر سماعت پشاور ہائیکورٹ کے جسٹس وقار احمد اور جسٹس بابر ستار پر مشتمل 2 رکنی بینچ نے کی۔ عدالت نے درخواست گزار کو افغانستان ڈی پورٹ نہ کرنے کا حکم دیتے ہوئے وزارت داخلہ اور دیگر فریقین کو نوٹس جاری کر دیا اور آئندہ سماعت تک جواب طلب کر لیا۔ عدالت نے حکم دیا کہ درخواست گزار کو آئندہ سماعت تک افغانستان ڈی پورٹ نہ کیا جائے جبکہ فریقین سے 29 جون تک جواب طلب کیا گیا (بقیہ اندرونی صفحہ 2پر)



کوئٹہ: ڈائریکٹر جنرل سرٹیفکیٹ دے رہے ہیں

سپارکو کی ذوالحج 1447 ہجری کا چاند 17 مئی کو نظر آنے کی پیش گوئی

یکم ذوالحج 18 مئی جبکہ عیدالاضحیٰ 27 مئی (بدھ کو) منائے جانے کا امکان

لاہور (اے این این) سپارکو نے ذوالحج 1447 ہجری کا چاند 17 مئی کو نظر آنے کی پیش گوئی کر دی، یکم ذوالحج 18 مئی جبکہ عیدالاضحیٰ 27 مئی (بدھ کو) منائے جانے کا امکان ہے۔ سپارکو ترجمان کے مطابق نیا چاند 17 مئی 2026 کو رات 1 بج کر 1 منٹ پر پیدا ہونے کا امکان ہے جبکہ اسی روز شام کے وقت چاند کی عمر تقریباً 18 گھنٹے 30 منٹ متوقع ہے۔ سپارکو کے مطابق پاکستان کے ساحلی علاقوں میں غروب آفتاب اور غروب ماہتاب کے درمیان تقریباً 60 منٹ کا وقفہ ہوگا، جس کے باعث صاف موسم اور بہتر حد نگاہ کی صورت میں چاند نظر آنے کے امکانات روشن ہیں۔ فلکیاتی اعداد و شمار کی بنیاد پر سپارکو نے امکان ظاہر کیا ہے کہ یکم ذوالحج 1447 ہجری 18 مئی 2026 بروز پیر کو ہوگی، جبکہ عیدالاضحیٰ 27 مئی 2026 بروز بدھ منائے جانے کی توقع ہے۔ یہ بھی پڑھیں کفایت شعاری مہم، ایندھن کی بچت کیلئے فیڈ پابندیوں میں توسیع سپارکو نے واضح کیا ہے کہ یہ تمام اندازے فلکیاتی حسابات پر مبنی ہیں، جبکہ ذوالحج کے چاند کی رویت سے متعلق حتمی اعلان مرکزی رویت ہلال کمیٹی کرے گی، کمیٹی ملک بھر (بقیہ 40 اندرونی صفحہ 2پر)

جیل سپرنٹنڈنٹ کا بشریٰ بی بی سے فیملی و ذاتی معالج کی ملاقات سے انکار

اسلام آباد (بی این ایم) راولپنڈی کی اڈیالہ جیل کے سپرنٹنڈنٹ نے سابق وزیر اعظم عمران خان کی اہلیہ بشریٰ بی بی سے ان کی فیملی اور ذاتی معالج کی ملاقات کروانے سے انکار کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد ہائیکورٹ کے جسٹس ارباب محمد طاہر نے بشریٰ بی بی کی بیٹی مبشرہ مانیکا کی درخواست پر سماعت کی، سماعت کے دوران جیل سپرنٹنڈنٹ، قیدیوں کے (بقیہ اندرونی صفحہ 2پر)

سبی، معرکہ حق بنیان المرصوص کے ایک سال مکمل ہونے پر پاک فوج کو خراج تحسین

پاکستان مرکزی مسلم لیگ کے زیر اہتمام پروقار تقریب، ملکی سلامتی اور شہداء کے لیے خصوصی دعائیں

سبی (یو این اے) معرکہ حق بنیان المرصوص کو ایک سال مکمل ہونے پر پاک فوج کو خراج تحسین پیش کرنے کے لیے پاکستان مرکزی مسلم لیگ کے زیر اہتمام میونسپل کمیٹی سبی ہال میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب کی صدارت ضلعی صدر امان اللہ شاہ کبیری نے کی جبکہ تقریب کے مہمان خصوصی پاکستان مرکزی مسلم لیگ کے صوبائی صدر عقیل احمد انصاری تھے۔ تقریب میں یوتھ کے صوبائی صدر محمد طارق، ڈویژنل صدر عبداللہ، ضلعی سینئر نائب صدر طارق شاہ کبیری، نائب صدر محمد حنیف بارو، پاکستان پیپلز پارٹی سبی کے ضلعی صدر حاجی غلام رسول سیلاچی، میونسپل ایمپلائز یونین سبی کے صدر سید اسماعیل شاہ، علاقائی معتبر شخصیت میر اللہ (بقیہ اندرونی صفحہ 2پر)

انسداد زنا بالجبر تفتیش و سماعت مقدمہ ترمیمی بل 2025 قومی اسمبلی میں منظور

اسلام آباد (بی این ایم) انسداد زنا بالجبر تفتیش و سماعت مقدمہ ترمیمی بل 2025 قومی اسمبلی میں منظور کر لیا گیا۔ بل رکن قومی اسمبلی نوشین افتخار نے پیش کیا، جس میں انسداد زنا بالجبر ایکٹ 2021 میں ترامیم کی گئی ہیں۔ ایکٹ میں ان خصوصی عدالت کو عدالت برائے اطفال سے تبدیل کر دیا جائے گا۔ ترمیمی بل میں بتایا گیا کہ بچے کے ساتھ سنگین زیادتی پر پولیس (بقیہ 20 اندرونی صفحہ 2پر)

گورنر خیبر پختونخوا کی لکی مروت کے علاقے سرائے نورنگ بازار میں دھماکے کی مذمت

دکھ کی اس گھڑی میں شہداء کے لواحقین کے غم میں برابر کے شریک ہیں، فیصل کریم کنڈی

پشاور (یو این اے) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے لکی مروت کے علاقے سرائے نورنگ بازار میں دھماکے کی مذمت کرتے ہوئے بے گناہ افراد کی موت پر دلی رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ گورنر ہاؤس پشاور ترجمان کے مطابق گورنر خیبر پختونخوا نے دھماکہ میں جاں بحق ہونے والوں کے خاندانوں سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا۔ گورنر خیبر پختونخوا نے کہا ہے کہ دکھ کی اس گھڑی میں شہدا کے لواحقین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ زخمیوں کی جلد صحتیابی کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ صوبہ بھر بالخصوص جنوبی اضلاع میں دہشتگردی کے بڑھتے واقعات انتہائی تشویشناک ہیں۔ گورنر نے کہا ہے (بقیہ 19 اندرونی صفحہ 2پر)

سینیٹر روبینہ خالد کی لکی مروت سرائے نارنگ بازار دھماکے کی مذمت

اسلام آباد (یو این اے) چیئرپرسن بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد نے لکی مروت سرائے نارنگ بازار دھماکے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ سرائے نارنگ دھماکے میں 2 پولیس اہلکاروں سمیت 7 افراد کی شہادت پر دلی افسوس ہے شہداء کے لواحقین کے غم میں برابر کے شریک ہیں سرائے نارنگ دھماکے میں 2 پولیس اہلکاروں سمیت 7 افراد کی شہادت پر دلی افسوس ہے، شہداء کے لواحقین کے غم میں برابر کے شریک ہیں سینیٹر روبینہ خالد نے کہا کہ دہشتگردی کے بزدلانہ واقعات قوم کے حوصلے پست نہیں کر سکتے، انہوں نے کہا کہ معصوم شہریوں اور پولیس اہلکاروں کو نشانہ بنانا سنگین دہشتگردی ہے، دہشتگرد انسانیت اور امن کے دشمن ہیں۔ روبینہ خالد نے کہا کہ وہ زخمیوں کی جلد صحتیابی کیلئے دعا گو ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگردی کے خاتمے کیلئے پوری قوم اور سیکیورٹی ادارے متحد ہیں اور شہداء کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی۔

ٹرمپ آج چین پہنچیں گے، امریکی فضائیہ کے کارگو طیارے بیجنگ پہنچ گئے

ایلون مسک کو اور ٹم کک کو بھی ٹرمپ کے ہمراہ دورہ چین میں شرکت کی دعوت

واشنگٹن (اے این این) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ آج (بدھ) چین کے دورے پر پہنچیں گے، امریکی صدر کے دورہ چین کا شیڈول جاری کر دیا گیا ہے۔ ترجمان وائٹ ہاؤس کے مطابق صدر ٹرمپ کے اعزاز میں کل (جمعرات) کو شب عشائیہ دیا جائے گا، امریکا چین مشترکہ تجارتی سرمایہ کاری بورڈ پر کام کریں گے ترجمان وائٹ ہاؤس کا مزید کہنا ہے کہ چین اور امریکا کے درمیان ایرو سپیس اور توانائی کے شعبوں پر بات ہوگی۔ دوسری جانب امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے دورہ چین سے قبل امریکی فضائیہ کے C-17 گلوب ماسٹر III طیارے بیجنگ کیپٹل انٹرنیشنل ایئرپورٹ پہنچ گئے۔ امریکی میڈیا رپورٹ کے مطابق یہ بڑے (بقیہ اندرونی صفحہ 2پر)

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری کا لکی مروت دھماکے میں جانی نقصان پر افسوس کا اظہار

اسلام آباد (یو این اے) وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے لکی مروت کے علاقے سرائے نورنگ بازار میں ہونے والے افسوسناک دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے معصوم شہریوں کی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے ایک مذمتی بیان میں انہوں نے (بقیہ 22 اندرونی صفحہ 2پر)

مکہ مکرمہ، حج 2026 کی تیاریاں مکمل

رائل کمیشن اور میڈیا اتھارٹی کا عالمی صحافیوں کے لیے جمرات، مشاعر مقدسہ اور ام القریٰ یونیورسٹی کا خصوصی دورہ

مکہ مکرمہ (یو این اے) حج 2026 کے عظیم الشان اجتماع سے قبل سعودی عرب کی حکومت نے دنیا بھر کے میڈیا نمائندوں کو حج انتظامات اور مقامات مقدسہ کی روحانی و تاریخی اہمیت سے آگاہ کرنے کے لیے خصوصی میڈیا ٹور کا اہتمام کیا۔ رائل کمیشن برائے مکہ سٹی و مشاعر مقدسہ اور جنرل اتھارٹی فار میڈیا ریگولیشن کے اشتراک سے منعقدہ اس دورے میں پاکستان سمیت مختلف مسلم ممالک کے صحافیوں نے جمرات، میدان عرفات، مزدلفہ اور ام القریٰ یونیورسٹی کا مشاہدہ کیا۔ وفد نے منیٰ میں جمرات پل کا معائنہ کیا، جہاں لاکھوں حجاج کی محفوظ رمی کے لیے 5 منزلہ جدید ڈھانچہ فعال ہے، یہ پل فی گھنٹہ 3 سے 5 لاکھ حجاج کی (بقیہ 21 اندرونی صفحہ 2پر)

کوئٹہ: گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے پیپلز پارٹی کی مرکزی رہنما ڈاکٹر اسماء ملاقات کر رہے ہیں

چیئرمین سینیٹ کی بنوں دہشت گرد حملے کی شدید مذمت

اس قسم کی بزدلانہ کارروائیاں دہشت گردی کے خلاف قوم کے عزم کو کمزور نہیں کر سکتیں، گیلانی

اسلام آباد (بی این ایم) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے ضلع بنوں کے فتح خیل پولیس اسٹیشن پر ہونے والے دہشت گرد حملے کی شدید مذمت کی ہے، جس کے نتیجے میں پولیس اہلکار شہید ہوئے۔ جاری بیان کے مطابق چیئرمین سینیٹ نے دوران ڈیوٹی جام شہادت نوش کرنے والے بہادر پولیس اہلکاروں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے (بقیہ اندرونی صفحہ 2پر)

سپریم کورٹ میں پی ٹی آئی سوشل میڈیا ایکٹیویسٹ حیدر سعید کی ضمانت منظور

اسلام آباد (اے این این) سپریم کورٹ نے پی ٹی آئی سوشل میڈیا ایکٹیوسٹ حیدر سعید کی ضمانت منظور کر لی۔ جسٹس شہزاد احمد ملک اور جسٹس عقیل عباسی پر مشتمل دو رکنی بینچ نے کیس کی سماعت کی۔ ملزم کے وکیل علی بخاری نے موقف اپنایا کہ ایف آئی اے نے (بقیہ 23 اندرونی صفحہ 2پر)

ایران کیخلاف جنگ مقدس مشن ہے، امریکا کو دنیا کی طاقتور ترین فوج بنانا ہے، پیٹ ہیگستھ

امریکہ کے پاس ایران جنگ سے بحفاظت نکلنے اور فوجی اثاثوں کی منتقلی کا مکمل منصوبہ تیار ہے، وزیر دفاع

واشنگٹن (اے این این) امریکی وزیر دفاع پیٹ ہیگستھ آج کانگریس کی دفاعی ذیلی کمیٹی میں پیش ہوئے اور صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے 1.5 ٹریلین ڈالر کے دفاعی بجٹ کا بھرپور دفاع کیا۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق امریکی وزیر دفاع پیٹ ہیگستھ نے جواز پیش کیا کہ صدر ٹرمپ کی دفاعی بجٹ کے لیے 1.5 ٹریلین ڈالر (بقیہ 24 اندرونی صفحہ 2پر)

میڈیا ورکرز کے حقوق پر سمجھوتہ نہیں ہوگا، وفاقی وزیر اطلاعات

میڈیا ورکرز کے حقوق کا تحفظ اولین ترجیح ہے، برطرف ملازمین کو ریلیف فراہم کر دیا

اسلام آباد (بی این ایم) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ سے منگل کو یہاں سٹو نیوز کے سی ای او نے ملاقات کی۔ ملاقات میں میڈیا ورکرز کے حقوق، ٹی وی چینل کو درپیش مسائل اور برطرف کئے گئے ملازمین کے معاملے پر تفصیلی تبادلہ خیال ہوا۔ وزیر اعظم کے میڈیا کوآرڈینیٹر بدر شہباز وڑائچ اور پرنسپل انفارمیشن آفیسر مبشر حسن بھی ملاقات میں موجود تھے۔ ملاقات میں سٹو نیوز سے 114 ملازمین کو برطرف کرنے کے معاملے پر تفصیلی گفتگو ہوئی اور برطرف ملازمین کے واجبات فوری طور پر ادا کرنے پر اتفاق ہوا۔ ملاقات میں ملازمین کی تنخواہوں میں مزید کٹوتی نہ کرنے اور مزید ملازمین کو برطرف نہ کرنے جبکہ (بقیہ 41 اندرونی صفحہ 2پر)

سانحہ 12 مئی کو 19 سال گزر گئے، متاثرین تاحال انصاف کے منتظر

کراچی (اے این این) کراچی کی تاریخ کا سیاہ دن سانحہ 12 مئی کو 19 سال گزر گئے تقریباً دو دہائیوں کے باوجود متاثرین آج بھی انصاف کے منتظر ہیں۔ سانحہ بارہ مئی پر سیاسی تصادم، قتل و غارت گری اور بدامنی کا یہ واقعہ آج بھی پاکستان کی عدالتی اور سیاسی تاریخ کے سیاہ ترین باب میں شمار کیا جاتا ہے۔ 12 مئی 2007 کو اس وقت کے معزول (بقیہ اندرونی صفحہ 2پر)

پٹرولیم قیمتوں میں اضافہ، پی ٹی آئی ایم این اے اقبال آفریدی کی سائیکل پر پارلیمنٹ آمد

پٹرول کی بڑھتی قیمتوں نے عام آدمی کی زندگی مشکل بنا دی، موجودہ حکومت کو عوام کی مشکلات کا کوئی احساس نہیں، اقبال آفریدی

اسلام آباد (اے این این) ملک میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافے کے بعد پی ٹی آئی کے رکن قومی اسمبلی اقبال آفریدی احتجاجاً سائیکل پر پارلیمنٹ ہاؤس پہنچ گئے۔ ایم این اے اقبال آفریدی کا سائیکل پر پارلیمنٹ ہاؤس پہنچنے پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہنا تھا کہ پٹرول کی بڑھتی ہوئی قیمتوں نے عام آدمی کی زندگی کو مشکل بنا دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت کو عوام کی مشکلات کا کوئی احساس نہیں، حکومت صرف اپنا شارٹ فال پورا کرنے کے لیے عوام پر بوجھ ڈال رہی ہے۔ اقبال آفریدی نے حکومت کو شدید تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ پٹرول، بجلی، گیس اور اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں میں اضافہ عوام کے (بقیہ اندرونی صفحہ 2پر)

وزیر تجارت سے ترکمانستان کے سفیر کی ملاقات، باہمی تعاون بڑھانے بارے تبادلہ خیال

اسلام آباد (بی این ایم) وفاقی وزیر برائے تجارت جام کمال خان سے ترکمانستان کے سفیر عطاجان موولاموف نے ملاقات کی اور مختلف شعبوں میں باہمی تعاون بڑھانے بارے تبادلہ خیال کیا۔ منگل کو منعقد ہونے والی ملاقات میں وفاقی وزیر تجارت اور (بقیہ 26 اندرونی صفحہ 2پر)

بلاول بھٹو زرداری 15 مئی کو دو روزہ دورے پر کوئٹہ پہنچیں گے

پیپلز پارٹی بلوچستان کے ناراض رہنماؤں سے ملاقاتیں، مادر بیز لیبر کے لیے چیکس بھی تقسیم کیے جائیں گے

کوئٹہ (یو این اے) بلاول بھٹو زرداری 15 مئی کو دو روزہ دورے پر کوئٹہ پہنچیں گے جہاں وہ پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے تنظیمی، سیاسی اور اندرونی معاملات پر اہم ملاقاتیں اور مشاورت کریں گے۔ پارٹی ذرائع کے مطابق بلاول بھٹو زرداری اپنے دورہ کوئٹہ کے دوران پیپلز پارٹی بلوچستان کے ناراض رہنماؤں، کارکنان اور اراکین سے ملاقاتیں کریں گے اور ان کے تحفظات، شکایات اور سیاسی اختلافات کو بھی براہ راست سنیں گے ذرائع نے یو این اے کو بتایا ہے کہ بلاول بھٹو زرداری کوئٹہ میں دو روزہ خصوصی میٹنگ لگائیں گے جس میں پارٹی (بقیہ 25 اندرونی صفحہ 2پر)